بعون صناع مکین و مکان و فضل خالق زمین و آسمان

کامل عیار

ترجمہ

معیار الاشعار

مطبع منشی نولکشور لکھنؤ میں بطبع مقبول جہان ہوا

اطلاع - اس مطبع مین ہر علم و فن کی کتب کا ذخیرہ سلسلہ وار فروخت کے لیے موجود ہے جسکی فہرست مطول ہر ایک شائق کو چھاپہ خانہ سے مل سکتی ہے جسکے معائنہ و ملاحظہ سے شائقان اصلی حالات کتب کے معلوم فرما سکتے ہین قیمت بھی ارزان ہے اس کتاب کے ٹائٹل پیج کے تین صفحہ جو سادے ہین اُنمین بعض کتب عروض و قافیہ وغیرہ اُردو و فارسی کی درج کرتے ہین تاکہ جس فن کی یہ کتاب ہے اُس فن کی اور بھی کتب موجودہ کارخانہ سے قدردانون کو آگاہی کا ذریعہ حاصل ہو

نام کتاب	قیمت
کتب عروض و قافیہ اردو	
معیار البلاغۃ - علوم معنی و بیان و عروض و قافیہ و اقسام نظم و نثر مصنفہ منشی دیبی پرشاد متخلص بہ سحر -	۴ر
مطلع خورشید - خاص در فن قافیہ از مولوی [illegible]	۱ر۹
گنج شائگان - قافیہ مین مصنفہ منشی حبیب الدین -	۶ پائی
ترجمہ اُردو حدائق البلاغت - از مولوی امام بخش -	۸ر
بحر العروض مع نقشہ زحافات -	۱ر۹
کتب عروض و قافیہ فارسی	
عروض سیفی - معروف درسی -	۱ر۲
میزان الافکار شرح معیار الاشعار از مولانا مفتی سعد اللہ	۷ر
شجرۃ العروض - از منشی مظفر علی خان سیر استاد معروف -	۲ر۹

نام کتاب	قیمت
مجموعہ رسائل عروض با قافیہ مصنفہ مولانا مفتی محمد سعد اللہ مطبوعہ مطبع نظامی	۲ر۶
کتب کلیات و دواوین اردو	
کلیات ظفر - از حضرت سراج الدین ظفر بادشاہ ہر چہار جلد کامل دو جلد مین -	عہ
انتخاب کلیات ظفر -	۱ر
کلیات مومن - از استاد سخن مومن خان دہلوی -	۹ر۹
دیوان ناسخ - از استاد شیخ امام بخش ناسخ لکھنوی -	۱۲ر۹
کلیات آتش - از استاد خواجہ حیدر علی آتش لکھنوی -	۸ر
کلیات نعتیہ مجید از مولوی عبد المجید خان	عہ
کلیات نظام - از نواب مردان علیخان بہادر مرحوم	۱۰ر۹
کلیات امیر اللہ تسلیم شاگرد حضرت نسیم دہلوی -	۱۲ر

بعون صانع مکین و مکان و فضل خلاق زمین و آسمان

کامل عیار

ترجمہ

معیار الاشعار

مطبع منشی نولکشور لکھنؤ میں بطبع مزین و مقبول چھپا ہوا

بسم اللہ الرحمن الرحیم

بعد حمد و سپاس خدا ے عزوجل و نعت حضرت محمد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ و آلہ نبی مرسل و منقبت شیر خدا علی مرتضی علیہ التحیۃ و الثنا و محمدت ایمۂ ہدیٰ ارا کین شریعت غرا کہتا ہے فقیر حقیر سید مظفر علی اسیر کہ در بنولا اکثر دوستان صادق الولا اور آشنایان با صدق و صفا فقیر خانے مین جمع ہوئے اور بیشتر تذکرہ اشعار اُردو اور ابیات فارسی کا اور مسائل علم عروض اور قوافی کا بایکدیگر رہا چنانچہ صحیفۂ رشیقہ اعنی کتاب معیار الاشعار تصنیف عالم کامل فخر اماجد و اماثل رئیس الحکما اسناد الکملا محقق طوسی علیہ الرحمۃ کہ اسی صناعت مین ہے اور اُسپر بعضے کملاے اصحاب فطنت و براعت نے اعنی مولوی سعد اللہ صاحب نے حاشیہ لکھا ہے اور انصاف کو بالاے طاق رکھ کر جا بجا اعتراض کیے ہین اور شرح شیخ مہدی علی زکی مشتہر بہ ملک الشعرا کی بھی ہے بارہا صحبت مین پڑھا گیا بعضے مطالب زیادہ حاشیہ اور شرح سے ذہن مین آئے اور معلوم ہوا کہ بعض مقامات کتاب کے صحت سے بھی رہگئے ہین لہذا بہ تکلیف بعض احباب اور بمفاد و کان حقا علینا نصر المؤمنین احقر العباد نے مطالب نو و کہن عبارت اُردو مین بطریق ترجمہ لکھے اور نام اسکا زر کامل عیار در ترجمہ معیار الاشعار رکھا

اور کہین کہین عبارت حاشیہ وشرح بھی بعینہ لکھدی اسلیے کہ دریافت کرنا اُس کا مبتدیون کو سہل ہوا اور جس جس مقام مین عبارت متن پیچیدہ اور حاشیہ وشرح مین بسبب عدم فہم کے خلاف واقع ہو گیا ہے مبتدیون پر حال اسکا منکشف ہوجاے طرز تحریر یہ ہے کہ میم اشارہ عبارت متن کا اور تے عبارت اپنے ترجمے سے اور ت نشان عبارت حاشیہ کا اور شین علامت شرح کی وباللہ التوفیق

م الحمد للہ حمد الشاکرین والصلواۃ علی محمد سید المرسلین وآلہ الطاہرین ت سب تعریفین ثابت ہین واسطے خدا تعالے کے تعریفین شکر کرنے والون کی اور درود کا ملہ نازل ہو اوپر محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے جو سردار انبیاے مرسل کے ہین اور اوپر اُنکی اولاد کے جو طاہر ہین معلوم ہو کہ حمد الشاکرین مفعول مطلق ہے اور منصوب اور حمد مین مقابلہ نعمت کا ضرور نہین ہے اور شکر مین مقابلہ نعمت کا ضرور ہے پس جو حمد کہ بمقابلہ نعمت ہے البتہ افضل حمد ہے انسان نعمت آلہی سے کسی وقت خالی نہین علی الخصوص وقت تالیف کہ قوت تالیف بھی عمدہ نعمت آلہی ہے حمد ستودن اور ستایش اور صلوۃ دعا اور رحمت اور آمرزش اور آل بالمد فرزندان تینون لغت منتخب سے م اما بعد این مختصری ست در علم عروض وقوافی شعر تازی وفارسی کہ بالتماس بعضے دوستان مرتب کردہ شد و آنرا معیار الاشعار نام نہادہ آمد ت یہ ایک رسالہ مختصر علم عروض اور علم قوافی شعر عربی وفارسی مین ہے کہ بالتماس بعضے دوستون کے مرتب کیا گیا اور نام اُسکا معیار الاشعار رکھا عروض بالفتح نام ایک علم کا کہ میزان شعر موزون اور ناموزون ہے منتخب سے اور عروض کرسول بمعنی معروض اور صلہ اُس کا محذوف یعنے معروض علیہ کسو اسطے کہ اشعار کو اُس پر عرض کرتی ہین کہ موزون ناموزون سے جدا ہو کذا فی القاموس اور وجوہ تسمیۂ عروض رسالہ سیفی وغیرہ رسالہاے عروض مین بکثرت لکھے ہین مگر بہتر سب سے یہی ہے جسکا ذکر ہوا اور قوافی جمع قافیہ اور قافیہ بمعنی از پی روندہ ہے اور اُسکو قفو سے لیا ہے بمعنی از پی رفتن چونکہ بیشتر یہ قافیہ پیچھے باقی الفاظ یا پیچھے اکثر باقی الفاظ کے واقع ہوتا ہے گویا پیچھے اُنکے جاتا ہے لہذا قافیہ نام رکھا اور اصطلاح مین عبارت ہے اُس سب سے جو تکرار پاے الفاظ متشابہۃ الاواخر مین یا ایک لفظ متغایر المعانی مین اواخر مصاریع یا ابیات کذا فی الغیاث از رسالہ عطاہی ودیگر رسائل قافیہ اور معیار بالکسر پیمانہ واندازہ وچاشنی گرفتن زر وسیم وآلہ راست گرفتن ترازو منتخب اور کشف سے م واین مختصر مشتمل بر مقدمہ ودو فن ست

مقدمہ در بیان ماہیت شعر و ذکر صناعتی کہ شعر را بدان تعلق باشد و آن سہ فصل ست **فصل اول** در حد شعر و تحقیق آن ت اور اس مختصر مین ایک مقدمہ اور دو فن ہین مقدمہ بیان ماہیت شعر مین اور ذکر صنائع مین کہ شعر سے تعلق رکھتے ہین اسمین تین فصلین ہین فصل اول تعریف اور تحقیق شعر مین مقدمہ بالضم میم و کسر دال مشدد پیش رونده ہے یا وہ مطلب جو پیشتر کہا جاے واسطے آسانی مطالب آیندہ کے کذا فی المدار و المؤید و المنتخب و الغیاث اور ماہیت بکسر ہا و تشدید تحتانی بمعنی حقیقت شئی مستعمل ہے اور یہ مصدر جعلی ہے تراشیدہ اہل منطق اور اہل حکمت کا اور معنی لفظی ماہیت کے چہ بیت این شدن ہین مرکب ما موصولہ اور لفظ ہی سے بکسر ہا اور فتح یا ضمیر مونث واحد اور یا مشدد علامت جعل ہے اور تا مصدری مگر یا لفظ ہی بجہت اجتماع یاات حذف ہوئی ہے کذا فی الغیاث اور صناعت بکسر اول پیشہ اور کام اور اصطلاح مین اطلاق اسکا علم پر شائع ہے کذا فی الصراح و المنتخب و الکشف اور حد بفتح و تشدید دال حائل میان دو چیز اور نہایت اور کنارہ ایک چیز کا اور اصطلاح منطق مین تعریف شئی بذاتیات جیسے کہ تعریف انسان کی بحیوان ناطق بخلاف رسم کے کہ وہ تعریف ہے بعرضیات جیسے کہ تعریف انسان کی بماشی ضاحک غیاث سے ہم شعر نزد منطقیان کلام مخیل موزون باشد و در عرف جمہور کلام موزون مقفیٰ ات شعر نزدیک منطقیون کے کلام مخیل معتدل ہے اور عرف جمہور مین یعنی نزدیک شعرا کے کلام موزون بوزن عروضی اور مقفیٰ ہے کلام سخن گفتن و سخن منتخب سے اور مخیل خیال کردہ شدہ جس سے تخیل ہو مقفیٰ وہ کلام جو قافیہ رکھتا ہو اور معنی ان لفظون کے آیندہ متن مین مفصل مرقوم ہین اس جگہ صاحب حاشیہ نے یہ شبہہ کیا ہے ح قولہ مخیل موزون باید دانست کہ وزن نزد منطقیان از امور مقصودہ بالذات نیست آرے از امور مقصودہ بالعرض ست کہ معین و مفید نحوی از تخئیل باشد کہ مقصود بالذات ست و ازینجا ست کہ شیخ در منطق الشفا آوردہ لا نظر للمنطقی فی شئی من ذلک الا فی کونہ کلاما مخیلا و در جاے دیگر گفتہ انما ینظر المنطقی فی الشعر من حیث ہو مخیل و لہذا بعضی قدما وزن را داخل حد شعر نکردہ اند چنانکہ محقق خود در اساس الاقتباس میگوید بعضی قدما کلام مخیل را شعر گفتہ اند اگرچہ وزن حقیقی نداشتہ باشد چنانکہ بعضی اشعار رہمچنان ست و در دیگر لغات قدیم مانند عبری و سریانی و فرس ہم وزن حقیقی اعتبار نکردہ اند و اعتبار وزن حقیقی اول عرب را بودہ و دیگر امم متابعت ایشان کردہ اند و نظر خاص است بہ تخئیل و وزن را ازان جہت اعتبار کنند کہ بوجہی اقتضای تخئیل کند و صناعت منطق باحث بالذات

از تخییل شعر است در باعرض از دیگر احوال تم کلامہ اور صاحب شرح نے اُسکا جواب یون لکھا ہے ش

باید دانست کہ شعر جزوی از اجزای منطق است زیرا کہ قیاس را از علم منطق بر پنج نوع قسمت کردہ اند و شعر ہم جزوی از ہمان اجزای پنجگانہ است و این بجہت مناسبت تخییل ست تم کلامہ پس کیفیت جواب کی ظاہر ہے

اس وجہ سے کہ یہ عبارت خارج از بحث ہے اور اعتراض سے بالکل تعلق نہین رکھتی بہرکیف فقیر نے

اس باب مین رقعہ مولوی عبد الرزاق صاحب کی خدمت مین لکھا اور مولوی صاحب موصوف نے جواب

اُسکا یون لکھ بھیجا کہ فی الواقع شعر در اصطلاح منطقین کلام مخیل کہ باعث انبساط نفس یا انقباض باشد

ہست پس مراد از لفظ موزون عرف عام یعنی دلچسپ گرفتہ نہ متعارف صرفیان و عروضیان پس این شبہہ

شبہہ محض است و بس اور جناب سید علی محمد صاحب خلف الرشید جناب قبلہ و کعبہ مجتہد العصر و الزمان ادام اللہ فیوضہم

نے اس جگہ یہ عبارت تحریر فرمائی ہے کہ کبھی اطلاق تخییل کا اُس مقام پر ہوتا ہے کہ ایک شئے انسان کے

خیال مین گذری چنانچہ یہ معنی لغوی ہین اور کبھی تخییل سے یہ مراد ہوتی ہے کہ اثر کرے سخن نفس مین

از روے انقباض یا انبساط کے چنانچہ یہ معنی اصطلاحی ہین اور وزن کے معنی لغت مین معتدل کے بھی

آئے ہین چنانچہ کتاب مجمع البحرین مین تفسیر آیہ وافی ہدایہ واثبتنا فیہا من کل شئی موزون) لکھے ہین اور عرف عام

مین کہتے ہین قد موزون اور بنا بر اصطلاح جمہور شعرا کے ایک ہیأت ہے کہ نظام حرکات و سکنات وغیرہ

کے چنانچہ انشاء اللہ تعالے معلوم ہوگا جب یہ مہید ہوا پس معلوم ہو کہ یہ شبہہ جب ہوتا ہے کہ تخییل اور

وزن کے معنی اصطلاحی ہون اور اگر تخییل سے مراد معنی لغوی ہون اور موزون سے مراد معتدل اور معنی

تمام عبارت کے یہ کہین کہ شعر بنا بر اہل منطق کے کلام مخیل یعنے خیال کردہ شدہ اور معتدل ہے جس مین

تطویل یا احمال مضر بفہم مطالب نہ ہین اور یہ کلام البتہ اثر کریگا نفس مین یہ انقباض یا یہ انبساط یا یہ کہ

تخییل سے معنی اصطلاحی ہون مگر تجرید کرین اُس سے معانی کو بعد ازان اُس لفظ کو ذکر کرین کہ وہ دلالت کرے

آن معنون پر چنانچہ (ولقشعر منہ جلود الذین) الایہ مین تجرید کی ہے پس بنا بر این اعتراض مذکور مرفوع اور

شبہہ مسطور مدفوع ہے (فقال العل لعل اللہ یحدث بعد ذلک امرا) اور فقیر کے ذہن مین یہ آتا ہے

کہ اس تکلف اور تاویل کی حاجت نہین شعر کے واسطے وزن ضرور ہے اور یہی وزن فارق ہے درمیان

نثر اور نظم کے ورنہ کلام مخیل دونون مین چنانچہ حق تعالی فرماتا ہے (ما علمناہ الشعر) یعنے نیاموختیم پیغمبر

صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم را شعر شک نہین کہ کلام خدا مین بھی شعر سے مراد کلام موزون ہے اور منطقی کو

غرض اور بحث قضایای تخلیہ سی ہی نظم ہو خواہ نثر مگر تعریف نظم اور نثر کی اُس کے نزدیک بھی علاحدہ ہے
نثر فقط کلام مخیل ہے اور نظم کلام مخیل موزون جو اہل عروض کے نزدیک ہے مگر بحث وزن سے کام اہل عروض کا
ہے نہ کام اہل منطق کا جیسا کہ مثلاً نغمہ جب ذکر اسکا علم فقہ مین ہوگا فقیہ کو غرض اور بحث اُسکے حلال اور
حرام مین ہوگی مگر جب تعریف نغمہ کی فقیہ سے پوچھیے وہی تعریف نغمے کی کریگا جو اہل موسیقی نے کی ہے
اگرچہ اُسکو غرض اور بحث اُس سے نہین ہے وہ کام اہل موسیقی کا ہے پس محقق علیہ الرحمہ تعریف شعر مین
فرماتے ہین کہ شعر نزد منطقیان مخیل موزون ہے غرض اور بحث منطق بیان نہین کرتے اور شک نہین کہ اگر
قید موزون کی نہو نثر بھی نظم مین داخل ہو جائے کہ کوئی کلام تخییل سے خالی نہین نظم ہو خواہ نثر اور حال
اہل منطق کا اس باب مین یہ ہے کہ متقدمین اُنمین دو فرقے ہین بعضون نے فقط کلام مخیل کو شعر کہا ہے
اور اُنکو اپنے مطلب سے مطلب ہے اور فرقہ ثانی نے وزن کو معتبر جانا ہے تا فارق ہو درمیان نثر اور
نظم کے چنانچہ یہ دعوے ہمارا عبارت معترض سے کہ لہذا بعضے قدما وزن را داخل حد شعر نکردہ اند اور عبارت
اساس الاقتباس سے کہ بعضے قدما کلام مخیل را شعر گفتہ اند اگرچہ وزن حقیقی نداشتہ باشد صاف پیدا ہے
کسواسطے کہ جب کہا بعض قدما نے اعتبار نہین کیا لازم آیا کہ بعض دیگر نے اعتبار کیا ہے اور متاخرین
اہل منطق کا یہ حال ہے کہ کل اُنکے وزن کو اعتبار کرتے ہین بلکہ قافیے کو بھی چنانچہ عبارت شرح
تجرید کی یہ ہے متن والشعر من الصناعات وہو عند القدماء کلام مخیل وعند المحدثین کلام موزون متساوی الارکان
(علوم سے ہے ۱۲) (متاخرین ۱۲) (انقباض ۱۲)
المقفی انتہی شرح الشعر صناعۃ من الصناعات وہو عند القدماء کل کلام مخیل یقتضی للنفس بسطاً او قبضاً اما المحدثون
(خوشی ۱۲)
فالشعر عندہم کل کلام موزون متساوی الارکان مقفًا دوسری جگہہ شرح مذکور مین یون لکھا ہے والشعر التام یحاکی
(کامل ۱۲) (حکایت کند ۱۲)
بالکلام المخیل وبالوزن وبالنغمۃ المناسبتہ ان قارنتہا والکلام یحاکی اما بالالفاظ او بالمعانی اوبہما اور وزن
(وہ وزن سامعی سرایند ۱۲) (اگر نزدیک شوند آن شعر ۱۲)
کی بھی کئی صورتین ہین وزن صرفی اور وزن موسیقی اور وزن عروضی اور سوا اسکے اعتدال بھی ایک وزن ہے
چنانچہ عبارت شرح تجرید کی یہ ہے وانا فی الامم القدیمۃ من الیونانیین والعبرانیین والسریانیین فلم
ینقلوا عن قدمائہم شعراً موزوناً بہذہ الاوزان العروضیۃ بل باوزان ہے یا نثر اشبہ وقوافیہا غیر متفقۃ
(نقل کرتے ہین ۱۲)
اس سے ثابت ہوتا ہے کہ وہ قدما جنکے نزدیک شعر فقط کلام مخیل ہے وہ بھی اعتدال کو داخل حد
جانتے ہین وہ بھی ایک وزن ہے پس ان دلیلون سے نزدیک متامل کے پیدا ہے کہ شعر کو وزن سے
چارہ نہین اور اہل منطق بھی اُسکو داخل حد جانتے ہین ہرچند غرض اور بحث اُنکو تخییل سے ہے پس

قول محقق صحیح ٹھہرا فقال هم اما کلام الفاظی باشد مولف از حروف که بحسب وضع بر معنی مقصود دال باشد
و شعر بی الفاظ تصور نتوان کرد و اگر کسی به تکلف فعلی غیر ملفوظ را مانند حرکتی از دست یا چشم مثلاً جزوے
از اجزای شعر گرداند حکم آن فعل حکم الفاظ باشد از ان جهت که مشتمل باشد بر حدوث صوتی یا خیال صوتی
دال بر مرادی ش پس کلام الفاظ ہین مولف حروف سے کہ بحسب وضع معنی مقصودہ پر دال ہون اور
شعر بے الفاظ نہین ہو سکتا اور اگر کوئی بہ تکلف ایک فعل غیر ملفوظ کو مثل حرکت دست یا حرکت چشم کے
ایک جزو اجزا سے شعر سے مقرر کرے تو اسکا حکم لفظ کا ہے کہ حدوث صوت یا خیال صوت اسمین
ایک مراد پر شامل ہے پس کلام کے معنی لغوی سابق لکھے گئے اور اصطلاح اہل نحو مین لفظ ہے
متضمن دو کلمہ یعنی مرکب دو اسم سے یا فعل سے اور اسم سے کہ نسبت ایک کی دوسرے سے ہو
اسطرح کہ فائدہ تام دے جیسے زید قایم اور قام زید منتخب اور غیاث سے اور مراد حروف سے حرف تہجی
ہین اور مثال فعل غیر ملفوظ کی جسکو حکم لفظ مین کہا ہے یہ ہے مثلاً کہے کوئی یہ مصرع ع مردی
از خانہ برون آمد و گفتا ۞ اور اشارہ آنکھ سے کرے معنی اسکے یہ ہوئے کہ بیا یا ہاتھ ہاتھ پر مارے
معنے اسکے یہہ ہوئے کہ بزن پس یہہ حدوث صوت یعنی ہاتھ پر ہاتھ مارنا اور یہہ خیال صوت یعنی
آنکھ سے اشارہ کرنا چونکہ دال ایک مراد پر ہے حکم لفظ مین ہے مگر یہہ بھی تکلف سے خالی نہین
حاشیہ کا مطلب اسی قبیل سے ہے مگر شارح نے اسکو خلاف ٹھہرایا ہے عبارت اسکی یہہ ہے ش
مطلب متن از فهم صاحب میزان رو گرفته و بر زعم مصنف براه دور از معانی رفته
کماهی باید دانست که مراد مصنف اینست که آن حرکت دست یا چشم مثلاً بجهت اشتمال بر حدوث صوت
یا خیال صوت که دال بود بر مرادی در حکم لفظ باشد اما بحرکت دست حدوث صوت چنانکه درین مصرع
ع مردی بدر خانه ما زد دستک پس لفظ دستک ذکر نسازند و دست بر دست زده مفهوم مراد گیرند
و خیال صوت بحرکت دست یعنی آوازی پیدا نباشد چنانکه درین مصرع ع که مرا با تو هیچ کار نماند ۞ دست را
دو بار حرکت دهند که لفظ برو برو از ان مراد بود اما بحرکت چشم حدوث صوت راست نیاید پس خیال
صوت می شاید چنانکه درین مصرع ع گفتم که بجانم نگری گفت ۞ یعنی از لفظ گفت اشاره بحرکت چشم
نماید که لفظ بچشم به خیال در آید و دلالت این حرکات بر مدلولات وضعی غیر لفظی باشد و این همه از تکلف
خالی نباشد چنانچہ مصنف بھی اشارہ بان نمودہ تم کلام ظاہر ہے کہ حاصل دونون عبارتون کا ایک ہی

معلوم ہوتا ہے یا مطلب شارح کا کچھ اور تھا مگر بیان درست نہو سکا بہرکیف یہ مقام چندان دقت طلب نہین ہے ھم وہمچنین الفاظ مہمل یعنی را اگرچہ مستجمع وزن و قافیہ باشد از قبیل شعر نشمرند ت یہ فقرہ عطف ہے اس قول پر کہ شعر بی الفاظ تصور نتوان کرد یعنی جیسے شعر بے الفاظ نہین ہوتا اسی طرح الفاظ مہمل یعنی کو اگرچہ موزون اور مقفے ہون قبیل شعر سے نہین گنتے مہمل لغت مین بضم اول اور میم ثانی مفتوح فروگذاشتہ شدہ اور متروک اور بیکار مدار اور کشف اور غیاث سے اور اصطلاح مین جو کلام کہ معنے نرکھتا ہو ایک تذکرے مین لکھا ہے کہ کسی امیر نے کسی شاعر سے کہا کہ دو چار شعر ایسے کہو کہ فقط الفاظ جمع ہون اور معنی اُنکے کچھ نہون تا سامع اشتباہ مین پڑے بن اُس بزرگ نے اتباعًا للامر فی البدیہہ تین شعر کہے ایک اونمین سے یہ ہے ۵ روزی کہ در بدخشان نخ بیر خیار بند دہ فالودہ دمشقی خلخال مار گردد پس ایسے کلام بیمعنے کو شعر نکہنا چاہیے ھم و حکم ہذیانات اہل جحون و ہزل کہ بر الفاظ مہمل مشتمل باشند و در نظم ایراد کنند حکم الفاظ معنی دار باشد ازان جہت کہ مراد ایشان بسبب قصد ایشان ازان الفاظ حاصل آید پس کلام شعر باد غیر شعر را بجاے جنس ست ت اور حکم بیہودہ گویون اہل جحون اور اہل ہزل یعنی بیباکون اور گستاخون کا کہ مشتمل بالفاظ مہمل ہون اور نظم مین وارد کرین حکم الفاظ معنے دار کا ہے اس جہت سے کہ مراد اُنکی موافق اُنکے قصد کے اُن الفاظ سے حاصل ہے پس کلام شعر اور غیر شعر کو بجاے جنس ہے ہذیان لغت مین بفتحتین اور ذال معجمہ سخن بیہودہ کہنا بیہوشی مرض مین کذا فی المنتخب و الصراح و الغیاث اور جحون لغت مین بالضم کالدخول یعنی بیباکی پس اگرچہ ہذیان کلام بیہوشی اور ہزل سخن بیہودہ ہے عمدًا الا اصطلاح مین ہزل اور ہذیان دونون کلام مسخرگی کو کہتے ہین جیسا کہ کلام جعفر زٹلی کا کہ مشہور ہے اور اشعار میر انشاء اللہ خان کے ہجو مولوی فائق مین شعر چہ خوش گفت فائق شاعر غرّا ٭ کہ چون فاہن من ذہن رسا نباشد ٭ بمقام شعر چہ ضرورت افتد ٭ تشدید صحیح چرا نباشد ٭ نقل اسکی زبانی مولوی فائق کے یون ہے کہ مین نے ایک شعر کئی وزنون مین کہا تھا اُس مین لفظ یہ مشدد تھا میر انشاء اللہ خان نے اعتراض کیا اور مرزا قتیل بھی اس مین شریک اُنکے ہوے مین نے سند قاموس وغیرہ کتب لغت سے لکھ بھیجی انشاء اللہ خان نے خفیف ہوکر چند شعر میری ہجو مین کہے مین نے بھی ایک رسالہ اُن دونون کی ہجو مین لکھا کہ جواب ترکی بہ ترکی شعر آخر اسکا یہ ہے شعر چون این رسالہ واقع دخل دو شاعر ست ٭ زین جنگ نام او شدہ یک گزدو فاختہ

صاحب میزان نے بھی شعر انشاء اللہ خان کا لکھا ہے مگر ایک مصرع کہین کا اور ایک مصرع کہین کا
آ دم بہ سر مطلب فرمایا محقق علیہ الرحمہ نے کہ کلام شعر اور غیر شعر کو یعنی نظم و نثر کو بجاے جنس ہے یعنی
معنے جنس کے صادق ہین مگر جنس حقیقی نکھا چاہیے اسواسطے کہ مرکب مین دریافت کرنا معنے جنس کا
عسیر اور دقیق ہے چنانچہ کتاب سلم العلوم مین موید اسکے یہ عبارت ہے لاکن فی المرکب تحصیل
معنی الجنس عسیر دقیق وفی البسیط تنقیح المادۃ مستعسر و مشکل فان ابہام المعین وتعیین المبہم عظیم انتہی لہذا
علیہ الرحمہ نے احتیاطاً کلام کو بجاے جنس کہا قال ح قولہ بجاے جنس یعنی جا بیکہ آنجا جنس مذکور
شاید پس مراد ازان عین جنس ہست ھم اما تخییل تاثیر سخن باشد در نفس بر وجہی از وجوہ مانند بسیط یا قبض
و شبہہ نیست کہ غرض از شعر تخییل ہست تا حصول آن در نفس مبدء صدور فعلی شود از و مانند اقدام بر کارے
یا امتناع ازان یا مبدء حدوث ہیاتی شود درو مانند رضا یا سخط یا نوعی از لذت کہ مطلوب باشد الا آنکہ
تخییل را حکماے یونان از اسباب ماہیت شعر شمردہ اند و شعراے عرب و عجم از اسباب جودت او
می شمرند پس بقول یونانیان از فصول شعر باشد و بقول این جماعت از اغراض و بثابت غایتہا ست
لیکن تخییل تاثیر کرنا سخن کا ہے نفس مین کسی وجہ سے مانند بسط کے یا قبض کے کہ دل خوش ہو جاے
یا رنجیدہ جاے اور شک نہین ہے کہ غرض شعر سے بھی تاثیر سخن ہی تا حاصل ہونا اسکا نفس مین منشار صدور ایک فعل کا
ہو مثل اقدام کے ایک کام پر یا امتناع کے اس سے یا مبدء پیدا ہونے ایک ماہیت کا ہو نفس مین مانند رضا کے
یا ناخوشی کے یا کسیطرح کی لذت کہ مطلوب ہو مگر اس تخییل کو حکماے یونان اسباب ماہیت شعر سے کہتے ہین اور شعراے عرب
اور عجم اسباب حسن شعر سے سمجھتے ہین پس بقول یونانیان یہ تخییل فصول شعر سے ہوا اور بقول شعرا بمنزلہ غرض اور غایت
شعر سے پس معنی تخییل کے لغت سے قبل ازین لکھے گئے اور بسط بالفتح بمعنی فراخی صراح سے اور بمعنی گستردن غیاث سے
اور مراد اس سے انبساط نفس ہے اور قبض بفتح اول اور سکون ثانی گرفتن اور گرفتگی غیاث سے اور مراد اس سے
انقباض نفس ہے اور مبدء بفتح صیغہ اسم ظرف ثلاثی مجرد سے جگہ آغاز کرنے اور آشکارا کرنے کی
اور بضم اور دال مہملہ مکسورہ اور بعد اسکے ہمزہ صیغہ اسم فاعل کا باب افعال سے آغاز
کرنے والا اور پیدا کرنے والا اور بضم اور دال مہملہ مفتوحہ صیغہ اسم ظرف کا باب افعال سے
جگہ آغاز اور آشکارا کرنے کی کذا فی الغیاث اور اقدام بکسرہ پیشیروی کرنا کسی کام مین غیاث سے اور
ہیات بروزن عبرت بنانا اور شکل اور صورت کشف اور غیاث سے اور رضا بالکسر خوشنودی اور

بفتح خوشنود ہونا کشف اور صراح اور موئد سے اور صاحب منتخب نے دونون لفظ بالفتح لکھے ہین غیاث سے اور سخط بالفتحتین اور خار معجمہ خشم اور غضب مدار اور موئد سے اور منتخب مین بالضم اور بالفتحتین ہے اور صراح مین بضم اور بفتح اور سکون ثانی اور جودت بفتح نیکی اور نیک ہونا اور خوبی ہر چیز کی منتخب اور کشف اور شرح نصاب اور غیاث سے اور فصل بالفتح جدا کرنا اور جدا ہونا اور اصطلاح منطق مین وہ چیز کہ تمیز دے ایک شے کو مشارکات ذاتیہ سے اور واقع ہو جواب ای شی ہو فی ذاتہ مین جیسے کہ لفظ ناطق تمیز دیتا ہے انسان کو اور حیوانون سے کہ شریک اسکے ہین جواتیت مین غیاث سے مثال اسکی جو نفس مین انبساط پیدا کرے مصرع شراب سرخ چون یاقوت سیال مثال اسکی جو نفس مین انقباض پیدا کرے مصرع عسل تلخ و طبوع چون نگس تا مثال اسکی جو نفس مین منشا اقدام کار کا ہو سعدی کہتا ہے بیت خواہی کہ خدای بر تو بخشد ⁂ با خلق خدای کن نکوئی ⁂ یا اشعار رجز وقت جنگ نظامی کہتا ہے بیت ترا چہ سنجیل فولادخای ⁂ کہ پشت پیلان کشم پیلپای ⁂ درم پہلوی پہلوانان بہ تیغ ⁂ خورم گردہ گردنان بید ریغ ⁂ مثال اسکی جو نفس مین باعث امتناع کار کا ہو سعدی کہتا ہے بیت الا تا نخواہی بلا بر حسود ⁂ کہ آن بخت برگشتہ خود در بلاست ⁂ چہ حاجت کہ با وی کنی دشمنی ⁂ کہ وی را چنین دشمن اندر قفاست ⁂ مثال اسکی جو نفس مین مبدء رضا ہو سعدی کہتا ہے بیت زشکم آید چو کسے سیر نگہہ در تو کند ⁂ باز گویم کہ کسے سیر نخواہد بودن ⁂ یا اشعار مدح جیسا کہ ناصر علی نے مدح ذوالفقار خان مین ایک مطلع پڑہا وہ ایسا خوش ہوا کہ لاکھ روپے صلہ مین دیئے مطلع ای شان حیدری ز جبین تو آشکار ⁂ نام تو در نبرد کند کار ذوالفقار ⁂ مثال اسکی جو نفس مین باعث سخط ہو سعدی کہتا ہے بیت بہ تیشہ کس نخراشد ز روی خارا گل ⁂ چنانچہ بانگ درشت تو میخراشد دل ⁂ یا اشعار ہجو کہ باعث سخط ہین اسکو کہ جسکی ہجو ہے جیسے یہ بیت تا میر آفتاب شعرا خواند روزگار ⁂ خورشید سر برہنہ برآمد زکوہسار ⁂ مثال اسکی کہ جس سے نفس کو لذت حاصل ہو اور لذتین بہت سی ہین ازانجملہ ذکر عیش و نشاط کا حافظ کہتا ہے بیت ساقیا برخیز و درده جام را ⁂ خاک بر سر کن غم ایام را ⁂ هم واما وزن ہیئاتی ست تابع نظام ترتیب حرکات و سکنات و تناسب آن در عدد و مقدار کہ نفس از ادراک آن ہیئات لذتی مخصوص یابد کہ آنرا درین موضع ذوق خوانند بیت واما وزن ایک شکل ہے تابع نظام ترتیب حرکات اور سکنات کی

(margin:) ذوق خوانند

اور اُسکے مناسبت کے عدد مین اور مقدار مین کہ نفس اُسکے دریافت کرنے سے ایک لذت تحصیل
پاتا ہے کہ اُسکو اس جگہہ ذوق کہتے ہین پس مناسبت عددی یہ ہے کہ مثلاً حروف اور حرکات
اور سکنات دونون مصرعون مین برابر ہون اگرچہ حرکات مختلف ہون اور کہین ایک ساکن اور
کہین دو ساکن ہون اور مناسبت مقدار کی یہ ہے کہ مثلاً عروض مین فعلن ہو اور ضرب مین فعلان
یا عروض مین فعلن ہو اور ضرب مین فعلتن یہہ مناسبت سے خارج نہین جب وقت اپنے حرکات اور سکنات مناسب
کمیت اور کیفیت مین واقع ہونگی اُسنے ایک شکل پیدا ہوگی کہ اُسکا نام وزن ہے اور اُس وزن
کے ادراک سے نفس جو لذت اُٹھائے گا اُسکو ذوق کہین گے ہم و موضوع آن حرکات و
سکنات اگر حروف باشد آنرا شعر خوانند والا آنرا ایقاع خوانند چنانکہ فطرت نفس را در ادراک آن ہیأت
مدخلی عظیم ست و باین سبب بعضی مردم در ہریکے از شعر یا ایقاع بحسب فطرت صاحب ذوق باشند
و بعضی نباشند و از صنف دوم بعضی را امکان تحصیل آن باشد باکتساب و بعضی را نبود و عادت را ہم
دران باب مدخلی تمام است و باین سبب اوزان اشعار و ایقاعات مستعمل بحسب اختلاف امم مختلف است
اور محل عرض اُن حرکات اور سکنات کا اگر حروف ہون اُسکو شعر کہتے ہین اور اگر سوا حروف کے
یعنی اصوات مزامیر وغیرہ ہون اُنکو ایقاع کہتے ہین اور فطرت نفس کو اُسکے ادراک مین دخل تمام
ہے اسی سبب سے بعضے آدمی بحسب فطرت شعر یا ایقاع مین صاحب ذوق ہوتے ہین اور بعضے
نہین ہوتے اور قسم دوم سے یعنی جو صاحب ذوق نہین ہوتے اُنہین سے بعضون کو امکان تحصیل
باکتساب ہے اور بعضون کو امکان تحصیل باکتساب بھی نہین ہے اور عادت کو بھی اس مین دخل تمام
ہے اور اسی باعث سے اوزان شعر اور ایقاعات مستعملہ موافق اختلاف امم کے مختلف ہین مثلاً اکثر
اوزان عرب مین مستعمل اور خوشنما ہین عجم مین مستعمل اور خوشنما نہین اور بیشتر اوزان عجم مین مستعمل اور خوشنما ہین
عرب مین متروک ہین ایقاع لغت مین واقع کرنا اور جنگ مین ڈالنا ہے منتخب سے اور اصطلاح موسیقی
مین تال اور اہل کلام کے نزدیک مطلق صوت حرفی ہو یا غیر حرفی مگر محقق علیہ الرحمہ کو اس جگہ
بیان وزن شعر منظور ہے نہ تعریف ایقاع لہذا وزن کو منقسم کیا طرف شعر اور ایقاع یعنی تال کے
ہم و وزن اگرچہ از اسباب تخییل ست و ہر موزون بوجہے از وجوہ مخیل باشد و اگرچہ نہ ہر مخیلی موزون
باشد اما اعتبار تخییل دیگر ست و اعتبار وزن دیگر و نیز اعتبار وزن ازان جہت کہ وزن ست دیگر ست

وازان جہت کہ اقتضای تخییل کند دیگرست اور وزن اگرچہ اسباب تخییل سے ہے کسواسطے کہ وزن
سے بھی ایک ذوق جدید طبیعت کو حاصل ہوتا ہے اور ہر موزون کسی وجہ سے مخیل ہے یعنی ہر کلام
موزون رضا اور سخط وغیرہ تاثیرات سے خالی نہین اگرچہ ہر مخیل موزون نہین ہے کسواسطے کہ تخییل نثر
بھی حاصل ہے مگر اعتبار تخییل کا اور ہے کہ وہ تابع تاثیر سخن ہے نفس مین اور اعتبار وزن کا اور ہے
کہ یہہ تابع نظام ترتیب حرکات وسکنات ہے اور اعتبار وزن کا اس جہت سے کہ وزن ہی اور ہے
اور اس جہت سے کہ اقتضائے تخییل کرتا ہے اور ہے کہ بوجہ وزن اُسکو موزون کہتے ہین اور بوجہ تخییل
کلام مخیل پس وزن خاص اور تخییل عام ہے کہ کوئی کلام موزون تخییل سے خالی نہین اور کلام مخیل نثر بھی
ہے م و باتفاق وزن از فصول ذاتی شعرست الا آنکہ ہیاتہا باشد کہ تناسب آن تام نباشد و نزدیک
باشد بتام مانند اوزان خسروانیہا و بعضی لاسکویہا و شاید کہ بعضی امم آنرا بسبب مشابہت از اوزان
شعر شمرند و بعضے بسبب عدم تناسب حقیقی نشمرند پس ازین جہت در اعتبار وزن باشد کہ خلاف افتد
ت اور باتفاق حکما اور شعرا کے وزن فصول ذاتی شعر سے ہے یعنی شعر کو تمیز دیتا ہے اور جدا کرتا
ہے نثر سے مگر اُس وزن کی صورتین ہین کہ مناسبت اُسکی تام نہوا اور نزدیک ہو ساتھ مناسبت
تام کے مانند اوزان خسروانی اور بعضے اوزان آواز لاسکوی کے اور کبھی بعضے لوگ اُسکو بسبب مشابہت
کے اوزان شعر سے جانتے ہین اور بعضے بسبب عدم تناسب حقیقی کے وزن شعر سے نہین جانتے
پس اس جہت سے کبھی اعتبار وزن مین اختلاف پڑتا ہے پس لاسکوی بفتح سین و کاف و کسرہ واؤ
اور یاے معروف نام ایک چھوٹے جانور کا ہے کہ خوش آواز ہوتا ہے جہانگیری سے اور برہان سے اور
خسروانی ایک لحن ہے مصنفات باربد مطرب سے کہ نثر مسجع ہے مدح خسرو پرویز مین جہانگیری سے
اور برہان قاطع سے سق خسروانی عبارت ازان ست کہ نقیبان پیش سلاطین سرایند و لاسکوی
منسوب باشد بلاسکو نام شخصے کہ از قوم تُرک رندانہ وضعے بود کہ تصنیف ہاے جاہلانہ میکرد و بنام موجد آن
طرح شہرت یافت اکنون گفتہ ہر کہ باشد آنرا لاسکوی خوانند الی آخرہ تم کلامہ ظاہرا بہ معنے ایجادی ہین کہ
جہانگیری اور برہان وغیرہ کتب لغت مین پاے نہین جاتے م و اما قافیہ تشابہ اواخر ادوار باشد و مراد
از تشابہ اینجا اتحاد حروف خاتمہ ست با اختلاف کلمات مقاطع یا آنچہ در حکم مقاطع باشد در لفظ یا
در معنی ست و اما قافیہ تشابہ اواخر مصاریع کا ہے اور مراد تشابہ سے متحد ہونا حروف خاتمہ کا یعنی روی

مصرع ۱۲

وغیرہ کا ساتھ اختلاف کلمات آخر کے یا وہ کلمے کہ جو حکم آخر مین ہون لفظ مین یا معنی مین پس کلمات آخر
وہ قافیے ہین کہ جنکے بعد ردیف نہو اور حکم کلمات آخر مین وہ قافیے ہین کہ جنکے بعد ردیف ہو یا قافیہ بعد
قافیے کے ہو جیسے یہ بیت ساقیا ازان بادہ منصورم ، در رگ و در ریشہ من صورم پس اگر بعد قافیے
کے تمام بیت ردیف ہو وہ بھی حکم آخر مین داخل ہے جیسے یہ بیت نور بہر بتان نثار کردم ، سر
بہر بتان نثار کردم ، جاننا چاہیئے کہ یہ تین صورتین ہین لایق قافیہ ہونے کے ایک قافیہ کار کا ساتھ
مار کے کہ اسمین اتحاد حروف خاتمہ ہے ساتھ اختلاف کلمات کے لفظاً اور معنًا دوسرا قافیہ زبان کا
ساتھ لسان کے اسمین اتحاد حروف خاتمہ ہے ساتھ اختلاف کلمات کے لفظاً نہ معنًا تیسرا قافیہ
چشم کا بمعنی آنکھ کے ساتھ چشم کے بمعنی امید کے اسمین اتحاد حروف خاتمہ ہے ساتھ اختلاف کلمات
کے معنًا نہ لفظاً ح تحت عبارت تشابہ اوا وار نوشتہ کہ این قول باعتبار اکثر است چہ گاہی ہمہ بیت جز
قافیہ و ردیف نباشد فافہم م و مراد از دور با درینجا یا مصراعہا ست کہ قافیہ دران اعتبار کنند چنانکہ
در مثنوی یا بیت ہای تام چنانکہ در قطعہ ہا و قصیدہ ہا ت اور مراد دور سے یہان وہ مصرع ہین جنمین
قافیہ ہو جیسے مثنوی مین یا ابیات تام جیسے قطعون اور قصیدون مین یعنی اشعار مثنوی اور مطلعہا ے
قصیدہ اور غزل مین کہ دونون مصرعون مین قافیہ ہوتا ہے اونکو دور کہتے ہین اور باقی ابیات قصیدہ
اور غزل اور قطعہ مین کہ مصاریع آخر محل قافیہ ہین وہ دور ہین حقیقتاً اور تمام بیت کو یعنی دونون مصرعونکو
بسبب شمول قافیے کے مجازاً دور کہتے ہین م و باشد کہ ہم در بعضی مصراعہا و ہم در بیتہا اعتبار کنند
چنانکہ در رباعیات و امثالہا ت اور کبھی بعضے مصرعون مین اور بیتون مین اعتبار کرتے ہین جیسا کہ
رباعیون مین اور ان کے مانند مین پس اور ان میم جمع ورم بمعنی مستزاد ہے یعنی رباعی مین مصرع اول اور ثانی
ہم قافیہ ہے اور بیت اخیر مثال رباعی کی سلیم کہتا ہے رباعی بستہ جہان زبس ز تابش ہوا ، شد
موجۂ آب ہمچو موج خارا ، در صفحہ بشکل نقطہ گردید الف ، از بسکہ شدہ غنچہ ز تاب سرما ، اور مستزاد مین
بھی قافیہ معتبر ہوتا ہے جیسے ابن حسام کہتا ہے بیت آن کیست کہ تقریر کند حال گدارا ، در حضرت
شاہی ، در غلغل بلبل چہ خبر باد صبا را جز نالہ و آہی م و باشد کہ در دور ہا کہ اجزای یک بیت باشد اعتبار
کنند مانند مسمطات چہار خانہ و غیر آن ت اور کبھی دورون مین کہ اجزا ایک بیت کے ہوتے ہین
اعتبار کرتے ہین مانند مسمطات چہار خانہ وغیرہ کے پس مسمط چہار خانہ وہ بیت ہے کہ جس مین چار قافیے

ہون تین قافیے جداگانہ اور چوتھا موافق قوافی قصیدہ خواہ غزل کے مثال سعدی کہتا ہے ؎
من ماندہ ام مہجور از و * درماندہ ورنجور از و * گویا کہ نیشتی دور از و * در استخوانم میرود * اور کبھی
چار قافیون سے زیادہ بھی ہوتے ہین مثال بیت چہ باری شوخ پرکاری نگاری خاطر آزارے *
بہاری حسن گلزاری وفتنہ فتانی ع درتحت عبارت معیار آن نوشتہ پنج خانہ وشش خانہ یعنی
مخمس ومسدس فافہم ھ واگر درغیر شعر اعتبار کنند آن را سجع خوانند وباشد کہ آنجا اتحاد حروف خاتمہ
اعتبار نکنند وبرتقارب آن در مخارج اقتصار نمایند ت اور اگر غیر شعر یعنی نثر مین اعتبار قافیہ کرین
او سکو سجع کہتے ہین اور کبھی نثر مین اتحاد حروف خاتمہ اعتبار نہین کرتے ہین حروف قریب المخرج پر
اقتصار کرتے ہین پس سجع لغت مین بالفتح بمعنی آواز طیور خوش آواز ہے مثل بلبل اور قمری کے
اور اصطلاح مین برابر ہونا دو لفظ اور آخر فقرتین کا اور سجع تین قسم پر ہے اول متوازی او سمین حرف روی
اور وزن اور عدد مین برابری چاہئے جیسے گل اور مل اور بہار اور قرار اور صبوری اور دوری اور مہجوری
اور مخموری اور نظر اور شکر دوسرا مطرف بہ تشدید را او سمین موافقت دو لفظون کی بحرف روی چاہئے
اور وزن اور عدد حروف مختلف جیسے وقار اور اطوار اور مال اور مثال اور بود اور وجود سوم متوازن
او سمین موافقت دو لفظون کی وزن اور عدد حروف مین چاہئے اور روی مختلف جیسے اعمار اور ارزاق
اور مراتب اور مراسم اور تحریر اور تسوید یہ قسم مرغوب نہین ہے پس اطلاق لفظ قافیہ کا نظم مین کرتے
ہین اور نثر مین او سکو سجع کہتے ہین غیاث اللغات اور اقتصار لغت مین بالکسر وصاد مہملہ کوتاہی کرنا
اور ایک چیز پر ٹھہرنا منتخب سے اور اصطلاح اہل معنی مین کلام کثیر اللفظ اور قلیل المعنی کرنا اور قول محقق
علیہ الرحمہ کا قریب المخرج پر اکتفا کرتے ہین جیسے یہ فقرہ کَن سَبُعاً خَالِساً وَذِیباً خَالِساً او کلباً حارساً
وَلَا تَکُن اِنسَاناً نَاقِصاً یہان روی قریب المخرج ہے معنی یہ ہین کہ ہو درندہ قاہر یا گرگ
ربایندہ یا سگ نگہبان اور نہ ہو آدمی ناقص ھ ودریک دور اعتبار قافیہ ممکن نباشد الا بعد تقدیر
دوری دیگر باآن ت اور ایک مصرع اور فرد مین اعتبار قافیے کا ممکن نہین الا بعد فرض کرنے
مصرع یا فرد دوم کے یعنی جب تک دو دور ہونگے قافیہ معتبر ہوگا ھ وچنین گویند کہ در اشعار یونانیان
قافیہ معتبر نبودہ ست وحشوئی بزبان فارسی کتابی جمع کردہ ست مشتمل بر اشعار غیر مقفی وآن را
یونہ نامہ نام نہادہ ت اور ایسا کہتے ہین کہ یونانیون کے اشعار مین قافیہ لازم اور ضروری

نہ تھا اور حشوی شاعر نے زبان فارسی مین ایک کتاب جمع کی ہے کہ اوس مین اشعار غیر مقفی ہین
اور اوسکا یوسف نامہ نام رکھا ہے ھم پس ازین بحث معلوم می شود کہ اعتبار قافیہ از فصول ذاتی شعر
نیست بلکہ از لوازم اوست بحسب اصطلاح اما از فصول ذاتی بعضی انواع شعر است مانند قصیدہ و قطعہ
و مانند آن ت پس ان بحثون سے معلوم ہوا کہ اعتبار قافیے کا فصول ذاتی شعر سے نہین ہے بلکہ
اوسکے لوازم سے ہے حسب اصطلاح اما فصول ذاتی بعضے انواع شعر سے ہے مانند قصیدہ اور قطعہ
کے اور جو مثل قصیدے اور قطعے کے ہے جیسے غزل اور مثنوی اور رباعی اور لوازم جمع لازم کی
اور لازم وہ ہے کہ ہمیشہ ساتھ ایک چیز کے ہو کذا فی المنتخب اور قطعہ بکسر اول اور سکون ثانی ٹکڑا
ہر چیز کا اور اصطلاح شعرا مین دو بیتین یا زیادہ مطلع ہو یا نہو گویا وہ ایک ٹکڑا غزل سے یا قصیدے
سے بریدہ ہوا ہے مدار اور کشف اور بہار عجم سے اور اس معنی مین بالفتح خطا ہے مگر بعضے فصحاے
متاخرین نے جایز رکھا ہے مطلب عبارت کا یہ ہے کہ قصیدہ اور قطعہ اور غزل اور رباعی اور مثنوی
جسمین دو مصرع یا دو بیتین یا زیادہ ہونگی اونمین قافیہ فصول ذاتی سے ہے اور ایک مصرع یا ایک
فرد اوسمین فصول ذاتی سے نہین بلکہ اوسکو موزون کہین گے اور اعتبار قافیہ نہو گا ھ و حد شعر بحسب
عرف اہل روزگار بموجب این تحقیق کلام موزون باشد و بس و اگر اعتبار قافیہ در حد شعر واجب شمرند
کلام موزون باشد بر وجہی کہ چون قراین زیادت از یکی شود آن قراین مقفی باشد ت اور تعریف
شعر کی بحسب عرف اہل زمانہ بموجب اس تحقیق کے کلام موزون ہے اور بس اور اگر اعتبار قافیہ تعریف
شعر مین واجب جانین کلام موزون ہو اسطرح پر کہ جب مصاریع یا ابیات ایک سے زیادہ ہون وہ
مقفی ہون حاصل یہ کہ کلام موزون مین قافیے کی قید ضرور نہین اور اگر ضرور ہو جیسا کہ شیخ شفا مین کہتا ہے
لا نجد ان نسمی عندنا بالشعر ما لیس بمقفی × اور واجب جانین تو اسطرح جاننا چاہیے کہ مصرع اور فرد مین
ضرور نہین زیادہ مین ضرور ہے م **فصل دوم در اسباب اختلاف اوزان و قوافی**

گرانی ۱۲

در لغات لغت در رزانت و خفت مختلف است چہ تازی مثلاً بقیاس با پارسی بر رزانت و ثقل نزدیکتر

زبان ۱۲ زبان ۱۲ سبکی ۱۲

باشد و پارسی بخفت مایل ترست **فصل** دوسری اسباب اختلاف اوزان و قوافی مین از رو ے لغات کے
زبانین گرانی اور سبکی مین مختلف ہین اسواسطے کہ تازی بہ نسبت فارسی کے گران تر ہے اور فارسی
سبک تر لغت بضم اول و فتح غین معجمہ زبان قوم کو کہتے ہین اور عربی اصطلاح مین وہ الفاظ کہ معانی اونکی مشہور نہون

غیاث اور منتخب سے رزانت بفتح آہستگی اور گرانباری اور آرامیدگی بحر الجواہر اور صراح سے اور کشف اور مدار مین بمعنی استواری غیاث سے ہم و اسباب اختلاف یا ماہیات (ذات ۱۲) حروف باشد و آن چنان بود که حروف مستعمل در بعضی لغات از مخارج دشوار باشد مانند ضاد و ثا و طا در تازی و در بعضی بضد آن ست اور سبب اس اختلاف کا یا ماہیات حروف ہین یعنی عین حروف اوسکی صورت یہہ ہے کہ حروف مستعمل بعضے زبانون مین مخرج سے بدشواری نکلتے ہین مثل ضاد معجمہ اور ثاے مثلثہ اور طا مہملہ کے تازی مین اور بعضی زبانون مین برخلاف اسکے ہے یعنی حروف مخرج سے بآسانی نکلتے ہین جیسے زے اور اوسکے فارسی مین ہم و یا ماہیئت حروف باشد و آن چنان بود که حرکات حروف در بعضی لغات بکمیت پیشتر بود مانند لغت تازی که اکثر مقاطع کلمات دران لغت متحرک باشد و در بیشتر لغات بخلاف آن و یا بہ کیفیت (مقدار ۱۲) تمام تر بود مانند لغت تازی که حرکات حروف در وی تمام باشد بخلاف پارسی که بعضی حرکات در وی مختلس بود مانند حرکت را در لفظ پارسی ست اور یا سبب اختلاف زبانون کا صورت حروف کی ہے (ربوده ۱۲) اوسکی دو صورتین ہین ایک یہہ کہ حرکتین حروف کی بعض لغت مین مقدار مین زیادہ ہوتی ہین مانند لغت تازی کے کہ اکثر اواخر کلمات اوس مین متحرک ہوتے ہین مثل ماضی اور مضارع اور اسماے معرب اور اکثر مبنیات مگر بعضے ساکن الآخر بھی ہوتے ہین مثل امر و نہی کے اور بعض مبنی کے مثل صَہْ کے اور اکثر زبانون مین برخلاف اوسکے ہے یعنی آواخر کلمات ساکن ہوتے ہین مثل فارسی اور ہندی اور ترکی کے اور دوسری صورت یہہ ہے کہ حرکتین حروف کی در بعض لغات بعض لغت کے کیفیت مین زیادہ ہوتی ہین مانند لغت تازی کے کہ حرکتین حروف کی اوسمین تام ہوتی ہین بخلاف فارسی کے بعضی حرکتین اوس مین مختلس ہوتی ہین یعنی غیر تام مانند حرکت حرف را کے لفظ پارسی مین پس اختلاس بمعنی ربودن ہے منتخب سے اور حرکت مختلسہ یعنی حرکت ربوده کہ ایک ثلث حذف کرکے دو ثلث کو تکلم کرین ہم و اوزان ہم در رزانت و خفت مختلف باشد چه بحسب اختلاف و اتفاق اجزای دورہا و چه بحسب کثرت و قلت حرکات در ہر دوری ست اور اوزان بھی ثقالت و خفت مین مختلف ہوتے ہین کبھی بحسب اختلاف و اتفاق ارکان مصاریع کے یعنی وہ بحرین کہ جنکی وضع ارکان مختلف سے ہے بیشتر عربی مین مستعمل ہین مثلاً فعولن مفاعیلن فعولن مفاعیلن بحر سالم طویل اور جنکی وضع ارکان متفق سے ہے بیشتر فارسی مین استعمال اونکا ہے مثلاً فعولن فعولن فعولن فعولن بحر متقارب سالم پس یہہ وزن اوس

اوس وزن کی بہ نسبت البتہ خفیف ہے اور کبھی بحسب کثرت وقلت حرکات کے ہر مصرع مین کہ فعولن
مفاعیلن مین حرکتین زیادہ ہین اور فعولن فعولن مین اوس سے کم م ولامحالہ وزن گران تر بلغتے
مانند آن خاص تر تواند بود مثلاً در تازی کہ حرکات بیشتر استعمال افتد شعر گفتن بر وزنی کہ در اداو آن
وزن حرکات بیشتر باشد آسان تر بود و بر انچہ حرکات کمتر باشد بکلفت تر پس بعضی اوزان مناسب
بعضے لغت باشد دون بعضے بطبع و باین سبب بسیار بحر ہاست کہ خاص شدہ است بہ بعضی لغات
و در لغات دیگر اگر بران شعر گویند در بداہت نظر آنرا موزون نشمرند ت اور لامحالہ وزن ثقیل لغت ثقیل
مین خاص تر ہے مثلاً عربی مین کہ حرکات بیشتر ہوتے ہین شعر کہنا اوس وزن مین کہ اوسکے مصرعون مین
حرکات زیادہ ہین آسان تر ہے اور جس زبان مین کہ حرکات کمتر ہین بکلفت پس بعضے اوزان مناسب
بعضے لغت کے ہین سوا بعض کے طبیعت مین اور اسی سبب سے اکثر بحرین خاص ہین بعضی زبانون مین
اگر اور زبانون مین اوس وزن پر شعر کہین بداہت نظر مین ناموزون معلوم ہون شک نہین کہ اکثر
اوزان عرب مین مانوس اور فارسی مین غیر مانوس ہین ھم وہمین قیاس در قوافی چہ باشد کہ اندک
تشابہی در لغتی گران تر محسوس باشد و در لغتی سبکتر نامحسوس مثلاً ضرب وسلب در تازی قافیہ را
شاید و در پارسی از جہت اختلاف را و لام نشاید ت اور یہی قیاس کیا چاہیے قافیون مین
اسواسطے کہ تھوڑا سا تشابہ بھی لغت گران تر مین یعنی عربی مین محسوس ہوتا ہے اور لغت سبکتر مین
یعنی فارسی مین نامحسوس مثلاً قافیہ ضرب وسلب کا عربی مین چاہیے اور فارسی مین بسبب اختلاف
را اور لام کے بجا ہے کسواسطے کہ اختلاف ردف کا یا وصف قریب المخرج ہونے کے لغت سبکتر
مین یعنی زبان فارسی مین جائز نہین اور اگر کسی نے جائز رکھا ہے داخل عیب ہے ح قولہ اندک
تشابہی یعنی در لغت زرین وگران تشابہ قلیل ہم میان دو لفظ محسوس ومعتبر می شود مثل تناسب
تشابہ میان ضرب وسلب اگر حرف روی را و لام را قرار دہند میتوانند زیرا کہ ہر دو حرف مذکور جہت
قرب مخرج تناسب دارند لیکن تناسب تام وکامل نیست الی آخرہ ش عجب است از صاحب میزان
کہ در قافیہ ضرب وسلب را و لام را روی قرار دادہ زیرا کہ باتفاق جمہور روی حرف آخر اصلی از
کلمہ مقررہ قافیہ میباشد پس اگر لام و را روی باشد بای ضرب وسلب چہ باشد و روی قرار دادن
حروف میانہ لفظ بکدام تقریب تواند شد تم کلامہ اور اس جگہ حق بجانب شارح ہے کہ محقق علیہ الرحمہ نے

رسالہ قافیہ میں جس جگہ بیان روی ہے یہ عبارت لکھی ہے روی حرفی ہست مکرر کہ بنای قافیہ
بروی است و ہر قصیدہ کہ بقافیہ منسوب باشد نسبتش بحرف روی کنند مثلاً قصیدہ را کہ ضرب و طلب
قافیہ باشد بائی خوانندم **فصل سوم در ذکر صناعتہا کہ شعر را بآن تعلق باشد** چون این
قواعد ممہد شد گوئیم اما کلام کہ بجای جنس است بحث از نفس الفاظ آن تعلق بصناعات لغویان دارد
و از معانی آن تعلق بصناعات ارباب معانی از عموم علما **ت** اور جب یہ قاعدے مقرر ہوئے
اب کہتے ہیں ہم کہ کلام جو بجای جنس ہے اوسکی نفس الفاظ سے بحث متعلق بصناعات لغویان ہے یعنی اہل لغت اور اسکو معنی
ہیں معانی کی بحث متعلق بصناعات ارباب معانی ہے یعنی عموم علما میں محقق علیہ الرحمہ نے جو کلام کو بجای جنس لکھا اسکی وجہ
مجملاً پہلے اسکے تحریر ہوئی ہے اور پھر لکھا جاتا ہے کہ فائدہ بجای جنس لکھنے سے یہ ہے کہ جنس کلی ہے اور بحث اوسکی مفہوم سے
ہوتی ہے ذہن میں اور یہان کلام سے مراد الفاظ ہیں اور الفاظ سے بحث امر خارجی ہے پس یہ کلام
لفظی جنس حقیقی نہین بلکہ مفہوم اوسکا جنس حقیقی ہے اور لغت زبان قوم کو کہتے ہیں اور زبان
قوم میں تعلیل و تصریف صرفی اور ترکیب نحوی دونون شامل ہین یعنی شعر مین احتیاج صرف و نحو
دونون کی پڑتی ہے اور معانی کی بحث متعلق بعلم معانی ہے **ح** مناسب آن بود کہ بعدہ میفرمود
و از ہیأت کلماتش من حیث التعلیل والتصریف بعلم صرف و از ترکیب آن بعلم نحو بل در عبارت شیخ
نیز کہ این کلام محقق ترجمہ آنست احتیاج فن نحو مذکور است **ش** ایراد صاحب میزان بحث ذکر نکردن
علم صرف و نحو کہ بر محقق علام است محض بیجا است کما لا یخفی تم کلامہ مگر حقیر نے یہ شبہ صاحب میزان کا
مولوی عبد الرزاق صاحب جامع علوم معقول و منقول کی خدمت میں لکھ بھیجا مولوی صاحب نے
یہ عبارت جواب میں لکھی کہ نزد فقیر در صناعت لغت نحو داخل است زیرا کہ بحث لغویان از ہیئت کلمہ است
و بحث نحو از اعراب است آنہم از ہیئت کلمہ است ہم میتواند شد کہ در صناعت ارباب معانی داخل شود
کہ ہر چند اعراب از ہیئت لفظیت اما استقاضہ معنی از ان می شود فقط آپ کہتے ہیں ہم کہ منشا اس
اعتراض کا یہ ہے کہ اطلاق علم لغت کا علم نحو اور صرف پر نہین ہوتا اور یہ باطل ہے اس سبب سے
کہ اطلاق لغت کا علم صرف اور نحو پر کلام عربیت میں واقع ہے چنانچہ کتاب مختصر المعانی میں یہ عبارت ہے
وانما قال متن اللغۃ یعنی معرفۃ اوضاع المفردات لان اللغۃ اعم من ذلک اور مطول میں یہ عبارت ہے
وانما قال متن اللغۃ یعنی معرفۃ اوضاع المفردات لان اللغۃ قد یطلق علی جمیع اقسام العلوم العربیۃ

انتہی اور یہ عبارت کہ معنی دلالت کرتے ہین مطلوب پر ہم واز تحسینات و تزئینات ہر دو کہ از جملہ عوارض کلام باشد تعلق بصناعات کہ بآن خاص ست ست اور تحسینات اور تزئینات لفظ و معنی کی کہ عوارض کلام سے ہین تعلق اونکا بصناعات خاص ہے کہ محقق علیہ الرحمہ خود بیان فرماتے ہین ہم مانند علم خطابت و علم بیان و علم ترسل و علم محاسن و بدایع سخن کہ آنرا علم صنعت خوانند و علم تعرف معایب و غلطہا سے آن کہ آنرا علم نقد خوانند ست مانند علم خطابت کے اور خطابت ایک علم ہے کہ اوس مین اشخاص معتقد فیہم سے مثل انبیا اور صلحا اور حکما کے بحث کرتے ہین کہ کس آیہ اور کس حدیث اور کس قول کو کون راوی ہین اور جسکے راوی معتبر پاتے ہین اوسکو ترجیح دیتے ہین اور مانند علم بیان کے اور علم بیان ایک علم ہے کہ اوس مین ایراد معنی واحد سے بطریق مختلفہ وضوح دلالت مین بحث کرتے ہین اور غرض احتراز تعقید معنوی سے ہے اور مانند علم ترسل کے اور ترسل ایک علم ہے کہ اوس مین حال کاتب اور مکتوب الیہ سے من حیث الآداب والمناسبات بحث کرتے ہین اور مانند علم محاسن اور بدایع سخن کے اور علم محاسن اور بدایع سخن ایک علم ہے کہ اوس سے طریقے تحسین کلام کے حاصل ہوتے ہین مثل ترصیع اور تجنیس کے کہ اوسکو علم صنعت کہتے ہین اور مانند علم تعرف اور شناخت خلل کلام کہ اوسکو علم نقد کہتے ہین کہ اوس مین سرقات شعر وغیرہ ذکر کرتے ہین غرض یہ کہ شاعر کو ان سب علمون مین دخل چاہیے هم وأما تخییل بحث از آن تعلق بفنی خاص از علم منطق دارد ست وأما تخییل تعلق اوسکا علم منطق سے ہے یعنی جب تک علم منطق سے آگاہی نہو تحقیق تخییل سے نہین ہوسکتی هم وأما وزن بحث از ماہیت آن و از استعمالش در ایقاعات تعلق بفنی خاص دارد از علم موسیقی و از استعمالش در اشعار مطلقا تعلق بموضعی خاص دارد هم از آن فن از علم موسیقی کہ مشتمل باشد بر تفصیل اوزان شعر و اما استعمالش در اشعار بحسب اصطلاح خاص باہل ہر لغتی تعلق بصناعتی مفرد دارد کہ آنرا علم عروض خوانند ست وأما وزن کہ بحث اوسکی ماہیت مین اور اوسکے استعمال مین یعنی حرکات و سکنات مین اور بیچ ایقاعات کے متعلق ایک فن خاص یعنی علم موسیقی سے ہے اور استعمال اوسکا اشعار مین جو زبان ہر تعلق ایک موضع خاص سے رکھتا ہے اوسی فن سے یعنی علم موسیقی کہ مشتمل ہوتا ہے اوزان اشعار پر مطلقا موسیقی مین لکھتے ہین تحقیق بحور بے وزن ہے تحقیق اور استعمال اوسکا اشعار مین بحسب اصطلاح خاص ہر زبان مین متعلق بصنعت مفرد ہے کہ اوسکو علم عروض کہتے ہین جاننا چاہیے کہ عروض ہر لغت کا بوضع علاحدہ

موضوع ہے اور عروض تازی اور فارسی مین بایکدیگر البتہ مناسبت ہے هم واما قافیہ بحث ازان ہم بصناعتے
مفرد تعلق دارد کہ آنرا علم قوافی خوانند **ت** واما قافیہ بحث اوس سے بھی ساتھ صناعت مفرد
یعنی فن علٰحدہ کے تعلق رکھتی ہے کہ اوسکو علم قوافی کہتے ہین هم وابن دو صناعت یعنی علم عروض
وعلم قوافی در لغات مختلف باشد چنانکہ گفتیم بحسب اسباب مذکورہ وابن جملہ تعلق بماہیت شعر
دارد وبعد ازان علم اقسام وانواع شعر وعلم صنعتہا وبدائع کہ در شعر افتد وعلم نقد شعر از جملہ صناعاتی
بود کہ تعلق بعوارض شعر داشتہ باشد وچون این معانی مقرر شد در تقریر علم عروض شروع کنیم
وباللہ التوفیق **ت** اور یہ دو صنعتین یعنی علم عروض اور علم قافیہ زبانون مین مختلف ہین بسبب
اسباب مذکورہ کے یعنی بجہت ثقالت اور خفت کے جیسا کہ بیان اوسکا ہوچکا اور یہ سب یعنی
کلام اور تخییل اور وزن اور قافیہ تعلق ماہیت شعر سے رکھتے ہین اور علم اقسام اور انواع شعر کا
جیسے مثنوی اور غزل اور قصیدہ اور مسمط اور قطعہ اور ترجیع بند اور رباعی اور فرد اور مستزاد وغیرہ
اور علم صنائع اور بدائع کہ شعر مین آتا ہے اور علم نقد شعر یہ سب صنعتین تعلق عوارض شعر
سے رکھتے ہین اور جب یہ معانی مقرر ہوے تو شروع کرتے ہین ہم علم عروض مین **ح** قولہ این
جملہ تعلق بماہیت شعر دارد میگوئیم کہ اگر مراد از جملہ ہمہ علوم سابق الذکر است از لغت وبلاغت
وغیرہا پس این قول صحیح نیست زیرا کہ منجملہ علوم مذکورہ علم محاسن وبدائع سخن وعلم نقد بماہیت شعر
تعلق ندارد بل بعوارض آن کما ہو الظاہر وعجب آنست کہ علم صنائع ونقد را اولاً ہم ذکر ساختہ ومتعلق
بماہیت گفتہ درمن بعد آن ہر دو را متعلق بعوارض نیز قرار دادہ واگر مراد از جملہ علم عروض وقافیہ است
این سخن صحیح است لیکن لغت نیز تعلق بماہیت شعر دارد چہ مادہ شعر ہمین الفاظ واقع می شود ومادہ
ہر چیز داخل دران چیز می باشد مگر آنکہ گویند چون تعلق عروض وقافیہ بماہیت شعر اہم است
از تعلق دیگر لہذا این ہر دو را مبالغۃً بماہیت شعر مخصوص ساختہ تم کلامہ قائل کسقدر مطلب متن
اور مطلب حاشیہ مین مغایرت ہے اور قطع نظر اعتراض کے تہمت بھی شریک ہے محقق علیہ الرحمہ
نے علم صنائع اور نقد کو کہان ماہیت شعر سے کہا ہے م **فن اوّل** در علم عروض وآن
دہ فصل است **فصل اول** در اشارت باجزای اوّلی شعر وآن حروف وحرکات است
در علم ایقاع از صناعت موسیقی مقرر شدہ است کہ حدوث اوزان از نقرات متتابع باشد

و ازسکونات متناسب کہ میان آن نقرات افتدت فن اول علم عروض مین اور وہ دس فصلین
ہین فصل اوّل اشارت اجزای اوّلی شعر مین کہ وہ حروف اور حرکات ہین پس حروف مع حرکات
شعر مین جزو اول ہین اور جزو ثانی جو اون سے مولّف ہوئی ہین یعنی سبب و وتد اور فاصلہ انکا بیان
آگے ہوگا یہان بیان حروف و حرکات کا ہے کہ علم ایقاع مین فن موسیقی سے یہ بات مقرر ہوئی
ہے کہ وزن نقرات متتابع اور سکونات متناسب سے پیدا ہوتے ہین نقرات وہ آوازین ہین کہ
ناخن زدن پے در پے سے پیدا ہون اور سکونات جمع سکون کہ درمیان اون نقرات کے واقع ہون
اور متناسب یعنی زمانہ سکونات کا درمیان مین برابر اور ہم مقدار ہو پس یہہ پے در پے ہونا حرکات کا
اور متناسب ہونا سکنات کا شعر مین وزن ہے اور موسیقی مین ایقاع اور علم ایقاع ایک علم
ہے کہ اُس مین آوازہاے بمعرفتہ الحرکات والسکنات سے بحث کرتے ہین اور موسیقی
نام علم سرود ہے اور یہہ لغت سریانی ہے اور کبھی بحذف چہارم کہ یاے تحتانی ہے استعمال کرتے
ہین اور موسقی کہتے ہین بہار عجم او رمصطلحات سے اور زبان یونانی مین بمعنی لحن ہے
اور ابتدا موسیقی کی حکیم فیثاغورس سے ہے اور بعضے کہتے ہین کہ آواز مرغ ققنس سے کہ
اُسکو موسیقار بھی کہتے ہین حکما نے استخراج کیا ہے کذا فی الغیاث اور نقرات جمع نقرہ
بمعنی ناخن زدن چوب وغیرہ پر کہ اوس سے آواز نکلے اور نقر بالفتح بمعنی انگشتک زدن ہے
منتخب سے ہم و چون خواہند کہ ازان عبارت کنند بازای نقرات حروف متحرکہ ایراد کنند
خاصہ حرفہاے کہ از اطلاق نفس از مخرج آن حرف بعد از حبس تام حادث شود مانند تا
وطا ت جو چاہین کہ اُن نقرات متتابع اور سکونات متناسب سے عبارت کرین بمقابلے
نقرات کے حروف متحرک لائین علی الخصوص وہ حرف کہ اپنے مخرج سے بعد کشش کثیرہ کے
پیدا ہون مثل تے اور طوے کے کہ ان مین تحریک زیادہ ہے اطلاق بکسر اول بمعنی مقابلہ
و برابر کشف اور کنز سے اور ایراد بکسر اول بمعنی فرود آوردن صراح اور منتخب سے اور اطلاق
بالکسر روان کرنا اور رہا کرنا قید سے کنز اور منتخب سے اور نفس بفتحتین دم اور وہ جذب نسیم ہے
راہ بینی سے یا مُنہہ سے واسطے ترویح قلب اور دفع بخار کے اور پھر اُسی راہ سے نکلنا اُسکا
اور یہہ اندر جانا اور باہر آنا دم کا ایک نفس ہے ہم و بازار سکنات حروف ساکن خاصہ حروف

غنہ وانچہ محتمل درازی وکوتاہی زمان سکون تواند بود مثلاً گویند تُن تُن ت اور بمقابلے سکنات کے حروف ساکن لائین علی الخصوص حروف غنہ وغیرہ جنمین احتمال درازی اور کوتاہی زمانہ سکون کا ہوسکتا ہے یعنی زمانہ سکون کو اسمین چاہین درازکرین چاہین کوتاہ مثلاً کہین تُن تُن پس لفظ تُن تُن مین دو نون حرف تا بجاے نقرات اور دو نون نون بجاے سکنات ہین غُنّہ بالضم وتشدید نون آواز بینی غیاث سے اور حرف غُنّہ جو خیشوم سے نکلتے ہین مثل نون اور میم ساکن کے کہ اُن مین احتمال درازی اور کوتاہی زمانہ سکون کا ہے ہم واما در وزن شعر حروف متحرک از ہر جنس کہ باشد بجای نقرات باشد وحروف ساکن بجای سکنات ت واما وزن شعر مین حرف متحرک جسطرح کے ہون مضموم خواہ مفتوح خواہ مکسور بجاے نقرات ہین اور حرف ساکن بجاے سکنات ہم ودر علوم دیگر تقریر کردہ اند کہ حروف در اصل دو نوع است یکی مصوّت ویکی مُصْمَت ومصوّت یا مقصور ست یا ممدود ومقصور حرکات باشد مانند ضمہ وفتحہ وکسرہ وممدود حروف مد کہ اخوات آن حرکات باشد چہ ہر یکے از اشباع یکے ازان حرکات تولد کند وحروف مصمت باقی حروف ست ت اور علوم دیگر مین یون کہا ہے کہ حرف اصل مین دو طرح پر ہین مصوّت اور مُصْمَت اور مصوّت کی بھی دو قسمین ہین مقصور اور ممدود پس مصوّت مقصور حرکات کو کہتے ہین یعنی زبر زیر پیش اور مصوت ممدود حروف مد کو کہتے ہین کہ اخوات اونکے حرکات ہین کسواسطے کہ اشباع ضمہ سے واو اور اشباع فتحہ سے الف اور اشباع کسرہ سے یے پیدا ہوتی ہے اور سوا ان کے سب حرف مصمت ہین پس مصوت بتشدید وکسرہ واو یعنی آواز دہندہ اور ظاہر ہے کہ آواز تلفظ مین حرکات حروف سے پیدا ہوتی ہے اور مصمت بضم میم اور سکون صاد وفتح میم دوم اور تاے فوقانی آگندہ میان خلاف مجوف منتخب اور شرح نصاب اور کنز سے کذا فی الغیاث اور بسبب استحکام اور استقلال کے کہ حروف مصوت سے انمین زیادہ ہے مصمت نام رکھا اور حروف مدہ حروف علت ہین کہ خود ساکن اور حرکت ماقبل موافق ہو جیسے دان اور دین اور دون پس اگر خود متحرک ہون جیسے صوَر اور سیَر جمع صورت اور سیرت کی یا حرکت ماقبل کی موافق نہو جیسے دَور بمعنی گردش اور دَیر بمعنی بتخانہ حروف مد نہونگے اور اخوات جمع اخت مراد مناسبت ہے اسواسطے کہ بھائی بہن مین لامحالہ مناسبت ہوتی ہے اور ان حروف اور ان حرکات مین بھی مناسبت ہے

کہ اُنھین سے پیدا ہوتی ہین باشباع ہم و وا و والف و یا ہر یک باشتراک بر دو حرف افتد
یکے مصوت کہ حروف مد مذکورست و آن حروف جز ساکن نتواند بود و دیگر مصمت کہ ہم متحرک بود و ہم
ساکن اما در واو و یا ظاہرست و اما در الف مصمت را ہمزہ نیز خوانند ست اور واو اور الف اور یا ہر ایک
باشتراک حرکت دو قسم پر ہین ایک مصوت کہ حروف مد ہین اور وہ سوا ساکن کے نہین ہو سکتے
دوسرے مصمت کہ متحرک بھی ہوتے ہین اور ساکن بھی لیکن واو اور یا مین تحریک اور سکون ظاہر ہے
مگر الف مین مشکل پس اس جگہہ الف مصمت کو ہمزہ کہین گے حاصل مطلب یہہ کہ الف اور واو اور یا
دو طرح پر ہین مصوت اور مصمت پس مصوت جسکو ممدودہ کہتے ہین جیسے نور اور دورا اور میرا اور پیر
اور دوارا اور زار یہہ سوا ساکن کے نہین ہوتے اور مصمت وہ بھی دو طرح پر ہین ساکن اور متحرک
پس مصمت ساکن جیسے یوم اور ویل کہ بسبب عدم مناسبت حرکت ماقبل کے غیر مدہ ہین
اور مصمت ساکن ہین اور ماقبل الف ہمیشہ فتحہ ہوتا ہے غیر مدہ ممکن نہین اور مصمت متحرک واو جیسے
وُلد ولدان و دَود دا اور یے جیسے یسر یسار معایش اور الف مین مشکل ہے کہ الف ہمیشہ ساکن ہوتا ہے
پس اگر متحرک ہوگا اُسکو ہمزہ کہین گے الف نہ کہین گے اصل مین اور لغت مین معنی الف کے
یون لکھے ہین کہ الف بفتح اول و بکسر لام بمعنی مرد چوادا ور سخی اور بقول مرد بے زن اور نام ایک
حرف کا حروف تہجی سے اور وہ ایک خط مستقیم ہے کہ درمیان لفظ کے یا آخر لفظ مین ساکن
واقع ہوتا ہے بے ضغطہ زبان اور اگر وہ خط مستقیم ابتدائے لفظ مین متحرک ہو یا درمیان یا آخر لفظ
مین بضغطہ زبان واقع ہو اُسکو ہمزہ کہتے ہین مگر عرف اور محاورہ عربی اور فارسی مین ساکن اور
متحرک دونون کو الف کہتے ہین کذا فی الغیاث ہم و بحرف مصمت تنہا ابتدا نتوان کرد مگر بعد ازانکہ
حرفے مصوت مقارن او شود و مجموع را حرف متحرک خوانند ست اور حرف مصمت سے ابتدا
کلام نہین ہو سکتی اسواسطے کہ ابتدا بسکون محال ہے مگر آنکہ ایک حرف مصوت یعنی حرف مقصور
جسکو حرکت کہتے ہین اُس سے ملے اور مجموع کو یعنی اُس حرف اور حرکت کو حرف متحرک کہتے
ہین ہم پس اگر مصوت مقصور باشد حرف متحرک را یک حرف بیش نشمرند و آنرا مقطع مقصور خوانند
چہ ست پس جو مصمت سے ملے وہ اگر مصوت مقصور ہو یعنی حرکت ہو اس صورت مین حرف متحرک کو
زیادہ ایک حرف سے نگنین گے اور اُسکو مقطع مقصور کہین گے مانند چہ کے یعنی جب مصوت مصمت

سے ملے اُسکی دو صورتین ہین ایک مقصور دوسرا ممدود پس جب مصمت مقصور سے ملے گا
ایک گنا جائے گا جیسے چہ کہ اس مین ایک حرف متحرک ہے اور حرف ہا فقط واسطے اظہار حرکت
کے ہے نہ شمار حرف مین اور جب ممدود سے ملے گا دو حرف ہونگے بیان اوسکا آگے ہے م و اگر
ممدود باشد مقدار فضل ممدود را بر مقصور حرفی ساکن شمرند و مجموع را حرفی متحرک و حرفی ساکن شمرند
و آن را مقطع ممدود خوانند و ہر حرف مصمت کہ از مصوت مجرد باشد ہم ساکن شمرند ت اور اگر ممدود ہو
یعنی حرف مصمت حرف مد سے ملے مقدار فضل ممدود کو ایک حرف ساکن گنتے ہین اور مجموع کو
ایک حرف متحرک اور ایک حرف ساکن کہتے ہین پس حقیقت مین یہ حرف تین ہوئے ایک مصمت
اور ایک مصوت مقصور کہ وہ بجاے ایک حرف متحرک کے ہے تیسرا ساکن جو اشباع سے پیدا ہوا ہے
اور مجموع کو مقطع ممدود کہتے ہین جیسے آ او ای کہ حرف مدہ ہین اور جو حرف مصمت کہ مصوت سے
خالی ہو وہ بھی ساکن ہے کس واسطے کہ حروف بدون حرکات کے پڑہے نہین جاتے م و چون تحقیق
حروف متحرک و ساکن کردہ شد گوئیم کہ در زبان عربی حروف مصمت بست و ہشت است و حروف مصوت
شش ۶ سہ مقصور کہ آنرا حرکات سہ گانہ گویند و از حروف نمی شمرند و سہ ممدود کہ آنرا حروف مد خوانند
ت اور جب تحقیقات حروف متحرک اور حروف ساکن کی ہو چکی تو اب کہتے ہین ہم کہ عربی مین حروف
مصمت اٹھائیس ہین اور حروف مصوت چھہ ہین اُنمین مقصور ضمہ فتحہ کسرہ کہ شمار حرف مین نہین
ہین اور تین ممدود کہ اونکو حروف مد کہتے ہین یعنی الف اور واو اور یا حرکت ماقبل موافق پس اگر
مدہ نہون وہ بھی شامل مصمت ہین اور الف اگر ساکن ہوگا مدہ ہوگا اور اگر متحرک ہوگا اوسکو ہمزہ کہینگے
مگر حرف واحد ہے بحالت سکون مصوت اور بحالت تحریک داخل مصمت نہ خارج اٹھائیس سے جیسا کہ
یعنے الف ساکن ۱۲
صاحب حاشیہ نے گمان کیا ہے ح قولہ بست و ہشت حرف است باید دانست کہ ہمگی حروف ہجا بست و نہ
حرف است لیکن چون مصنف علام درینجا کلام در حروف مصمت ساختہ و الف مصمت نباشد مگر بعد
از انکہ ہمزہ گردد پس الف را از آنہا ساقط ساختہ آرے ہمان ہمزہ را گاہی مجازاً الف گویند و ازین امر
خارج شدن الف از حروف علی الاطلاق لازم نمی آید چہ داخل است در مصوتہ تم کلامہ م و در زبان پارسی
از جملہ حروف بست و ہشتگانہ مصمت ہشت حرف ساقط باشد و آن ثا و حا و صاد و ضاد و طا و ظا و عین
و قاف است و پنج حرف مصمت دیگر درین لغت زیادت شود و آن پا و چیم و ژا و قا و گاف است ت

اور پارسی مین ان اٹھائیس حروف مصمت سے آٹھ حرف ساقط ہین ثے اور حے اور صاد اور ضاد اور
طوے اور ظوے اور عین اور قاف **شعر** ہشت حرف ست آنکہ نایدور زبان فارسی ۞ ثا و حا و صاد و ضاد
طا و ظا و عین و قاف ۞ اور سبب یہ ہے کہ زبان فارسی مین یہ حرف مخارج سے ادا نہین ہو سکتے
آور پانچ حرف مصمت فارسی مین زیادہ ہین وہ پے اور چیم یعنی چے اور ژے اور ڤے اور گاف ہے
انہین چار حرف مشہور ہین اور ڤے کو اکثر نے اسکو بھی داخل کیا ہے حاشیہ مین لہجہ آسکا درمیان با
فارسی اور فا کے لکھا ہے اور شرح مین لہجہ اوسکا درمیان فا و واو لکھا ہے الاحق یہ ہے کہ لہجہ اسکا
سوا زبان دانان فارس کے غیر سے ادا نہین ہو سکتا ہم و دو حرف مصوت ممدود کہ یکی ازان حرفی است
کہ میانہ ضمہ و فتحہ باشد چنانکہ در لفظ شور افتد کہ بتازی بائح باشد و دیگر حرفی کہ میان کسرہ و فتحہ باشد
چنانکہ در لفظ شیر افتد کہ بتازی اسد باشد و این حرف بتازی نیز بکار دارند و آن را امالہ خوانند اما
از اصل لغت نشمرند **ت** اور دو حرف مصوت ممدود کہ اون مین سے ایک حرف ہی کہ درمیان ضمے
اور فتحے کے واقع ہوتا ہے جیسا کہ لفظ شور مین کہ تازی مین اسکو بائح کہتے ہین اور دوسرا حرف
درمیان کسرے اور فتحے کے واقع ہوتا ہے جیسا کہ لفظ شیر مین کہ تازی مین اسکو اسد کہتے ہین
اور یہہ حرف تازی مین بھی مستعمل ہے اسکو امالہ کہتے ہین مگر اصل لغت سے نہین جانتے مطلب یہہ
کہ جب واو اور یا مدہ واقع ہون اور حرکت ماقبل کو پر پڑھین اسکو معروف کہین گے یہہ عربی
اور فارسی دونون زبانون مین واقع ہوتی ہین جیسا کہ لفظ شوری مین بمعنی مشورہ اور لفظ شیر مین جو دودھ
کے معنی پر ہے اور جب اوس حرکت کو پر نہ پڑھین اوسکو مجہول کہین گے یہہ فارسی مین واقع
ہوتا ہے جیسا کہ لفظ شور مین بمعنی نمکین اور لفظ شیر مین بمعنی اسد مگر ایسی صورت پائی تازی مین
بھی جاتی ہے اسکو امالہ کہتے ہین جیسا کہ رکاب سے رکیب اور حساب سے حسیب لیکن یہہ اصل
لغت مین نہین ہے بلکہ تصرف ہے ہم و از قبیل این دو حرف حرفی ثالث باشد میان ضمہ و کسرہ
کہ در دیگر لغت ہا بکار دارند و در تازی در لفظ قیل و امثال آن استعمال کنند و گویند کسرہیست
باشمام ضمہ اما در فارسی نیفتد **ت** اور منجملہ ان دو حرفون کے حرف تیسرا بھی ہے درمیان
ضمے اور کسرے کے کہ اور زبانون مین مستعمل ہے مثل سنسکرت کے اور بزبان تازی لفظ
قیل مین اور اسکی امثال مین مثل بیع کے استعمال کرتے ہین اور کہتے ہین کہ کسرہ ہے اور

بو ضمہ کی دیتا ہے **م** و حرفہای دیگر باشد کہ ہم از ترکیب دو حرف حادث باشد مثلاً چنانکہ از ترکیب یکی
از حرف مد با غنہ نون در لفظ دون و دان و دین باشد و امثال این افتد کہ بروزن دو و دا و دی باشد
ت اور اور حرف ہین کہ ترکیب دو حرف سے پیدا ہوتے ہین جیسا کہ ایک حرف مد کی ترکیب
سے ساتھ غنّے کے نون پیدا ہوتا ہے لفظ دون اور دان اور دین مین اور اوسکی امثال ہین جیسے
خوان اور زین اور زبان ہین کہ بروزن دوا اور دا اور دی اور خوا اور زی اور زبا ہین اور اقد عبارت
ہین یعنی واقع شود ہے **م** و چنانکہ از ترکیب یکی از حروفی کہ مخرج آن آخر کام باشد با حرف واو باشد
در لفظ خوش و در بعضی لغات عجم در لفظ درغویش کہ بجای درویش گویند و در لفظ کوس کہ بجاے
بس گویند واقع باشد و دلیل بر آنکہ ہر یکی ازین حرفہا یکحرف ہست آنست کہ در وزن بجای یکحرف ہست
مثل خوان کہ در کتابت مشتمل بر چہار حرف ہست و در لفظ مرکب از دو حرف ہست چہ بروزن خاست
ت اور جیسا کہ ترکیب ایک حرف سے منجملہ حروف کہ مخرج اونکا آخر کام ہے ساتھ حرف واو
کے لفظ خوش مین اور بیچ بعضے لغات عجم کے لفظ درغویش مین کہ بجاے درویش کہتے ہین
اور لفظ کوس مین کہ بجاے بس کہتے ہین واقع ہوتا ہے اور دلیل اس بات پر کہ ہر ایک ان دونون
حرفون سے ایک حرف ہے یہہ ہے کہ وزن مین بجاے یکحرف ہے مثل لفظ خوان کے کہ کتابت مین
مشتمل چہار حرف پہ ہے اور بولنے مین مرکب دو حرفون سے اسواسطے کہ بروزن خا ہے مطلب یہہ کہ
جب بہہ خے اور غین کہ مخرج انکا شروع حلق سے ہے اور کاف کہ مخرج اوسکا آخر کام ہے اور شروع
حلق اور آخر کام مین چندان فرق نہین جب ساتھ واو کے ترکیب پائین گے ایک حرف شمار کیے جائینگے
اور اُس واو کو واو معدولہ کہین گے اور اُس حرکت کو فتحہ مائل بضمہ مثل خود اور خویلہ اور خوارزم اور
خواجہ اور خواست وغیرہ کے اور ضمہ مائل بکسرہ درغویش مین لہذا قافیہ خود ساتھ شد اور مد دونون کے
درست ہے **ح** آخر کام یعنی حرف حلق ہر چند امثلہ مین لفظ کوس بھی شامل ہے اور کاف حرف حلق
نہین ہے اور اوسی جگہہ با حرف واو باشد کو یا حرف واو باشد لکھا ہے اور خیال معنی کا نہین کیا ہے
م و ہمچنین حرکتی باشد از ترکیب دو حرکت چنانکہ حرکت حرف مرکب در خوش کہ مرکب از ضمہ و فتحہ ہست
و حرکت حرف مرکب در درغویش کہ مرکب از ضمہ و کسرہ ست و دلیل بر آنکہ ہر یکے ازین حرکت ہا یک حرکت ست
آنست کہ یک حرف را یک حرکت بیش نتواند بود **ت** اور اسیطرح ایک حرکت ہے کہ ترکیب دو حرکتون سے

پیدا ہوتی ہے جیسا کہ حرکت حرف مرکب کی لفظ خوش مین کہ وہ حرکت مرکب ضمے اور فتحے سے ہے
اور حرکت حرف مرکب کی در خویش مین کہ مرکب ضمے اور کسرے سے ہے اور دلیل اس بات پر کہ ہر ایک
ان حرکتون سے ایک حرکت ہے یہہ ہے کہ ایک حرف پر ایک حرکت سے زیادہ نہین ہو سکتے مرکب ہو
وہ حرف یا مفرد م و در پارسی حرکتی دیگر ہست کہ آنرا ہیچ کدام ازین حرکات سہ گانہ یعنی ضمہ و فتحہ و کسرہ
نسبت نتوان کرد و آنرا حرکت مجہول و حرکت مختلسہ خوانند مانند حرکت حرف را در لفظ پارسی کہ بر وزن
فاعلن ہست و باشد کہ این حرکت در ابتدای کلمات افتد و اگر کسی آنرا از قبیل حرکات نشمرد بسبب آنکہ
بیکی از حرکات مذکور منسوب نیست با او در عبارت مضائقہ نیست اما در شعر آنرا از قبیل حرکات باید شمرد
بدلیل وزن ت اور پارسی مین ایک حرکت اور ہے کہ اوسکو حرکات سہ گانہ سے یعنی ضمے فتحے
کسرے سے نسبت نہین دے سکتے اُسکو حرکت مجہولہ اور حرکت مختلسہ یعنی ربودہ کہتے ہین مثل حرکت
حرف را کے لفظ فارسی مین کہ بر وزن فاعلن ہے اور کبھی یہہ حرکت ابتدائے کلمات مین آتی ہے اور
اگر کوئی اُسکو من قبیل حرکات شمار نکرے اس سبب سے کہ ساتھ کسی حرکات سہ گانہ کے منسوب
نہین ہے پس اگر وہ عبارت یعنی تلفظ مین کہے مضائقہ نہین ہے ورنہ شعر مین یعنی تقطیع مین اُسکو
من قبیل حرکات شمار کیا چاہیئے بدلیل وزن کہ وزن مین وہ حرف کہ جس پر یہہ حرکت ہوتی ہے
متحرک واقع ہوتا ہے جیسے کہ راے لفظ پارسی بجاے عین متحرک فاعلن ہے اور اختلاس کے
معنی سابق مین لکھے گئے ہین اور ابتدا مین واقع ہونا حرکت مختلسہ کا مثل ابتدا بسکون ہے کہ البتہ
ادا ہونا اُسکا زبان دانونسے ممکن ہے ھم و غرض ازین تفصیل آنست کہ تا بر حروف مفردہ و مرکبہ
فرق میان ہر دو و بر حروف متحرک و ساکن و فرق میان ہر دو وقوف افتد و معلوم گردد کہ حرکت حرف
بمنابۂ انضمام حرفیست با او ست اور غرض اس تفصیل سے وہ ہے کہ لوگ حروف مفردہ اور حروف مرکبہ
سمجھین اور ان دونون مین فرق جانین اور حروف متحرک اور حروف ساکن کو سمجھین اور ان دونون مین
فرق جانین اور معلوم کرین کہ حرکت حرف کی بمنزلہ ملنے ایک حرف کے اُس حرف سے ہے وقوف
بفتحتین جاننا اور آگاہی اور استادہ ہونا کشف اور منتخب اور لطایف اور صراح سے کذا فی الغیاث
پس مطلب حروف مرکبہ سے یہ ہے کہ کتابت مین دو حرف ہون اور تقطیع مین ایک حرف
جیسا کہ لفظ خوا اور خوش مین اور مفردہ وہ حرف ہے جو ایسا نہو ح مین حرف مرکبہ پر یہہ عبارت

لکھی ہے کہ مثل شور و شیر و در غویش وغیرہ کہ تفصیلش در ماسبق گذشت جاننا چاہیئے کہ شور اور شیر
مین حرف مرکب کہان ہے ھم و باسر مقصود شویم و گوئیم اصناف حرکات مذکور در وزن شعر یک حکم
دارد و حروف کہ اجزای کلمات اند یا متحرک اند یا ساکن ت اور طرف مقصود کے جائین ہم اور کہین ہم
کہ اصناف حرکات مذکور وزن شعر مین ایک حکم رکھتے ہین اور حروف کہ اجزا کلمات کے ہین یا متحرک
ہوتے ہین یا ساکن پس اصناف حرکات سے مراد ضمہ فتحہ کسرہ ہے یعنی مقابل موزون جو موزون
ہو اُس مین مطابقت متحرک کی متحرک سے اور ساکن کی ساکن سے چاہیئے نہ مطابقت ضمے کی ضمے
سے اور فتحے کی فتحے سے اور کسرے کی کسرے سے یا اصناف حرکات سے مراد مفردہ اور مرکبہ
اور مختلسہ اور تامہ مین یہہ بھی وزن مین ایک حکم رکھتے ہین ھم و بر عروضی نیست کہ ماہیات حروف
و حرکات و اعداد بشناسد و بر اصناف آن ہر یک وقوف یابد چہ آن کار لغوی است انچہ او را ضروری است
آنست کہ میان حرف مفرد یا انچہ بجای مفرد باشد از مرکبات و میان حروف مؤلف فرق کند و ہمچنین میان
حرف متحرک و حرف ساکن فرق کند ت اور عروضی پر واجب نہین ہے کہ حقیقت حروف اور حرکات
اور اونکے اعداد کو جانے کہ اصل مین لفظ کیا تھا اور بعد تعلیل کے کیا رہا اور اُسکے اصناف سے
واقف ہو کہ یہہ مہموز ہے اور یہ معتل کسواسطے کہ وہ کام اہل لغت کا ہے جو کچھ کہ عروضی کو ضرور ہے
یہہ ہے کہ درمیان حرف مفرد کے جیسے شین لفظ شد مین یا جو کچھ کہ بجاے مفرد ہو مرکبات سے
جیسے خا و واو لفظ خود اور خوش مین اور درمیان حروف مؤلف کے جیسے الف لفظ آمد مین اور را
لفظ فرخ مین کہ کتابت مین ایک حرف ہے اور وزن مین دو فرق کرے اور اسیطرح درمیان حروف
متحرک اور حروف ساکن کے فرق جانے ھم و علامات حروف و حرکات در وضع کتابت مختلف باشد
تا میان حروف مختلف و حرکات مختلف تمیز کنند و علامت سکون یکی چہ سکون بیک صفت بیش نیست
و اگرچہ اسباب آن مختلف است اما نزدیک عروضیان حرف متحرک را مطلقاً یک علامت است چہ
عروضی را بتمیز میان حروف مختلف و حرکات کاری نیست و آن علامت دائرہ خرد باشد بدین شکل
ہ و حرف ساکن را یک علامت و آن خطی خرد مستقیم باشد بدین شکل ا واللہ اعلم ت اور نشان
اور نقش حروف اور حرکات کی کتابت مین مختلف ہین اسواسطے کہ حروف مختلف اور حرکات مختلف
مین تمیز پیدا ہو اور علامت سکون کی ایک ہی ہے سب کے نزدیک اسلیئے کہ سکون ایکہی طرح پہ

ہوتا ہے اگرچہ سبب سکون کے مختلف ہین کہ کبھی سکون وقف سے اور کبھی تصرف اور تعلیل صرفی سے
اور کبھی بنظر وضع لغوی ہوتا ہے لیکن نزدیک عروضیون کے حرف متحرک کی مطلقاً ایک علامت ہے
اسواسطے کہ عروضی کو اختلاف حرکات وحرکات سے کام نہین اور وہ علامت متحرک کی دائرہ چھوٹا ہے
اس شکل پر ہ اور حرف ساکن کی ایک علامت ہے اور وہ خط چھوٹا مستقیم ہے اس شکل پر ا واللہ اعلم
جاننا چاہیے کہ الف کو علامت سکون اسواسطے مقرر کیا کہ الف ہمیشہ ساکن ہوتا ہے اور ہا سے ہوز کو
علامت متحرک اسواسطے ٹھہرایا ہے کہ ہا زبان عرب اور فارس مین علامت تحریک ہے عربی مین
کما قال اللہ تعالی ما اغنی عنی مالیہ ہلک عنی سلطانیہ پس یہہ ہے علامت فتحہ ما قبل ہے اور خود
حالت وقف مین اور فارسی مین جیسے رمہ اور ہمہ اور کہ اور چہ مین کہ ہے محض برائے اظہار حرکت
ہے اور لفظ مین داخل نہین جس جگہ اشباع ہوا اور بعضے رسالون مین علامت متحرک شکل سیم
بھی ہے کہ خط نسخ مین سر سیم بشکل صفر میانہ تہی لکھا جاتا ہے م **فصل دوم** درکیفیت اعتبار
حرف متحرک وساکن در شعر واشارت بہ تقطیع شعر در فصل گذشتہ معلوم شد کہ اجزای اولی شعر حروف
متحرک وساکن ست اکنون گوئیم کہ مراد درین موضع از حروف متحرک وساکن حروف ملفوظ است نہ حروف
مکتوب وبسیار حروف است کہ مکتوب است وملفوظ نیست مانند الف در کتابت تازی کہ بعد از واو آمنوا
نویسند و واو کہ در آخر اسم عمرو نویسند وہمزہ وصل کہ در اثنای کلمات متصل بیکدیگر افتد والف در آخر
لفظ انا در غیر حالت وقف ودر پارسی مانند واو عطف کہ درمیان دو کلمہ نویسند وحرف یا وہا کہ در آخر
کہ وچہ ونہ نویسند و واو در آخر دو وتو وامثال آن ت **فصل دوسری** بیچ کیفیت اعتبار حرف
متحرک وساکن کے شعر مین اور تقطیع شعر مین فصل گذشتہ سے معلوم ہوا کہ پہلے اجزا شعر کے حروف
متحرک اور حروف ساکن ہین اب کہتے ہین ہم کہ اس جگہ مراد حروف متحرک اور حروف ساکن سے
حروف ملفوظ ہین نہ حروف مکتوب اور بہت سے حروف ہین کہ مکتوب ہین ملفوظ نہین مانند الف کے کتابت
تازی مین کہ بعد واو امنوا کے لکھتے ہین اور مانند واو کے کہ آخر لفظ عمرو مین لکھتے ہین اور مانند
ہمزہ وصل کے کہ جو درمیان کلمات کے مثل واقتلوا کے متصل بیکدیگر واقع ہوتا ہے اور مانند الف کے آخر لفظ
انا مین جب موقوف نہو اور فارسی مین مانند واو عطف کے کہ درمیان دو کلمون کے لکھتے ہین
اور مانند یا اور ہا کے کہ آخر کہ اور چہ اور نہ مین لکھتے ہین اور مانند واو کے کہ آخر دو و تو وغیرہ مین۔

لکھتے ہین جاننا چاہیے کہ عروضیون کو تقطیع مین اون حرفون سے کام ہے جو تلفظ مین آتے ہین
حروف مکتوبی غیر ملفوظی سے علاقہ نہین پس وہ مکتوبی غیر ملفوظی عربی مین مثل الف آخر آمنوا کے ہے
اور اس الف کو اسواسطے لکھتے ہین کہ فارق ہو درمیان واو جمع اور واو عطف کے اور جس جگہہ
صیغہ مین ملا ہوا ہوتا ہے وہان اگرچہ خیال التباس نہین مگر طرداً للباب لکھتے ہین پس واو ملا ہوا جیسے
مین جیسے آمنوا مین اور علیحدہ جیسے فاعتبروا مین اور مکتوبی غیر ملفوظی عربی مین واو آخر لفظ عمرو ہے
اور وجہ اس واو کے لکھنے کی یہہ ہے تا یہہ عمرو منصرف عمر بضم عین و فتح میم جو غیر منصرف ہے اوس سے
ملتبس نہو اور مکتوبی غیر ملفوظی عربی مین ہمزۂ وصل ہے کہ درمیان کلمات کے واقع ہوتا ہے
جیسے وَاقْتُلُوہُم مین اور مکتوبی غیر ملفوظی عربی مین الف آخر لفظ انا ہے غیر حالت وقف مین جیسے
نظیری کہتا ہے **مصرع** بدعوی انا صدیق اکبر آوردہ ٭ اور حالت وقف مین یہہ الف ملفوظ ہوگا
اور فارسی مین مکتوبی غیر ملفوظی واو عطف کا ہے درمیان دو کلمونکے جیسے آمد و شد اس مصرع مین
مصرع کوچۂ یار مین روز آمد و شد ہے ٭ اور یا اور نا لفظ کہ اور چہ اور نہ مین شاید زمانہ قدیم مین
کتابت اس کاف کی بصورت کے تھی ورنہ اس زمانہ مین کوئی اسطرح نہین لکھتا اور واو لفظ دو اور
(اکثر یہی کہا ہے ۱۲)
تو مین جیسا خواجہ حافظ نے کہا ہے **شعر** صبا بلطف بگو آن غزال رعنا را ٭ کہ سر بکوہ و بیابان
تو دادۂ ما را ٭ ہم چنین بسیار حرف ہست کہ ملفوظ ہست و مکتوب نیست مانند واو لہ و یای بہ در تازی و الف
اللہ و سموات و ہمزۂ جبرئیل و تنوینات و تشدیدات چہ حرف مشدد مرکب از دو حرف باشد اول ساکن
دوم متحرک و در پارسی مانند الف مد در آب و آس و تشدید ارّہ ٭ اور اسیطرح بہت سے حرف
ہین کہ ملفوظ ہوتے ہین مکتوب نہین ہوتے ہین مانند واو لہٗ اور یاے بہٖ کے عربی مین یہان تک
کہ خاقانی نے تحفۃ العراقین مین قافیہ کیا ہے **شعر** کردلو النصب در ایوان ہو ٭ تحت لوا آدم و
من دونہ ٭ اور الف اللہ کا بعد لام کے اور الف سموات کا بعد میم کے اور ہمزہ جبرئیل کا
اور کتابت جبرئل کی یون ہی صحیح ہے ہرچند بعضے ایک شوشہ بڑھاکر لکھتے ہین اور تنوینات اور
تشدیدات اسواسطے کہ حرف مشدد مرکب دو حرف سے ہوتا ہے اول ساکن دوسرا متحرک اور
نون تنوین بحقیقت حرف جداگانہ ہے اور پارسی مین مانند الف ممدودہ کے لفظ آب اور آس
مین اور مانند حرف مشدد کے ارّہ مین کہ ان سب مین ایک حرف لکھا جاتا ہے اور دو حرف

ملفوظ ہوتے ہین ہم و بدانکہ تشدید در پارسی در دو موضع آورند یکی در اصل کلمہ چنانکہ در لفظ غرّنده و برّان گویند و دیگر آنکہ میان دو کلمہ افتد چنانکہ در حرف اوّل از معطوف یا مضاف الیہ یا کلمہ کہ بای امر و میم نہی بر وی سابق بود چنانکہ در لفظ بکّن و مکّن یا حرفی بر وی سابق بود کہ در لفظ نیاید باشد و اعدّ و ورو تو و ما و ی

برذات او ۱۲ — ای تمام کلمہ ۱۲

سہ و نہ و کہ و چہ و لالہ و پردہ و در غیر امثال این مواضع تشدید قبیح بود و در ہیچ کلام از این مواضع تشدید واجب نبود اگر بیارند ہم روا بود و بر جملہ چندان کہ در لغت پارسی تشدید کمتر آورند بہتر باشد چہ تشدید در ان لغت اصلی نیست و چون فرق میان حروف ملفوظ و مکتوب ظاہر شد اجزای شعر معین گشت ست اور معلوم ہو کہ تشدید پارسی مین دو جگہ لاتے ہین ایک اصل کلمہ مین جیسا کہ لفظ غرّنده اور برّان مین کہتے ہین مثال لفظ غرّنده کی نظامی کہتا ہے شعر تبیرہ بغرّیدن آمد چو ابر ☸ بغرّید ہر سو چو بانگ ہژبر ☸ تبیرہ بر وزن کبیرہ بمعنی نقارہ ہے برہان سے مثال لفظ برّان کی نظامی کہتا ہے شعر یکے را بفرمود تا زان گروہ ☸ ببرّید سر چون یکپارہ کوہ ☸ اسی طرح ہی تشدید لفظ پرّیدن کی نظامی کہتا ہے شعر چو پرّان شود نامہ ہا سوی مرد ☸ سر آن نامہ را بر کشایم نورد ☸ اور اسیطرح ہی تشدید لفظ درّیدن کی نظامی کہتا ہے شعر بدرّید خفتان زرہ پارہ کرد ☸ عمل مین کہ فولاد با خارہ کرد ☸ دوسری تشدید دو کلمون کے درمیان مین لاتے ہین جیسا کہ حرف اول مین معطوف کے وہ معطوف علیہ کا آخر حرف ٹھہرا حرف عطف سے کچھ کام نہین جیسے زرّ و سیم اور درّ و گوہر اور چپّ و راست نظامی کہتا ہے شعر ز پیرایہ و گوہر و زرّ و سیم ☸ بدان جایگہ داد نُزلی عظیم ☸ اور خسرو کہتا ہے شعر شنقہ آورد ہمہ کژ و راست ☸ شد و صف آراستہ از چپّ و راست ☸ اور حرف اول مین مضاف الیہ سے وہ مضاف کا حرف آخر ٹھہرا جیسے درّ سخن اور سمّ اسپ اور خمّ کمند نظامی کہتا ہے شعر تحمّل زبان را طب نوش داد ☸ درّ سخن را صدف گوش داد ☸ اور نظامی کہتا ہے شعر ز سمّ ستوران در ان پہن دشت ☸ زمین شش شد و آسمان گشت ہشت ☸ اور نظامی کہتا ہے شعر بہ نیروی بازو خمّ کمند ☸ در آورد گردن کشان را ببند ☸ اور اسیطرح صفت موصوف مین سعدی کہتا ہے شعر وجود مردم دانا مثال زرّ طلاست ☸ کہ ہر کجا کہ رود قدر و قیمتش دانند ☸ اشرف کہتا ہے شعر در فراقت بسکہ می ورزدم بجز دوری نظر ☸ اشک از چشم چو درّ شبچراغ آید برون ☸ یا وہ کلمہ کہ بے امر کے اور میم نہی کا اوس پر ہو وہان بھی تشدید آجاتی ہے جیسا کہ لفظ

بکن و مکن مین مثال اوسکی یہہ بیت ہے **شعر** بکن و مکن ای بت خوشخرام ✤ بمن رحم و بر عیب لطف دوام ✤ یہہ بھی دو کلمون کی مثال ہے یا ایسا حرف اوس کلمے پہ سابق ہو کہ تلفظ مین نہ آئے مانند واو کے دوا اور تو مین اور مانند ہاے سہ اور نہ اور کہ اور چہ اور لالہ اور پردہ مین مثال اسکی وہی مصرع ہے جو محقق علیہ الرحمہ نے دائرہ مشتبہہ مین لکھا ہے **مصرع** بادہ بتّن دہ تو تنّا ہم یکبار - بر وزن سریع مستفعلن مستفعلن مفعولات یہ تشدید با لفظ بتن اور لفظ تنّا مین یہہ بھی دو کلمون کی مثال ہے اور ان مقامون کی تشدید قبیح ہے اور کسی مقام مین ان مقامو نمین تشدید واجب نہین ہے اگر لائین تو روا ہے اور بالجملہ تشدید جتنی فارسی مین کمتر لائین بہتر ہے اسواسطے کہ تشدید لغت فارسی مین اصلی نہین ہے اور جب فرق درمیان حرف ملفوظ اور مکتوب کے معلوم ہوا اجزا شعر کے معین ہوئے تمام ہوا ترجمہ اور مطلب عبارت متن کا اب کہتے ہین ہم کہ اس جگہ شرح اور حاشیے مین تازہ تازہ مضامین نظر آئے لہذا عبارتین اُنکی بعینہ لکھدین کہ ناظرین کے ملاحظے سے گذر جاوین ح زیر لفظ غرّندہ اور بتران لکھا ہے کہ ہمچنین در خرّم محقق علیہ الرحمہ لکھتے ہین کہ ان مقامون مین (از راہ طعن ۱۲) تشدید چاہین لائین چاہین نہ لائین پس لفظ خرّم بدون تشدید نہین دیکھا اور اس عبارت مین کہ یا حرفی بر وی سابق بود کہ در لفظ نباید ضمیر وی کی طرف یای امر و میم نہی کے پھیری ہے اور خیال معنی کا نہین کیا ہر چند وہ ضمیر طرف کلمے کے پھرتی ہے اور اس عبارت پر کہ چنانکہ در حرف اول از معطوف یا مضاف الیہ حاشیہ لکھا ہے ح قولہ چنانکہ در حرف اول از معطوف یا مضاف الیہ این قاعدہ در کتابی بنظر فقیر نرسیدہ و مثالش نیز بدست نیامدہ ہر کہ برین قانون و مثالش ظفر یابد در حواشی کتاب افزودہ ہمت بر جان ناتوان نہد اما شاید مرادش از حرف اول معطوف حرفی قبل از و باشد یعنی حرف عطف واز اول مضاف الیہ جزو اولش و مثال آرزوّ و تمنّا و زیدوّ او و قرار دادہ آید لیکن اینمعنی ہم فرضیست نہ تحقیق اور اس عبارت پر کہ یا کلمۂ کہ یای امر و میم نہی بر و سابق بود چنانکہ در لفظ بکن و مکن پر حاشیہ لکھا ہے ح یعنی در اول کلمہ اش واقع شود نحو یارب بکن و حرام مخور لیکن مخفی نماند کہ تخصیص بای امر زائد است بل در ماورایش نیز یافتہ میشود مثل ششبو و شبتاب اصلہا شب بو و شب تاب بل در بای عربی و فارسی ہم او تمام دیدہ شد مثل ششیر اصلہ شب پرہ بل در غیر آن نیز مثل بتّر اصلہ بدتر تم کلامہ و ہکذا **ش** حقیقت تشدید در حرف اول از معطوف یا مضاف الیہ این است

که واو عطف را بحرف اول معطوف وحرف آخر مضاف الیه بتشدید بیامیزند اما مثال تشدید و معطوف چنانکه درین شعر که از مثنوی است **بیت** مرد دانشمند و نادان یکی است ٭ فرق اندر سر و دان بس اندکی ست واما در مضاف الیه چنانکه گویند غلام زید به تتبع تازی بطریقه غلام الرجل و بای امر و میم نهی را بحرف مابعد مدغم سازند چنانکه درین شعر مولوی روم ؎ کبر کم کن گر تو هستی آدمی ٭ زانکه شیطان را بود کبر منی ٭ تم کلام پس یہہ شعر ملحقات مثنوی سے ہے قابل اعتبار نہین اور اگر ہو تو مثال تشدید درمیان کلمہ کے ہے (مثل عزاران ۱۲)

ه واز فصل گذشته معلوم شده است که حرف مرکب از دو حرف را یکی بیش نباید گرفت **ت** اور فصل گذشتہ سے معلوم ہوا ہے کہ حرف مرکب دو حرفی مخلوط التلفظ کو مثل خود اور مثل درخویش ایک حرف سے زیادہ نہ لیا چاہیئے ه وبدانکہ اول شعر حرفی ساکن نتواند بود چه ابتدا بساکن ممتنع یا متعذر بود **ت** اور جان تو کہ ابتدا شعر کے حرف ساکن سے نہین ہوسکتی اسواسطے کہ ابتدا بسکون زبان عرب وعجم مین بالاتفاق محال ہے کہتے ہین کہ لغت سنسکرت اور پشتو اور انگریزی مین ابتدا بسکون ہے پس جب اہل عرب وعجم اُن زبانون مین کلام کرینگے ادا کرنا انکے لہجے کا انسے متعذر ہوگا اور متعذر بکسر ذال معجمہ مشددہ بمعنی دشوار ہے منتخب اور کنز اور غیاث سے ه ودرمیان شعر زیادت از یک ساکن نیفتد چه حروف ساکن چون متوالی شوند سخن را از یکدیگر بریده گردانند و وزن باطل شود و نیز در نطق آوردن آن در اثنای سخن اقتضای کلفت کند **ت** اور درمیان شعر کے زیادہ ایک ساکن سے نہین واقع ہوتا اسواسطے کہ حروف ساکن متوالی سخن کو یکدیگر سے بریدہ کرتے ہین اور وزن باطل ہوتا ہے اور بولنا انکا اقتضاے کلفت کرتا ہے یعنی وزن عروضی مین درمیان شعر کے دو ساکن نہین آتے اور اگر آتے ہین ایک متحرک ہوجاتا ہے بخلاف موزون ہ مگر آخر مصرع مین ه ودر تازی زیادت از دو ساکن جمع نشود و در اثنای سخن التقای ساکنین بیشتر از اجتماع یکی از حروف مد با ادغام افتد چنانکه در سآتّر یا با غنه چنانکه آنذرتهم و هیچکدام در اثنای شعر جائز نبود **ت** اور کلمات عربیہ مین زیادہ دو ساکن سے جمع نہین ہوتے اور اثنائے سخن مین التقاے ساکنین اکثر جمع ہونے ایک حرف مد سے ساتھ ادغام کے ہوتا ہے جیسا کہ لفظ سآتّر مین یا جمع ہونے ایک حرف مد سے ساتھ غنہ کے ہوتا ہے جیسا کہ آنذرتهم مین اور یہ کوئی اثناے سخن یعنی وزن عروضی مین جائز نہین پس التقا بالکسر باہم ہونا اور باہم ملنا اور ایک دوسرے کو دیکھنا

کذا فی المنتخب والکنز والغیاث اور ادغام بالکسر کھانا ایک چیز کا بے چبانے کے اور لگام دینا گھوڑی کو
اور ایک حرف کو دوسرے حرف سے ملانا کذا فی المنتخب والغیاث تصریح یہ کہ عربی مین دو ساکن
جمع ہوتے ہین اثناے سخن مین نہ وزن عروضی مین اور وہ دو مقام ہین ایک یہ کہ بعد مدہ کے
ادغام واقع ہو جیسے لفظ سارّ مین کہ الف مدہ کے بعد رار مشددہ واقع ہوئی ہے اول ساکن دوسرے
متحرک پس دو ساکن جمع ہوئے اول الف ساکن دوسرے رے ساکن اور دوسرا مقام یہ ہے کہ بعد مدہ کے
غنہ واقع ہو جیسا کہ لفظ آنذرتہم مین اصل اسکی أأنذرتہم تھی جب الف اول متحرک اور دوسرا ساکن پڑھا
گیا دو ساکن جمع ہوئے اول الف دوم ساکن دوسرا نون غنہ ساکن ح قولہ آنذرتہم اصلہ أأنذرتہم
چون در ہمزۂ ثانیہ بتسہیل یعنی بین بین گیرند ای میان مخرج ہمزہ و الف ش خوانند پس گویا کہ ساکن شد
وسکون ساکن ثانی یعنی نون ظاہر است پس اجتماع ساکنین متحقق شد تم کلامہ پس جو لفظ گویا ساکن
شد خلاف مقام نظر آیا کسواسطے کہ یہان عین ساکن چاہیئے لہذا ایک رقعہ مولوی عبد الرزاق صاحب
کی خدمت مین لکھا مولوی صاحب نے اسکے جواب مین یہ عبارت لکھ بھیجی کہ قرأت أأنذرتہم ہر چند
وجہ مرقوم است اول تثقیل ہر دو ہمزہ دوم ابدال ہمزۂ ثانیہ بالف سوم تخفیف ہمزۂ ثانیہ با قیام حرکت چہارم
زیادت الف میان ہمزتین و تخفیف ثانیہ بین بین پنجم حذف ہمزۂ استفہام مع حرکتش ششم حذف ہمزہ
استفہام و نقل حرکتش بسوی تنوین سواءٌ ہم واما در پارسی اجتماع دو ساکن بسیار بود و باشد کہ زیادت
از دو ساکن نیز جمع آید و باشد کہ بعضی ازان بحقیقت ساکن نبود و لاکن مجہول الحرکت باشد اما دو ساکن
چنانکہ در کار و مرد افتد **ت** واما فارسی مین یعنی اثنای کلمات فارسی مین جمع ہونا دو ساکنون کا بہت
مثل کار و بار کے اور کبھی زیادہ دو ساکنون سے بھی جمع ہوتے ہین یعنی تین ساکن جیسے گوشت ا
پوست مین اور چار ساکن جیسے خواست مین لیکن حق یہ ہے کہ واو اور الف مخلوط التلفظ لفظ خواست
مین بجاے حرف واحد مرکب ہے پس زیادت تین ساکن سے ممکن نہین اور کبھی اون تین ساکنون مین
بھی بعض بحقیقت ساکن نہین ہوتا مجہول الحرکت ہوتا ہے مثل لفظ پارس کے کہ رے پر حرکت ربودہ ہے
لیکن دو ساکن جیسے کار و مرد مین ہین وجہ اسکی یہ ہے کہ بنا لغت فارسی کی اعراب پر نہین لہذا
جمع ہونا ساکنون کا بھی اس مین موجب کلفت نہین مگر وزن مین بموافقت موزون یہ ایک ہے
ساکن رہے گا م و چون امثال این در اثنای شعر افتد حرف اول ساکن و دوم متحرک باید شم

چه در وزن در مقابل متحرک افتد مثلاً کارکن یا مروزن بر وزن فاعلن باشد بی هیچ تفاوت و اما سه
حرف چنانکه در لفظ راست و بخت و مور د باشد و همیشه حرف اول از امثال این کلمات از حروف
مد بود پس اگر حرف آخر متحرک نشود بعضی ازین سه حرف را بجای دو حرف بکار دارند یکی ساکن
و دیگر متحرک و یک حرف در عبارت یدرند مثلاً راست گو بر وزن فاعلن گویند و بعضی همه حروف
در عبارت آرند تا راست گو بر وزن مفتعلن شود و اگرچه بر وجه اول از گرانی خالی نبود اما دوم گران تر
باشد و شعرا بیشتر بر وجه اول استعمال کنند ت اور جب امثال آنکی اثنائے شعر مین واقع
ہوتی ہین یعنی وزن عروضی مین حرف اول کو ساکن اور دوسرے کو متحرک کرتے ہین اسواسطے
کہ وزن مین مقابل متحرک کے متحرک چاہیئے مثلاً کارکن یا مروزن کو بروزن فاعلن کہتے ہین
بے تفاوت لیکن جب تین حرف ساکن جمع ہون جیسے لفظ راست اور بخت اور مورد مین ہین
اور حرف اول انکا ہمیشہ حروف مد سے ہوتا ہے پس اگر آخر انکا متحرک نہو بعض ان تینون حرفونکو
مقام دو حرفون کے استعمال کرتے ہین ایک ساکن دوسرا متحرک اور ایک حرف کو عبارت
مین حذف کرتے ہین مثلاً راست گو کو بروزن فاعلن کہتے ہین حرف تا کو حذف کرتے ہین
اور بعض سب حرفون کو عبارت مین لاتے ہین اور راست گو کو بروزن مفتعلن کہتے ہین ہرچند
پہلی وجہ بھی یعنی راست گو بروزن فاعلن ثقالت سے خالی نہین مگر وجہ دوسری یعنی راست گو
بروزن مفتعلن ثقیل تر ہے اور شعرا نے اکثر وجہ اول اختیار کی ہے پس قول محقق مروزن
یا بمعنی مُروزن کہیئے یا بحذف عاطف یعنی مرد و زن کہئے اور مورد بضم اول اور سکون ثانی مجہول
اور ثالث اور دال ابجد نام ایک درخت کا ہے کہ اُسکو آس کہتے ہین اور پتے اُسکے نہایت
سبز ہوتے ہین اور طراوت رکھتے ہین اور دواؤن مین کام آتے ہین اور بسبب سبزی کے
اور طراوت کے اُنکو زلف اور گیسوے محبوب سے نسبت دیتے ہین اور بمعنی مہر و نگین
بھی آیا ہے کذا فی البرہان صح و اگر حرف آخر متحرک شود خالی نبود ازانکه بعد از وی متحرکی دیگر آید
یا ساکنی آید اگر متحرکی آید چنانکه گویند مثلاً راست و کژ در بیصورت در دیدن یکحرف در عبارت گران تر
بود از آوردن همه بخلاف صورت اول و سبب آنست که در صورت اول دو حرف بازای حرفی متحرک
افتاد و حرف متحرک بحقیقت هم دو حرف است اما اینجا دو حرف بازای حرفی ساکن می افتد پس عبارت

ازان بروزن مفتعلن ہرچند از گرانی خالی نیست اما بروزن فاعلن بسیار گران تر باشد درینصورت شعرا وجہ اول را اختیار کردہ اند ت اور اگر حرف آخر انکا متحرک ہو اس مین دو صورتین ہین کہ بعد اس متحرک کے یا حرف ساکن آئے گا یا حرف متحرک آئے گا مثلاً کہین راست وکژ کہ واو عاطفہ بجا حرکت کے ہے لئے برا اور بعد اس تاے متحرک کے کاف کژ کا متحرک آیا ہے اس صورت مین حذف کرنا ایک حرف کا عبارت مین ثقیل تر ہے سب کے قایم رکھنے سے یعنی اسکو بروزن مفتعلن کہین گے نہ بروزن فاعلن اور یہ شکل خلاف صورت اول کے ہے کہ راست کو بروزن فاعلن بہتر تھا اور راست وکژ بروزن مفتعلن بہتر ہے اور سبب اسکا یہ ہے کہ صورت اول مین یعنی راست گو کو بروزن فاعلن کہنے مین دو حرف بمقابلے ایک حرف متحرک کے پڑے یعنی سین اور تے کہ دونون ساکن ہین بمقابلے عین متحرک فاعلن کے واقع ہوئے اور حرف متحرک بھی حقیقت مین دو حرف ہین ایک حرف مصمت اور ایک حرف مقصور یعنی حرکت عین کی پس دونون مقابلے مین برابر ٹھہرے اور اس جگہہ یعنی راست وکژ کو بروزن فاعلن کہنے مین دو حرف بمقابلے ایک حرف ساکن کے پڑتے ہین یعنی الف اور سین راست وکژ کا بمقابلے الف فاعلن کے پڑتا ہی پس راست وکژ کو بروزن مفتعلن کہنا اگرچہ گرانی سے خالی نہین مگر بروزن فاعلن کہنا ثقیل تر ہے کسواسطے کہ حال بروزن فاعلن کہنے کا بیان ہو چکا اور بروزن مفتعلن کہنے مین دو حرف ساکن یعنی الف اور سین راست وکژ کا بمقابلے ایک حرف ساکن اور ایک حرف متحرک کے پڑتا ہے اور وہ فے اور تے مفتعلن کی ہے اس صورت مین شعرا نے بیشتر وجہ اول اختیار کی ہے کہ راست وکژ کو بروزن مفتعلن کہتے ہین اور یہ وجہ اول کہنا نظر بہ عبارت اخیرہ ہے ھم و اگر بعد از حرف متحرک حرفی ساکن آید بر شکونہ کہ لفظ راستی مثلاً حکمش ہمان بود کہ در دو حرف ساکن متوالی گفتہ آمد و درینصورت کلفت زایل شود و این حکمہا جملہ حکم وقوع این حرفہا ست درمیان شعرا اگر در آخر شعرا فتد ہرچہ مجھول الحرکۃ بود ساکن شمرند و یک ساکن و دو ساکن در آخر اشعار اعتبار کنند و اگر زیادت بود آنرا اعتبار نبود و در حکم محذوف باشد اینست حکم حروف ساکن ت اور اگر بعد اس حرف متحرک کے جو راست اور بیخت وغیرہ مین بالفعل متحرک ہوا ہے ایک حرف ساکن آئے جیسا کہ لفظ راستی مین ہے حکم اسکا وہی ہے کہ دو حرف ساکن متوالی مین بیان کیا گیا کہ بروزن فاعلن ہوگا اول

ساکن رہیگا دوسرے حرف ساکن کو متحرک کرینگے اور کلفت باقی نرہے گی اور یہ احکام حروف
جو بیان کیئے تب جاری ہونگے جب یہ حرف درمیان شعر کے پڑین مگر جسوقت یہ حرف آخر شعر مین
پڑینگے یعنی یہ حرف آخر شعر مین پڑین یا وہ کلمے کہ جنمین یہ حرف ہون آخر شعر مین پڑین جو حرف
کہ مجہول الحرکۃ ہوگا اُسکو ساکن شمار کرینگے جیسے رے لفظ پارس مین مجہول الحرکۃ ہے اُسکو
ساکن شمار کرینگے اور ایک ساکن اور دو ساکن آخر اشعار مین اعتبار کرتے ہین ایک ساکن جیسے لفظ
شود اور رود مین ہے اور دو ساکن جیسے لفظ کرد اور مرد مین ہین اور جو ساکن اُسنے زیادہ ہے
اُسکا اعتبار نہین حذف ہوگا جیسا کہ سوخت اور ساخت اور خواست اور پارس مین یہان تک
بیان حروف ساکن کا تھا اب حال حروف متحرک کا سئوم اما حروف متحرک متوالی در شعر تازی زیادت
از چہار مستعمل ندارند و چہارم بطریق زحف افتد و گران شمرندت لیکن حروف متحرک متوالی
شعر تازی مین زیادہ چار سے مستعمل نہین جانتے اور چوتھا بطریق زحاف کے پڑتا ہے مثل
فَعِلَتُن کے کہ مستفعلن سے بعد خبن اور طے کے بنتا ہے مگر اُسکو بھی ثقیل جانتے ہین زحف
بالفتح چلنا کودک کا بزانو اور چلنا حیوان کا بشکم زاحف وہ تیر کہ زمین پر گر کے نشانے پر پہونچے
زحاف بالکسر گرنا اور ساقط ہونا شعر مین ایک حرف کا دو حرفون سے کذا فی المنتخب اور استعمال
مین زحاف بہت ہے ھم و در شعر پارسی زیادت از سہ مستعمل نیست و سہ متحرک متوالی ہم اصلی نباشد
و بطریق زحف افتد و تخفیف را تسکین اوسط جائز دارند چنانکہ بعد ازین گفتہ آید و آخر ہیچ شعرے
نہ بتازی و نہ بفارسی متحرک نشاید چنانکہ اولش ساکن نشاید و این جملہ باید کہ مقرر باشد تا در تقطیع
اشعار اعتبار کردہ شود ست اور شعر فارسی مین زیادہ تین حرف متحرک متوالی سے مستعمل نہین
ہین بسبب خفت زبان فارسی کے وہ بھی اصلی نہین ہوتے بطریق زحاف کے پڑتے ہین مثل
فَعِلاتن کہ فاعلاتن سے بعد خبن کے بنتا ہے اور اسمین بھی تخفیف کے واسطے تسکین اوسط
جائز ہے جیسا کہ بعد اسکے بیان ہوگا چنانچہ اشعار مین جہان وزن فعلاتن یا فعلن کا بحرکت عین
واقع ہوگا وہان ساکن کرنا اوسط کا روا ہے اور اُس مقام پر کلمہ ساکن الاوسط کا لانا درست ہے
اگر وزن مین خلل نہ پڑے شبہہ نہو کہ ہر جگہ تسکین اوسط جائز ہے بلکہ بعض مقام پر تسکین اوسط
جائز نہین جیسا کہ رمضان کو بسکون میم نہین گے اور آخر کسی شعر فارسی اور تازی کا متحرک نچاہیئے

جیسا کہ اوّل شعر ساکن نچاہیئے اور سب قاعدے چاہیئے کہ یاد ہون تا تقطیع مین کام آئین اور تقطیع
ہون م و تقطیع شعر عبارت است از تحلیل شعر بارکانی کہ ازان مولف باشد و برابر کردن حروف ہر رکنی
با حروف اصلی آن رکن بحذف زوائد غیر ملفوظ و اگرچہ مکتوب باشد و اثبات انچہ ملفوظ باشد و اگرچہ مکتوب
نباشد ت اور تقطیع شعر کی عبارت ہے تحلیل شعر سے اُسکے ارکان مولف پر یعنی برابر کرین الفاظ
شعر کو اُسکے رکنون سے اور مقابل کرین حروف ہر لفظ کو ساتھ حروف اصلی اُس رکن کے اور
حذف کرین زوائد غیر ملفوظ کو اگرچہ مکتوب ہون اور ثابت رکھین حروف ملفوظ کو اگرچہ مکتوب نہون
تحلیل کھولنا ایک چیز کا اور کسی جگہ اُترنا اور فانی کرنا کسی چیز کا اوٹانے سے اور اصطلاح مین
دو حصے کرنا ایک چیز کا یا زیادہ کذا فی الغیاث م مثلاً تقطیع این بیت ت بنام خداوند جان و خرد ٭
کزین برتر اندیشہ برنگذرد ٭ بدینمنوال نوشتہ اند بنامی خداون دجانو خرد کزی برتر ندی شہ برنگ
ذرد فعولن فعولن فعولن فعل فعولن فعولن فعولن فعل ت مثلاً تقطیع اس بیت کی اسطرح لکھی ہے
بنامی فعولن خداون فعولن دجانو فعولن خرد فعل کزی بر فعولن ترندی فعولن شہ برنگ فعولن ذرد فعل
م و ازینجا معلوم می شود کہ تا بحرہا و وزنہا و ارکان آن ندانند تقطیع ممکن نباشد چہ این بیت ہمچنانکہ
برین وزن کہ فعولن فعولن فعولن فعل دو بار تقطیع توان کرد برین وزن نیز کہ مفاعیل مستفعلن فاعلن دو بار
تقطیع توان کرد و برین وزن نیز کہ فعولن مفاعیل مستفعلن دو بار ہم تقطیع توان کرد تا ندانند کہ کدام بحرست و ارکان
آن چیست میان انچہ تقطیع حقیقی بود و انچہ وزن بود آنانہ تقطیع بود امتیاز ممکن نباشد ت اور یہان سے معلوم ہوتا ہے
کہ جب تک بحرونکو اور اُنکے اوزان اور ارکان کو نجانین تقطیع ممکن نہین ہے اسواسطے کہ اس بیت کی تقطیع جیسے بروزن
فعولن فعولن فعولن فعل دو بار کہ بحر متقارب ہے کرتے ہین بروزن مفاعیل مستفعلن فاعلن دو بار بھی تقطیع
کر سکتے ہین اور بروزن فعولن مفاعیل مستفعلن دو بار بھی تقطیع ہو سکتی ہے جب تک نجانین کہ یہ کون
بحر ہے اور ارکان اسکے کیا ہین امتیاز تقطیع حقیقی اور غیر حقیقی مین ممکن نہین ہے م **فصل سوم** در
اجزای ثانیہ شعر کہ از حرف متحرک و ساکن مولف شود ت **فصل** تیسری اجزای ثانیہ شعر مین کہ حروف
متحرک اور حروف ساکن سے تالیف دیے جاتے ہین معلوم ہو کہ فصل اول مین محقق علیہ الرحمہ نے
فرمایا تھا کہ اجزا سے اولے شعر کے حروف اور حرکات ہین لہذا اس فصل مین فرماتے ہین کہ اجزای
ثانی شعر کے مؤلفات حروف متحرک و ساکن ہین اور یہ تالیف کئی طرح پر ہوتی ہے دو حرفی اور

سہ حرفی اور چار حرفی اور پنج حرفی لہذا فرماتے ہین اول تالیفی کہ نہ جیسا کہ صاحب میزان نے سمجھا ہے کیا ہے اور لکھا ہے ح قولہ اجزای ثانیہ یعنی باعتبار لغت ورنہ باعتبار عروض ہمین اسباب و اوتاد اجزای اولی است و لہذا گفتند اول تالیفی کہ تم کلامہ فقال ھم اول تالیفی کہ حروف را ممکن شود تالیف از دو حرف بود و آن مولف را سبب خوانند و لامحالہ حرف اول متحرک باید پس اگر حرف دوم ساکن بود آنرا سبب خفیف خوانند و آن مساوی مقطع ممدود باشد و اگر متحرک بود آنرا سبب ثقیل خوانند. ت یعنی پہلی تالیف کہ حروف سے ممکن ہوتی ہے دو حرف کی تالیف ہے اور اس مولف کو سبب کہتے ہین اور لابدی حرف اول متحرک چاہیئے کہ ابتدا بالسکون محال ہے پس اگر حرف دوسرا ساکن ہو وہ سبب خفیف ہے اور مساوی مقطع ممدود کی ہے یعنی حرف مصمت با مدہ مثل ا و اور ای کے اور اگر حرف دوسرا متحرک ہے اسکو سبب ثقیل کہتے ہین کس واسطے کہ ایک متحرک اور ایک ساکن کا ملنا خفیف ہے اور دونون متحرک کا ملنا بہ نسبت اسکے البتہ ثقیل ہے اور سبب بفتحتین رسن کذافی المنتخب اور وجہ تسمیہ یہ ہے کہ عرب بیت شعر کو گھر سے نسبت دیتے ہین اور گھر عرب کا بیشتر خانۂ پشمی ہوتا ہے کہ رسن اور میخ سے قیام پذیر ہوتا ہے لہذا ان اجزا کا سبب اور وتد نام رکھا کہ قیام شعر کا انسے ہے م و در اصل شعر فارسی سبب ثقیل مستعمل نیست از جہت آنکہ چون سبب ثقیل بجزوی دیگر پیوندد سہ متحرک یا زیادہ متوالی شود و وقوع آن در شعر فارسی چنانکہ گفتیم از اعتدال خارج است ت اور اصل شعر فارسی مین یعنی ارکان عروض فارسی مین کہ وہ فعولن اور فاعلاتن اور مفاعیلن اور مستفعلن اور مفعولات ہین سبب ثقیل مستعمل نہین ہے اس جہت سے کہ جب سبب ثقیل کسی جزو اور سے ملے گا تین متحرک متوالی یا زیادہ تین سے جمع ہونگے اور وقوع اسکا شعر فارسی مین جیسا کہ کہا ہے اعتدال سے خارج ہے اور یہی وجہ ہے کہ چکنم اور ننشنود وغیرہ مین تسکین اوسط کر لیتے ہین صاحب میزان نے لفظ اصل سے چشم پوشی کی اور اپنے زعم مین یہ معنی ٹھہرائے کہ لغت فارسی مین سبب ثقیل نہین آیا لہذا یہہ حاشیہ لکھا ح قولہ در اصل شعر فارسی سبب ثقیل مستعمل نیست مخفی نماند کہ اہل فن گفتہ اند کہ ہا در آخر لفظ ہمہ و رمہ و امثال آنہا بکتابت محض برای اظہار حرکت است در تلفظ دخل ندارد پس ترکیب آنہا محض از دو حرف متحرک است و آن سبب ثقیل است بل بعضی از ثقات عروضیان نیز مثل شمس قیس صاحب معیار عجم و مولانای جامی برین معنی تصریح کردہ اند و آنچہ مصنف علام در وجہ عدم استعمال سبب ثقیل میفرماید کہ وقوع سہ حرکت

متوالی کہ از اجتماع سبب ثقیل و متحرک دیگر متصور است از اعتدال خارج است و حوالہ بما قبل ساختہ عجب است
چہ آنچہ سابق آوردہ ہمین قدر است کہ در شعر فارسی زیادہ از سہ متحرک مستعمل نیست و این کلام خود بتوالی متحرکات
نشدہ است و آنچہ گفتہ است سہ متحرک متوالی ہم اصلی نباشد معنیش آنست کہ در اصل فاعیل و تفاعیل یعنی
در وزن یافتہ نمیشود الا بعد زحاف و این معنی منافی وقوع سبب ثقیل نیست با آنکہ کدام کلمہ مفرد مشتمل بر
حرکات ثلثہ متوالیہ یافتہ نمی شود اما انتفاع اجتماع سہ حرکت از ترکیب با کلمہ دیگر ازان لازم نمی آید
الا بسیاری از کلمات مثل دل من و نکنم بحرکات ثلثہ موجود تم کلامہ اور شرح مین بھی اس قول کو مردود
کیا ہے چنانچہ یون لکھا ہے **ش** عجب است از فہم صاحب میزان کہ انتفای سہ متحرک متوالی را از مقولہ مصنف
نسبت با فاعیل و تفاعیل خود میگوید و باز راہ کجی میرود الی آخرہ **م** و تالیف دوم از سہ حرف بود و آنرا
وتد خوانند و ہر سہ متحرک نشاید چنانچہ گفتہ آمد و حرف اول لا محالہ متحرک باشد پس اگر دوم ساکن بود
سوم متحرک باید چہ دو ساکن نشاید کہ در اثنای سخن جمع شود و آن مؤلف را وتد مفروق خوانند و اگر
دوم متحرک بود سوم ساکن آنرا وتد مجموع خوانند **ت** اور دوسری تالیف تین حرفون سی ہوتی ہے
اُسکو وتد کہتے ہین پس تین حرف متحرک نچاہیئے جیسا کہ کہا گیا کہ توالی سہ حرکات اصول فاعیل
مین نہین اور حرف اول لا محالہ متحرک ہوگا کہ ابتدا بسکون محال ہے پس اگر دوسرا ساکن ہو تیسرا
متحرک چاہیئے اسواسطے کہ دو ساکن اثنائے سخن مین جمع نہین ہوتے اور اُس مؤلف کو وتد مفروق
کہتے ہین اور اگر دوسرا متحرک ہو تیسرا ساکن اُسکو وتد مجموع کہتے ہین وجہ تسمیہ وتد کی لغت مین
بمعنی میخ ہے مثل وجہ تسمیہ سبب ہے کہ بیان اُسکا ہو چکا اور وجہ تسمیہ مفروق یہ کہ فرق درمیان
دو متحرکون کے بسبب سکون کے ظاہر ہے مثل قال اور باع اور گفتہ اور رفتہ کے اور وجہ تسمیہ
مجموع یہ کہ دو حرف تین متوالی جمع ہوتی ہین مثل دعا اور دوا کے اور اس جگہ جاننا چاہیئے کہ بعض
عروضیان پارس نے سبب کو تین قسم پر کہا ہے خفیف اور ثقیل اور متوسط سبب متوسط ایک
حرف متحرک دو ساکن جیسے کار و بار اسیطرح وتد کو بھی تین قسم پر کیا ہے مجموع اور مفروق اور
کثرت وتد کثرت دو متحرک اور دو ساکن جیسے نہان اور عیان اور فاصلے کو بھی تین قسم پر کہا ہے
صغرے اور کبرے اور عظمے فاصلۂ عظمے پانچ متحرک ایک ساکن جیسے بشکنمش نگرد افکنین پر ظاہر ہے
کہ حاجت اعتبار زوایدکی نہین ہے **م** و تالیف زیادہ ازین مختل باشد بتالیف از دو و یا سہ

یا از ہر دو پس اول تالیفی کہ شعر را باشد از اسباب باشد یا از اوتاد و مثال ہر چہار بپارسی نیست بر سبب خفیف سر سبب ثقیل عہد وتد مفروق ہتی وتد مجموع و علامات ہر یکی در دوائر بر قیاس آنچہ گفتیم معلوم باشد و ما اسباب و اوتاد را اجزا میخوانیم چہ اجزای اولی کہ حروف و حرکات اند بشعر خاص نیستند ت اور تالیف زیادہ اس سے فارسی مین مخل اور منجر ہوتی ہے طرف دو دو اور تین تین کے یا طرف دو تین کے یعنی طرف اسباب کے یا طرف اوتاد کے یا طرف سبب اور وتد کے پس اول تالیف کہ شعر مین ہوتی ہے اسباب یا اوتاد سے ہوتی ہے اور مثالین چارون کی یعنی سبب خفیف اور سبب ثقیل اور وتد مجموع اور وتد مفروق کی فارسی مین یون ہین بر سبب خفیف سر سبب ثقیل عہد وتد مفروق ہتی وتد مجموع اور علامت ہر ایک کی دوائر مین جیسا کہ کہا ہم نے معلوم ہوگی یعنی کہا ہم نے کہ الف مقابل ساکن کے اور دائرہ کو جگہ مقابل متحرک کے پس جس جگہ کہ دو دائرے اور بعد اسکے الف ہو وتد مجموع ہے اور اگر الف درمیان دو دائرون کے ہو وتد مفروق ہے اور اگر فقط دو دائرے ہون سبب ثقیل ہے اور اگر ایک دائرہ اور ایک الف ہو سبب خفیف ہے اور ہم اسباب و اوتاد کو اجزا کہتے ہین اسواسطے کہ اجزائے اولے کہ حروف و حرکات ہین شعر کے لئے خاص نہین ہین لغات اور قرأت مین بھی ہوتے ہین پس حقیقت مین یہی اسباب و اوتاد اجزائے شعر ٹھہرے مُخل بضم اول و حاء مہملہ مفتوح و تشدید لام کشادہ ہونے والا کذا فی المنتخب والغیاث اور صاحب میزان نے لکھا ہے ح قولہ تالیف از زیادہ ازین قول انکار فاصلہ معلوم می شود چہ عنبر پیش آنرا ہم در اجزای اولی شمار کردہ اند تم کلام معلوم ہو کہ یہ غلط فہمی ہے کسواسطے کہ محقق علیہ الرحمہ نے یہان تک احوال مولفات فارسی کا بیان کیا اور البتہ اصول فارسی مین فاصلہ نہین اور بعد اسکے جب مولفات تازی بیان کیئے دونون فاصلونکو تازی مین لکھکر لکھا کہ ہر دو نہ ازان تالیفات اول باشد یعنی فاصلون کی تالیف تازی مین مولفات فارسی سے جدا گانہ ہے اور تالیف ثانی ہے ص و در عروض تازی مولفی را کہ از چہار حرف بود سہ متحرک و چہارم ساکن فاصلہ صغری خوانند مثالش فَعِلُن و آن مولف از دو سبب بود اول ثقیل و دوم خفیف و مولفی را کہ از پنج حرف بود چہار متحرک و پنجم ساکن فاصلہ کبری خوانند مثالش فَعِلَتُن و آن مولف از سببی ثقیل و وتدی مجموع بود و ہر دو نہ ازان تالیفات اول باشند ت اور عروض تازی مین وہ مولف کہ چار حرف

ہوتین متحرک اور چوتھا ساکن اُسکو فاصلۂ صغرے کہتے ہین مثال اُسکی فَعِلُن ہے اور وہ تالیف
دو سبب سے یعنی فارسی مین اول ثقیل دوم خفیف اور وہ مولف کہ پانچ حرف سے ہو چار متحرک اور پانچوان ساکن
اُسکو فاصلۂ کبرے کہتے ہین مثال اُسکی فَعِلَتُن ہے اور وہ تالیف ایک سبب ثقیل اور ایک وتد مجموع
سے یعنی فارسی مین اور یہ دونون تالیفین فاصلون کی تالیف اول سے نہین ہین یعنی تالیف فاصلہ
مولفات فارسی سے علاحدہ ہے اور تالیف ثانی ہے حاصل یہ کہ بعضے عروضیون نے فاصلے کو
معتبر جانا ہے اور بعضون نے نہین جانا ہے محقق علیہ الرحمہ اس جگہ قول فیصل لکھتے ہین کہ تالیفین
تین ہین ایک دو حرف کی دوسری تین حرف کی تیسری چار حرف اور پانچ حرف کی اور ان
تینون کی دو قسمین ہین اول تالیف اول و دوم کہ وہ مشترک ہے پارسی اور تازی مین اور دوسری قسم
تالیف چار حرفی اور پنج حرفی کی کہ وہ خاص ہے تازی مین پس اعتبار فاصلے کا فارسی مین نچاہیے
کہ جب اصول فارسی مین سبب ثقیل نہین ہے تین حرکتین کیونکر ہونگی اور اثناے شعر فارسی مین جو
آجاتی ہین اعتدال سے خارج ہین یعنی اصول فارسی سے باہر ہین اور اعتبار فاصلے کا تازی مین
چاہیے کہ اصول تازی مین فاصلہ داخل ہے مثل متفاعلن اور مفاعلتن کے کہ اسمین متفا اور علتن
فاصلہ ہے پس تالیف چار حرفی اور پنج حرفی تالیف ثانی ہے اور تازی مین معتبر ہے بعضون نے
فاصلے کو فاضلہ بضاد معجمہ لکھا ہے اور بعضون نے فرق درمیان دونون فاصلونکے بصاد مہملہ اور
ضاد معجمہ کیا ہے اور بعضے قایل بفاصلۂ ثالث ہوئے ہین اور اُسکو فاصلۂ عظمے کہتے ہین پانچ
متحرک اور ایک ساکن مگر یہ نہایت ناپسندیدہ ہے اور اِس مقام پر صاحب میزان نے یہ حاشیہ
لکھا ہے ح قولہ در عروض تازی الی آخرہ وجہ تخصیص اعتبار فاصلہ در عروض تازی معلوم نمیشود
بل بسیاری از عروضیان عجم نیز قائل ہر دو فاصلہ بودہ اند و بعضی منکر آری فرق اینقدر ہست کہ در اصل
افاعیل فارسی فاصلۂ صغری ہم مستقل نیست بخلاف عربی کہ دران فاصلۂ صغری مستقل ہست مثل متفا و علتن
در متفاعلن و مفاعلتن اما اینقدر کافی نیست چہ برین تقدیر اعتبار فاصلۂ کبرے را وجہی بہم نمے رسد
معہذا کلام در اکتفا بہ نسبت موزونات ہست و شک نیست کہ اعتبار اسباب و اوتاد مغنی از فاصلہ ہست
و برای وزن ہمہ موزونات کافی ہست و لہذا اخفش بعد از خلیل وجودش را منکر گردیدہ و گفت کہ
فاصلۂ صغری بحقیقت سبب ثقیل و خفیف ست و فاصلۂ کبری سبب ثقیل و وتد مجموع ہست پس فاصلہ

از اجزای اولیہ قرار دادن معنے ندارد و غایت باثقال از جانب خلیل و پیروانش کہ قایل بوجود فاصلہ
بودہ اند آنکہ چون خلیل بنای اوزان عروضی بطور وزن صرف نہادہ و لہذا فا و عین و لام را در ہمہ اوزان
بکار بردہ و در کلام عرب کلمہ چہار حرفی با سہ حرکت متوالی و پنج حرفی با چہار حرکت متوالی نیز یافتہ می شد
نہ زیادہ ازان مثل فرسٌ و ضبطٌ لہذا برای وزن این ہر دو را فاصلہ قرار دادند و ازینجاست کہ در دائرہ
مؤتلفہ در لفظ متفاعلن و مفاعلتن شروع از سبب خفیف کردہ بحر ثالث پیدا ورد نمی انفکاک تن بوزن
تن مفاعل و فاعلن ست بحرکت آخر قرار ندادہ اند اما این قول مخدوش ست باینکہ اگر مدار اعتبار
اجزای اولیہ شعر بر اوزان مختلفہ اصلیہ عرب ست پس بسیار اسمای ست از ثلاثی و رباعی و خماسی مثل جعفر
و پرش و درہم و قمطر کہ اجزای مذکورہ وزن انش نمیتوانند شد و عدم انفکاک بحر از سبب خفیف مذکور نیز دلیل
عدم ترکیب از سببین نیست چہ آن بجہت عدم استعمال ست بل مصنف علام از بعضی عروضیان انفکاکش
را ہم نقل کردہ و وزنش خواہد آنگ آوردہ کما سیاتی اور دوسرا حاشیہ یہ لکھا ہے ح قولہ ہر دو
نہ ازان تالیفات اول اشارت است بعدم احتیاج اعتبار فاصلہ تم کلامہ پس عاقل بصیر پر ظاہر ہے
کہ اس حاشیے کو مطلب کتاب سے کیا واسطہ اور ایک جگہ لکھتے ہین کہ ازین قول انکار فاصلہ معلوم
می شود اور دوسری جگہ لکھتے ہین کہ وجہ تخصیص فاصلہ در عروض تازی معلوم نمی شود تیسری جگہ
لکھتے ہین اور خود قائل ہوتے ہین کہ در عربی فاصلہ صغری مستعمل ست چوتھی جگہ لکھتے ہین کہ اعتبار
فاصلہ کبری اوچہی بہم نمیرسد پانچوین جگہ لکھتے ہین کہ سہ حرکت متوالی و چہار حرکت متوالی در عرب
مستعمل است چھٹی جگہ لکھتے ہین کہ فاصلہ را از اجزای اولیہ قرار دادن معنی ندارد حالانکہ محقق علیہ الرحمہ
فاصلہ کو ایک تالیف ثانی کہا ہے ساتوین جگہ لکھتے ہین کہ وجہ عدم انفکاک بحر از سبب خفیف در دائرہ مؤتلفہ
عدم استعمال است کیا بحر غیر مستعمل دائرے سے نہین نکالتے بلکہ نکال کر غیر مستعمل لکھ دیتے ہین ایسا
حاشیے کا یہ حال ہے پس ایسے کلام بیہودہ معلوم ہوتے ہین اور یہ عبارت دوسرے حاشیے کی
کہ ہر دو نہ ازان تالیفات اول باشند اشارت ست بعدم احتیاج اعتبار فاصلہ اس قبیل سے ہے
کہ کوئی کہے فلان کس آنکھ نہین رکھتا دوسرا کہے یہ اشارہ ہے طرف بینائی کے برعکس نہند نام
زنگی کافور ہم و عادت عروضیان آن باشد کہ درین موضع ابیات مرکب ازین اجزا ایراد کنند پس بین متوالی
از سبب خفیف تازی بیت ارسع منی یا ابن الدنیا ☆ احمل خیر انزد و حسنا ☆ رکض مجہول یا مسکین

بار جز مطوی مسکّن یا رمل مخبون مسکن یا ہزج مکفوف مخنق و بپارسی **بیت** یاری کز من دوری
جوید ٭ عشقش زہی ست تاکی پوید ٭ و از سبب ثقیل تنہا شعر محال ہست اما شتابازی چنین بود ٭ لذکہ بکت
وجد انشا ہمکت فجمد وطلب برکتہ شیمکت و بپارسی چنین ٭ پسر تو زچہ نشدہ زپی ہنر تو ٭ کہ ہنر تو بدہ
زبرکت پدر تو **ت** اور عادت عروضیون کی یہ ہے کہ اس جگہ ابیات مرکب ان اجزا سے
وارد کرتے ہین یعنی تنہا سبب اور تنہا وتد اور تنہا فاصلہ مین شعر کہے ہین شعر سبب خفیف کا عربی مین
یہ ہے ؎ اِسْمَعْ مِنّی یَا ابْنَ الدُّنْیَا ٭ اِعْمَلْ خَیْراً تَزْدَدْ حُسْنًا ٭ ترجمہ یہ ہے سن مجھسے اے
فرزند دنیا کے کر نیکی کہ زیادہ ہو تو از روے نیکی کے تزدد اصل مین تزتود تھا باب افتعال سے
تے کو دال سے بدل کیا بعد اسکے واو متحرک ما قبل اسکے مفتوح واو کو الف سے بدل کیا اجتماع
ساکنین کا ہوا درمیان الف اور دال آخر کے الف گر گیا کسواسطے کہ دال آخر ساکن ہوئی بسبب اسکے
کہ یہ مضارع جواب امر مین ہے اور جو مضارع جواب امر مین پڑتا ہے آخر اسکا ساکن ہوتا ہے
اور یہ رکض مخبون مسکّن ہے یعنی متدارک مخبون مسکّن رکن اصلی فاعلن تھا خبن سے الف گر گیا
فعلن بتحریک عین رہا بعد اسکے تسکین سے عین ساکن ہوا فعلن رہا پس فعلن چار بار تقطیع اس
شعر کی ہے اور اس شعر کی تقطیع رجز مطوی مسکن اور رمل مخبون مسکن اور ہزج مکفوف مخنق سے
بھی ہو سکتی ہے کسواسطے کہ رجز مطوی مسدس محذوف العروض والضرب یہ وزن ہے مفتعلن
مفتعلن فعلن جب اسکو مسکن کیجیے مفعولن مفعولن فعلن ہو جاے پس وہی وزن ہے اور بیان
رجز مین محقق علیہ الرحمہ نے لکھا ہے کہ مفعولن مفعولن مفعولن مفعولن مین ہر مرتبہ ایک سبب کم کرنے سے
ایک وزن ہو جاتا ہے اور رمل مخبون مسدس محذوف العروض والضرب یہ وزن ہے فعلاتن
فعلاتن فعلن جب اسکو مسکن کیجیے مفعولن مفعولن ہو جائے پس وہی وزن ہے اور یہ وزن اوزان
رمل مین داخل ہے اور ہزج اخرب مسدس محذوف الضرب العروض یہ وزن ہے اور بیان اوزان مین
داخل ہے مفعول مفاعیل فعولن جب اسکو مسکّن کیجیے مفعولن مفعولن فعلن ہو جائے پس وہی وزن ہے
مگر یہان جو محقق علیہ الرحمہ نے ہزج مکفوف مخنق کہا ہے اسکی صورت یہ ہے کہ مفاعیل مفاعیل
مفاعیل کو کہ مکفوف ہین جب دائرے مین لکھے جائین اور مخنق کرین اسطرح کہ لام آخر رکن میم اول
رکن سے ملے تو یہ وزن ہو جائے مفعولن مفعولن پس جب اسکو محذوف کرین تبھی وزن ہو جائے

صاحب شرح کے ذہن مین یہ مطلب نگذرا لہذا یہ لکھا **ش** لفظ مکفوف با ہزج غلطی کاتب است
زیرا کہ فقط مخنق فاعیلن مفعولن است و مکفوف آن فاعیل باشد کہ بروزنش مفعول آید و در یجا مفعولن
بکار است تم کلامہ حال آنکہ تخنیق اول رکن مین نہین آتا تخنیق کو بعضون نے بجاو نون معجمتین لکھا ہے
اور بعضون نے بجار مہملہ اور با سے موحدہ لکا سیانی محمد بن قیس لکھتا ہے کہ تخنیق ہم خرم است
لیکن بحکم آنکہ در اشعار عرب خرم جز در ابتدای مصاریع روا ندارند چون عجم کہ در جملہ اجزای بیت جائز
داشتہ اند آنرا در غیر ابتدا تخنیق خوانند تم کلامہ اور فارسی مین شعر سبب خفیف تنہا کا یہ ہے
بیت یاری کزمن عدوری جوید ؎ عشقش زی من تاکی پوید ؎ زی من اسے طرف من اور تقطیع
چار بار فعلن بسکون عین ہے اور سبب ثقیل تنہا سے شعر محال ہے اسواسطے کہ فارسی مین
حرکتین تین سے زیادہ نہین ہوتی ہین اور عربی مین زیادہ چار سے پس گنجایش تحریک تمام حروف
کہان مگر نثر کہ مثال اسکی عربی مین یون ہے وَلَدُکَ بِکَ وَجَدَا ثَرَ ہِمَمِکَ × فَجَہَدَا وَطَلَبَ بَرَکَتَہ
شِیَمِکَ ؎ معنی یہ ہین کہ تیرے فرزند نے تجھسے پائے نشان تیری ہمتون کے پس سعی کی اور طلب
کی برکت تیری خصلتون کی اور فارسی مین نثر یون ہے پسر تو چہ نشدہ زپی ہنر تو کہ ہنر تو بدہ
ز برکت پدر تو ترجمہ یہ ہے فرزند تیرا کیون نہوا پیرو تیرے ہنر کا کہ ہنر تیرا ہے برکت سے
تیرے باپ کی آوردا واو رہے کہ واسطے اظہار حرکت کے ہے معتبر نہین رکض بالفتح وضاد معجمہ
پانون ہلانا گھوڑے کا اور دوڑنا کشف سے اور صراح سے اور گھوڑے کا دوڑانا بحر الجواہر سے
کذا فی الغیاث شیم بکسر اول و فتح ثانی عادتین اور خو جمع شیمہ کذا فی الغیاث ھم واز وتد مجموع تنہا زی
شعر فطالما وطالما وطالما ؎ سقی اکف خالد واطعما ؎ رجز مجنون و پارسی چنین **شعر** حبیب
ندارم از نگار من ؎ کہ پی گنہ برون شد از کنار من ؎ رجز مجنون یا ہزج مقبوض است اور وتد مجموع
تنہا سے شعر عربی مین یون ہے شعر جو مرقومہ متن ہے معنے اسکے یہ ہین پس دراز ہوا اور دراز ہوا
اور دراز ہوا یہ امر کہ پانی پلایا دست خالد سے اور کھانا کھلایا رجز مجنون یعنی مفاعلن مفاعلن مفاعلن
مفاعلن مفاعلن مفاعلن اور فارسی مین شعر وتد مجموع تنہا کا یہ ہے بیت جو مرقومہ متن ہے پس
نگار من شعر مذکور مین بمعنے نگار خود ہے رجز مجنون جیسا کہ بیان کیا گیا یا ہزج مقبوض کہ رکن اصلی مفاعیلن
ہے قبض سے پانچوان حرف گر گیا مفاعلن ہوا تو وہم نہو کہ محقق علیہ الرحمہ نے شعر عربی کو ہزج مقبوض

کیون نہ کہا اسواسطے کہ عربی مین ہزج مسدس مستعمل نہین ہے ہمیشہ مجزو آتی ہے یعنی مربع بخلاف فارسی کے
م واز وتد مفروق تنہا بتازی **شعر** لَا اَرٰی مِنَ الْفُؤَادِ نَدَارَاکَ ٭ اِنَّ بِمَیْلٍ نَحْوَ شَادِنٍ سِوَاکَ ٭
رمل مکفوف وبپارسی **شعر** انچہ از ستم بروی من رسید ٭ ہیچ آفریدہ درجہان ندید + رمل مکفوف وحرف
اواخر لامحالہ ساکن گردد تا شعر توانَد بود چنانکہ گفتیم **ت** اور شعر وتد مفروق تنہا سے عربی مین یہ ہے
جو مرقوم متن ہے معنی اسکے یہ ہین نہین دیکھتا ہون مین دل سے جسوقت دیکھتا ہون مین تجھکو کہ میل
کرے وہی دل طرف کسی آہو بچہ کے سوا تیرے رمل مکفوف ہے رکن اصلی فاعلاتن ہے کف سے
نون گر گیا فاعلاتُ بضم تا رہا پس وزن اس شعر کا چھ بار فاعلات ہے اور فارسی مین یہ شعر ہے
جو مرقوم متن ہے اور لفظ بت شعر مذکور مین بمعنی معشوق ہے رمل مکفوف ہے جیسا کہ بیان کیا اور حرف
اواخر عروض وضرب مین لامحالہ ساکن ہونگے تا شعر کہ سکین جیسا کہ کہا ہم نے کسواسطے کہ اواخر ابیات
ہمیشہ ساکن ہوتی ہین اور اسکا بیان فصل دوم مین ہو چکا ہے کما قال آخر ہیچ شعر نہ بتازی و نہ بپارسی
متحرک نشاید م واز فاصلۂ صغریٰ بتازی **شعر** اَرَاَیْتَ بِحَاضِرِہِمْ اَثَرًا ٭ وَسَمِعْتَ بِغَائِبِہِمْ خَبَرًا ٭
رکض مخبون وبپارسی **بیت** ببری صنما دل وجان رہی ٭ لبکان بر ہی تنہی نہی ٭ رکض مخبون
ت اور شعر فاصلۂ صغریٰ تنہا کا عربی مین یہ ہے جو مرقوم متن ہے معنی اسکے یہ ہین آیا دیکھا
تو نے واسطے انکے حاضر کی کوئی اثر اور سنی تو نے واسطے انکے غائب کی کوئی خبر رکض مخبون ہے یعنی
فعلن بتحریک عین چار بار تقطیع اس بیت کی ہے اور فارسی مین بیت فاصلۂ صغریٰ تنہا سے یہ ہے
جو مرقوم متن ہے معنی یہ کہ لیے جاتا ہے تو اے معشوق دل بندے کا اور جان بندے کی
بوسہ ہونٹھون کا اگر بندے کو ندے گا تو چھوٹے گا تو رکض مخبون ہے یعنی فعلن چار بار ہے بکسر تین
غلام اور عید کشف اور موید سے اور برہان مین بفتح اول اور سراج مین بھی بفتح اول لذا فی الغیاث
ولیکان اسی لب نام واز فاصلۂ کبریٰ بتازی **شعر** وَثِقَلٍ مَنَعَ خَیْرَ طَلَبٍ ٭ وَعَجَلٍ مَنَعَ خَیْرَ تُؤَدَہٍ ٭
رجز مخبون وبپارسی **شعر** صنما سخن زلبت بشنوی ٭ دلک من نپذیری نشنوی ٭ رجز
مخبول وبیشتر ازین ابیات ناخوش است خاصہ بیت اخیر **ت** اور بیت مثال فاصلۂ کبریٰ تنہا کی
عربی مین یہ ہے جو مرقوم متن ہے پس شعر مذکور مین ثقل بروزن عنب بمعنی انگور اور عجل بروزن
فرس اور تودہ بضم تا اور فتح ہمزہ ہے ترجمہ شعر کا یہ ہے کہ بہت سی گرانباریان اور سستیان


ہین کہ منع کرتی ہین غیر مطلوب کو اور بہت سی جلدیان ہین کہ منع کرتی ہین خیر دزنگ کو رجز مخبول
ہے رکن اصلی مستفعلن خبن سے سین گرا اور طے سے فے گری متعلن رہا فعلتن اسکے مقام پر
لائے اور فارسی مین مثال اسکی یہ ہے جو بیت مرقومہ متن ہے معنے اسکے یہ ہین اے معشوق
میرے میرے نزدیک سے بجا تو دل میرا نہ لیجا تو اور بجا تو نبشوی آخر مین واسطے تاکید مضمون
ماقبل کے ہے اور یہ رجز مخبول ہے جیسا کہ بیان کیا گیا اور اکثر ان بیتون مین ناخوشی ہین خصوصًا
بیت آخر م **فصل چہارم** در ارکان شعر کہ مولف بود ازین اجزا خلیل احمد کہ عروض تازی
استخراج کردہ است عبارت از ارکان شعر بالفاظی کردہ است کہ از لفظ فعل مشتق باشد چنانکہ
اہل موسیقی بلفظی کنند کہ از تا و نون مولف باشد و باین سبب ارکان شعر را افاعیل و تفاعیل خواندہ است
و ارکان شعر بعضے بطبع آید و آنرا اصول خوانند و بعضے نچنان و آنرا فروع خواندت خلیل
ابن احمد نے کہ عروض تازی نکالا ہے ان ارکان کی عبارت بنائی ہے ان لفظون سے کہ سب لفظ
فعل سے مشتق ہین جیسے اہل موسیقی مثلاً تنا اور تونی وغیرہ کو تا اور نون یعنی تن سے عبارت کرتے
ہین اور اسی سبب سے ارکان شعر کا نام افاعیل اور تفاعیل رکھا ہے کہ فعل سے مشتق ہین اور
ارکان شعر کے بعضے موافق طبیعت کے ہوتے ہین انکو اصول کہتے ہین اور بعضے ایسے نہین ہوتے
یعنی موافق طبیعت کے نہین ہوتے ظاہر ہے کہ جب زحاف سے رکن اصلی متغیر ہوگا الفاظ نا مطبوع
نکلین گے انکو فروع کہتے ہین م و ہر رکن کہ از تکرار جزوی باشد ملذ نبود و باین سبب رباعی
و سداسی را کہ از تکرار اسباب تنہا یا از اوتاد تنہا بود از اصول نشمرند و ہر رکن کہ دراز شود ہم ملذ
نبود از جہت آنکہ اقتضای ملالت کند و ازین سبب زیادہ از سباعی در اصول مستعمل نیست پس
اصول یا خماسی بود یا سباعی و خماسی مولف از سببی و وتدی بود اگر سبب خفیف بود و وتد مجموع
ازان دو تالیف ممکن باشد یکی آنکہ وتد مقدم بود و مرکب بروزن فعولن بود و دوم آنکہ سبب مقدم بود
و مرکب بروزن فاعلن بود و این ہر دو در شعر تازی از اصول اند و در شعر فارسی دوم مستعمل نیست
و دیگر تالیفہا ممکن کہ در خماسی افتد و این شش نوع باشد از اصول نشمرندت اور جو رکن کہ
تکرار ایک جزو سے بنے گا ملذ یعنی لذت بخشندہ نہوگا اس سبب سے کہ رباعی کو جیسے فعلن اور
سداسی کو جیسے مفعولن اور مفاعلن کہ تکرار اسباب یا اوتاد سے بنتے ہین اصول شعر سے

نہین کہتے ہین اگرچہ مشتقات فعل سے یہ بھی ہین اور چورکن کہ درازہو وہ بھی ملذ نہوگا اس
جہت سے کہ اقتضا اسے ملالت کرتا ہے لہذا زیادہ سباعی سے اصول مین مستعمل نہین کیا
پس وصول یا خماسی ہونگے جیسے فعولن اور فاعلن یا سباعی ہونگے جیسے مفاعیلن اور فاعلاتن وغیرہ
اور خماسی مولف ایک سبب اور ایک وتد سے ہوتا ہے پس اگر سبب خفیف ہوا ور وتد
مجموع اس سے دو تالیفین ممکن ہین ایک یہ کہ وتد مجموع مقدم ہو وہ مرکب بروزن فعولن
ہوگا اور دوسرے یہ کہ سبب خفیف مقدم ہو وہ مرکب بروزن فاعلن ہوگا اور یہ دونون یعنی فعولن
اور فاعلن شعر تازی مین اصول سے ہین اور شعر فارسی مین دوسرا یعنی فاعلن مستعمل نہین ہے پس اصول شعر فارسی سے
بھی نہین ہے اور تالیفین اور بھی ایک سبب اور ایک وتد سے ممکن ہین کہ خماسی مین واقع ہوتی ہین وہ سب
آٹھ ہین انمین چھہ تالیفین جو اور ممکن ہین انکو اصول سے نہین جانتے نہ عربی مین نہ
فارسی مین پس از روے احتمالات عقلی کے بنا سے خماسی ہین اسباب اور اوتاد سے آٹھ
صورتین ہوسکتی ہین چار تقدیم سبب خفیف یا ثقیل سے وتد مجموع یا مفروق پر اور چار تقدیم
وتد مجموع یا مفروق سے سبب خفیف یا ثقیل پر پس انمین دو صورتین جیسا کہ مصنف نے
بیان کیا مستعمل ہین باقی چھہ نامستعمل اسواسطے کہ تالیف وتد مجموع ساتھ سبب ثقیل کے بتقدیم
و تاخیر دونون ناخوش ہین کس لیئے کہ تقدیم سبب ثقیل مین توالی چہار حرکت لازم آتی ہے
اور تاخیر سبب ثقیل مین حرف آخر کلمہ متحرک ہوتا ہے یہ دونون ناروا ہین اور تالیف سبب
ثقیل کے ساتھ وتد مفروق کی بھی بد ہے کس لیئے کہ تقدیم اور تاخیر دونون مین آخر کلمہ متحرک
ہوتا ہے پس یہ دونون بھی روا نہین اور تالیف سبب خفیف کے ساتھ وتد مفروق کی پس
تقدیم سبب مین وہی قباحت ہے تحریک آخر کی اور تقدیم وتد مفروق مین بعینہ صورت فاع لن
کے ساتھ فاعلن کے ہے اور تکرار نازیبا ہے ح قولہ وابن ہر دو در شعر تازی از اصول اند
یعنی من حیث المجموع والا اول در شعر فارسی ہم از اصول است تم کلامہ اسی جگہ داخل ہونا فعولن کا
اصول فارسی مین ثبت ہے پس حاشیہ تحصیل حاصل ہم و اما سباعی مولف از دو سبب و یک وتد
باشند و از اسباب ہر دو ثقیل نشاید پس اگر ہر دو خفیف بود و وتد مجموع تالیف ازان سہ نوع تواند بود
اول آنکہ وتد بر ہر دو سبب مقدم بود و این بروزن مفاعیلن بود دوم آنکہ میان ہر دو سبب بود

وآن بروزن فاعلاتن بود سوم وتد آن از ہر دو سبب متاخر بود وآن بروزن مستفعلن بود ت
و اما رکن سباعی یعنی ہفت حرفی مولف دو سبب اور ایک وتد سے ہوتا ہے اور بچاہئے کہ دونوں
سبب ثقیل ہوں بسبب توالی حرکات اربعہ کے البتہ اگر ایک سبب ثقیل اور ایک سبب خفیف
ہو مضائقہ نہیں جیسے متفاعلن اور مفاعلتن میں پس اگر دو سبب خفیف ہوں اور ایک وتد مجموع
تالیف اسکی تین طرح پہ ہو سکتی ہے اول تقدیم وتد مجموع دو سبب خفیف پہ یہ بروزن مفاعیلن
ہوا دوسرا وتد مجموع درمیان دو سبب خفیف کے یہ بروزن فاعلاتن ٹھہرا تیسرا تاخیر وتد
مجموع کے دو سبب خفیف سے یہ بروزن مستفعلن قرار پایا ھم و اگر وتد مفروق بود سہ نوع
دیگر تالیف تواند بود اول بروزن فاع لاتن دوم بروزن مس تفع لن سوم بروزن مفعولات و
اول و دوم این صنف در لفظ مانند دوم و سوم صنف گذشته است و در کتابت بعضے فرق کنند
باآنکه اجزای صنف دوم از یکدیگر منفصل نویسند و این شش رکن از اصول اند و ہژدہ تالیف دیگر
سباعی ممکن بود که در شعر فارسی از اصول نشمرند بسبب گرانی آن ت اور اگر وتد مفروق ہو اس سے
بھی تین طرح کی تالیفیں ہو سکتی ہیں اول بروزن فاع لاتن دوم بروزن مس تفع لن سوم
بروزن مفعولات وزن پہلا اور دوسرا اس قسم کا مانند وزن دوسری اور تیسری قسم گذشتہ کے
ہے لیکن کتابت میں بعضے فرق کرتے ہیں اس طرح پہ کہ اجزاے قسم دوم کو یکدیگر سے منفصل اور
جدا لکھتے ہیں اور یہ چھ رکن اصول سے ہیں اور اٹھارہ تالیفیں اور اس سباعی کی ممکن ہو سکتی
ہیں کہ شعر فارسی میں انکو اصول سے نہیں گنتے بسبب گرانی اور ثقالت کے پس از روے
احتمالات عقلی کے بنائے سباعی میں تقدیم اور تاخیر اور توسیط اسباب اور اوتاد سے چوبیس تالیفیں
کہ جس وافی مین تغیر ہوگا وہ غیر تام ہوگا ھ واگر جزوی یعنی رکنی از ہر مصراعی از وحذف کردہ استعمال کنند آنرا مجزو خوانند واگر از یک بیت یک نیمہ حذف کردہ استعمال کنند او را مشطور خوانند واگر دو ثلث حذف کردہ استعمال کنند منہوک خوانند ت اور اگر ایک رکن مصرع سے کم کرکے استعمال کرین اُسکو مجزو کہتے ہین پس اگر بیت مثمن ہوگی مسدس رہے گی اور اگر مسدس ہوگی مربع رہے گی اور اگر ایک نیمہ بیت سے حذف کرکے استعمال کرین اُسکو مشطور کہتے ہین یعنی نصف پس اگر بیت مثمن ہوگی مربع رہے گی اور اگر مسدس ہوگی مثلث رہے گی دونون مصرعون مین اور اگر دو ثلث حذف کرکے استعمال کرین اُسکو منہوک کہتے ہین پس بیت مسدس مثنی رہجائے گی دونون مصرعون مین اور منہوک بیت مثمن مین ممکن نہین ہے مجزو بزا معجمہ بحر مسدس کہ اصل وضع مین مثمن ہو باعتبار دور کرنے ایک جزو کے اُس سے کذا فی الغیاث اور مجزو مہموز اللام بمعنی پارہ پارہ کردن ہے لغت مین اور مجزو مجازاً صفت جزو اخیر کی واقع ہوتی ہے اور مسدس بھی مجزو آتی ہے اور شطر بالفتح اور سکون ثانی بمعنی نصفی ہر شئے اور نیمہ اور پارہ منتخب اور صراح سے اور نہک بالفتح کہنہ اور فرسودہ ہونا کپڑے کا پہننے مین اور لاغر اور ضعیف کرنا بیماری کا کذا فی المنتخب اور محقق علیہ الرحمہ نے خود معنی ان لفظون کے فصل نہم مین لکھے ہین ح قولہ مشطور از شطر بمعنی نصف پس مشطور بمعنی نصف کردہ شدہ و آن در دو بحر جائز باشد و بس و آن رجز و سریع ست نزد غیر خلیل چہ خلیل شعر را دو مصراع و عروض و ضرب لازم میداند پس مشطور نزد و قائلش مثلث باشد پس از ینجاست کہ سکاکی میگوید فالمربع یسمی مجزوًا و المثلث مشطورًا و مربعوا المثمن پس اینچہ مرزا قتیل در چار شربت می آرد در اشعار عربی مربع نیز آمدہ و مشطور ہم خوانند غلط محض ست تم کلامہ یہان مرزا قتیل بیچارے بھی زیر شمشیر اعتراض آگئے عجب بات ہے کہ آگے اسکے خود مشطور کو مربع لکھتے ہین اشعار عربی مین چنانچہ بحر مدید مین عبارت محقق علیہ الرحمہ کی یہ ہے و بعضے مشطور روا داشتہ اند اور حاشیہ اُسکا یہ ہے قولہ مشطور یعنی مربع نحو ؎ یا لبکر لا تنوا ۞ لیس ذا حین وَنِیٰ ھ و ہر بیت کہ ہر دو مصراع او متساوی بود و مقفٰی او را مصرّع خوانند و اگر مصراع اول از دوم جدا نشود او را معقد خوانند ت اور جو بیت کہ دونون مصرع اُسکے متساوی ہون

وزن مین اور ارکان مین اور مقفے خواہ مطلع قصیدے خواہ غزل کا خواہ بیت مثنوی کی اسکا
مصرع کہتے ہین اور جو بیت کہ مصرع اول اسکا مصرع ثانی سے جدا نہو مثلاً ایک رکن آدھا
اس مصرع سے متعلق ہو آدھا دوسرے مصرع سے اسکو معقد کہتے ہین اور وہ بیت مجازاً بیت
ہوگی مصرع بضم میم و فتح صاد و تشدید رای مہملہ مفتوح و عین مہملہ مصرع آوردہ شدہ غیاث سے تصریع
قافیہ لانا مصرع اول بیت مین منتخب سے معقد صیغہ مفعول تعقید سے اور تعقید گرہ دینا
اور سخن پوشیدہ کہنا کہ خوب سمجھ مین نہ آئے غیاث سے ہم و عروض و ضرب را اگر سالم باشد
یعنی از تغیرات خالی صحیح خوانند و اگر از نقصانی خالی نبود منتقض خوانند ت اور عروض اور
ضرب اگر سالم ہون انکو صحیح کہتے ہین اور اگر نقصان سے خالی نہون بسبب زحافات کے
انکو منتقض کہتے ہین اور انتقاض بالکسر و قاف شکستگی منتخب اور غیاث سے ہم و رکنی را
کہ عروض بیت بود بروجہی کہ جز چنان نشاید خواہ صحیح خواہ منتقض اورا فصل خوانند و رکن ضرب را
چون بروجہی بود کہ جز چنان نشاید غایت خوانند و بعد ازین بشرح تغیرات کہ در ارکان افتد
مشغول شویم واللہ اعلم ت اور جو رکن کہ عروض بیت ہو اسطرح پر کہ سوا اُسکے سزاوار
نہو یعنی ایک ہی عروض آیا ہو خواہ صحیح خواہ منتقض صحیح جیسے ہزج مثمن اور مضارع اور مجتث
مین کہ سالم ہوتا ہے اور بس اور منتقض جیسے طویل مین کہ عروض مقبوض ہوتا ہے اور بس
اور مقتضب مین کہ مطوی ہوتا ہے اور بس پس ایسے عروض کو فصل کہتے ہین اور رکن
ضرب جب ایسا ہو کہ سوا اُسکے سزاوار نہو یعنی ایک ہی ضرب آتی ہو خواہ صحیح ہو خواہ منتقض
پس صحیح جیسے مضارع اور مجتث مین کہ رکن ضرب سالم ہوتا ہے اور بس اور منتقض جیسے
مقتضب مین کہ رکن ضرب مطوی ہوتا ہے اور بس پس ایسی ضرب کو غایت کہتے ہین فصل
جدا کرنا اور جدا ہونا اور بار رکھنا اور رکنا اور مجازاً یعنی قطع غیاث سے مناسبت تسمیہ
ظاہر ہے اور غایت نہایت ایک شے کی منتخب سے پس جب اس بیان سے فراغت ہوئی
اب تغیرات ارکان کا بیان شروع ہوتا ہے واللہ اعلم

فصل ششم در تغیرات ارکان

والقاب آن بتفصیل فروع ہر یک از اصول ارکان این رکنہا کہ اصول بحرہا است ہمہ
برانگونہ کہ در دوائر افتد بنا در استعمال کنند و بیشتر چنان بود کہ دران تصرفی کنند بہ نقصان حرکتے

یا حرفی یا جزوی یا بزیادت حرفی یا جزوی و وجہ مستعمل باد ہر بحری بنائے آن بحر خوانند
پس ہر رکن کہ در دائرہ بر اصل وضع باشد یعنی ہیچ تغیر آنرا سالم خوانند واما در بنا باشد کہ سالم باشد
و یا شد کہ معلول شود و ہر تصرف کہ در وی رود نوعے از تغیر باشد و ہمچنانکہ ارکان سالم را اصول
خوانند ارکان متغیرہ را فروع خوانند و بعضے بجاے تغیر زحاف گویند **ت** یہ ارکان کہ اصول
بحر ونکے ہین جسطرح دائرون مین واقع ہوتے ہین اسی طرح یعنی سالم اکثر مستعمل ہوتے
ہین اکثر انمین تصرف کیا جاتا ہے پس وہ تصرف یا بہ نقصان ہے جیسے نقصان حرکت کا
مثلاً متفاعلن باضمار مستفعلن ہو جاتا ہے یا نقصان حرف کا جیسے مستفعلن بخبن مفاعلن ہو جاتا ہے
یا نقصان جزو کا اور جزو سے مراد سبب اور وتد ہین جیسے فعولن بحذف فعل ہو جاتا ہے یا وہ
تصرف بزیادت ہے زیادت حرف جیسے فعولن باشباع فعولان ہو جاتا ہے یا زیادت جزو
جیسے مستفعلن بہ ترفیل مستفعلاتن ہو جاتا ہے اور زیادت حرکت نہین ہوتی اور وجہ مستعمل ہر
بحر کو بنا اس بحر کی کہتے ہین یعنی ارکان نا متغیر جیسے دائرے مین واقع ہوتے ہین
انکو بنا کہتے ہین پس جو رکن دائرے مین اصل وضع پہ ہوا اور اس مین تغیر نہوا ہو اسکو
سالم کہتے ہین لیکن بنا مین کبھی رکن سالم ہوتا ہے اور کبھی معلول یعنی متغیر کہ دائرہ ارکان
سالم اور متغیر دونون کا ہوتا ہے پس جسطرح کا کہ تصرف اس مین ہوا ہو وہ ایک نوع
تغیر ہے پس جیسا کہ ارکان سالم کو اصول کہتے ہین ارکان متغیرہ کو فروع کہتے ہین اور بعضے
اس تغیر کو زحاف کہتے ہین مطلب یہ کہ ارکان دوائر کو سالم ہون خواہ متغیر بنا کہتے ہین
مگر چونکہ دوائر مزاحفہ کے ارکان مین ایک نوع کا تغیر ہوا ہے انکو بھی فروع کہنا چاہیے
اور جن ارکان مین کسیطرح کا تغیر نہین ہوا ہے وہ سالم ہین زحاف بالکسر گر پڑنا اور ساقط
ہونا ایک حرف کا دو حرف سے شعر مین اور اس شعر کو مزاحف بفتح حا کہتے ہین منقب
سے ہم و بعضے زحاف تغیری را گویند کہ در بنا جائز بود و شعر بی آن تغیر نیکو تر بود و بعضے زحاف
اسقاط ساکن سبب خفیف را گویند و بس **ت** اور بعضے زحاف اس تغیر کو کہتے ہین
کہ بنا مین جائز ہو مگر شعر بغیر اسکے بہتر ہو یعنی تغیرات نامربوط کو زحاف کہتے ہین اور بعضے
اسقاط ساکن سبب خفیف کو فقط زحاف کہتے ہین اور بس اور جو تغیر سوا اسکے ہے اسکا

علت کہتے ہین اور معلوم کیا چاہئیے کہ بہتر سب مین قول اول ہے اور مختار جمہور بھی یہی ہے
م در جملہ تغیر بنقصان بود یا بزیادت و تغیر بنقصان یا خاص نبود بموضعی یعنی در ہر موضع کہ آن
رکن افتد آن تغیر ممکن باشد یا خاص بود باوایل ابیات و مصراعہا یا باواخر آن و تغیر بزیادت
ہمیشہ خاص بود باوایل و یا باواخر و در اواسط نیفتد و ہر یک ازین انواع یا بتازی خاص بود
یا بپارسی یا در ہر دو لغت مستعمل بود و چون سبقت در شعر تازیان راست و خلیل احمد کہ مستخرج
عروض ایشان ست بر اکثر اشعار ایشان واقف بود و تغیرات آن لغت را احصا کردہ است و
آنرا القاب مناسبہ نہادہ و در پارسی و دیگر لغات ہمچنان ست بلکہ بعضے ازان فرا گرفتہ اند
و بعضے کہ خاص بلغت خود یافتہ اند بآن اضافہ کردہ و در وضع القاب با یکدیگر خلاف ہا
کردہ اند ما ابتدا بتغیرات شعر تازی کنیم چہ آنچہ بایشان خاص ست و چہ آنچہ مشترک ہست
گوئیم ست اور ان سب ارکان مین تغیر یا بہ نقصان ہوتا ہے یا بزیادت پس تغیر بنقصان
یا خاص نہین ہوتا کسی جگہ یعنی جس جگہ وہ رکن پڑتا ہے وہ تغیر بھی ممکن ہوتا ہے یا خاص
ہوتا ہے باوایل ابیات و مصاریع یا باواخر ابیات و مصاریع اور تغیر بزیادت ہمیشہ خاص
ہوتا ہے باول یا باخر اوسط مین نہین ہوتا اور ہر ایک تغیر ان تغیرات سے یا عربی مین خاص
ہے یا فارسی مین خاص ہے یا دونون مین مستعمل ہے اور چونکہ سبقت شعر مین اہل عرب کو
ہے اور خلیل احمد کہ واضع عروض عربی ہے اور اکثر اشعار عرب سے واقف ہے اُسنے
تغیرات عرب کے احصا کیئے ہین یعنی چونتیس زحاف لکھے ہین اور انکے نام مناسب رکھے
ہین اور فارسی وغیرہ زبانون مین ایسا نہین ہے بلکہ بعض زحاف عرب کے لیے ہین
اور بعض کہ اپنی زبانون مین خاص پائے ہین اُنپر زیادہ کیئے ہین اور نام رکھنے مین
بایکدیگر بہت خلاف کیا ہے یعنی کسی نے کوئی نام رکھا ہے کسی نے کوئی لہذا ہم ابتدا بتغیرات
شعر تازی کرتے ہین جو کچھ کہ اُنکی زبان مین خاص ہے اور جو کچھ کہ زبان عرب اور
زبان فارس مین مشترک ہے کہتے ہین معلوم ہو کہ اعداد زحافات مین اختلاف بہت ہے
چنانچہ صاحب معجم لکھتا ہے کہ تازی مین بائیس زحاف اور فارسی مین تیرہ زحاف ہین
از جملہ پینتیس ہوتے ہین اور محقق علیہ الرحمۃ نے زحافات تازی کے موافق خلیل کے

لکھے ہین اور حق کہ تازی مین ایسا ہی چاہیئے اور عروضیان فارسی نے جو تصرف اور ایجاد کیا ہے یہ امر بجہت اختلاف لغت کے ہے کہ محاورات اور مصطلحات ہر لغت کے جدا ہوتے ہین احصا بالکسر گننا اور ضبط کرنا منتخب سے ہم تغیرات یا مفرد بود یا مرکب و مفرد آن بود کہ دران رکن یک نوع تغیر بیش نیفتد و مرکب آن بود کہ زیادت از یک نوع افتد اما مفرد از چہار نوع خالی نبود از انکہ تغیرات یا در سبب خفیف افتد یا در سبب ثقیل یا در وتد مجموع یا در وتد مفروق اما انچہ در سبب خفیف افتد دو نوع بود اول عام بود و آن اسقاط ساکن سبب بود و ساکن سبب یا حرف دوم رکن بود یا حرف چہارم یا حرف پنجم یا حرف ہفتم و حرف اول و سوم و ششم نتواند بود پس اگر حرف دوم بود آن رکن را بعد از اسقاط مخبون خوانند و اگر چہارم بود مطوی و اگر پنجم بود مقبوض و اگر ہفتم بود مکفوف ت تغیرات یا مفرد ہوتے ہین یا مرکب مفرد وہ تغیر ہے کہ ایک سے زیادہ اس رکن مین نہو اور مرکب وہ تغیر ہے کہ ایک سے زیادہ ہو اما تغیر مفرد چار قسم سے خالی نہین ہے اس سبب سے کہ یا سبب خفیف مین ہوتا ہے یا سبب ثقیل مین یا وتد مجموع مین یا وتد مفروق مین پس جو تغیر سبب خفیف مین پڑتا ہے اسکی دو قسمین ہین اول عام ہے اور وہ اسقاط ساکن سبب خفیف کا ہے اور ساکن سبب خفیف کا یا حرف دوم رکن ہوتا ہے جیسے مستفعلن مین سین یا حرف چہارم رکن جیسے مستفعلن مین فے یا حرف پنجم رکن جیسے مفاعیلن مین یے یا حرف ہفتم رکن جیسے مفاعیلن مین نون اور حرف اول اور سوم اور ششم نہین ہو سکتا وجہ اول اور سوم کی ظاہر ہے اور ششم اس جہت سے کہ افاعیل مستعملہ مین کوئی رکن تین سبب متوالی سے مرکب نہین ہے پس اگر حرف دوم سبب خفیف کا ساقط ہوگا اس رکن کو بعد اسقاط کے مخبون کہین گے اور خبن بالفتح لپیٹنا جامے کا تا کوتاہ ہو جاوے منتخب سے اور مناسبت معنی لغوی اور اصطلاحی بین ظاہر ہے اور اگر حرف چہارم سبب خفیف سے رکن مین ساقط ہوگا اس رکن کو مطوی کہین گے اور طی بتشدید یا پیچیدن اور نوردیدن جامہ یا نامہ ہے منتخب سے اور اگر حرف پنجم سبب خفیف سے رکن مین ساقط ہوگا اس رکن کو مقبوض کہین گے اور قبض بالفتح گرفتن بہ پنجہ و گرفتگی

خلاف بسط منتخب سے اور اگر حرف ہفتم سبب خفیف سے رکن مین ساقط ہوگا اُس رکن کو
مکفوف کہین گے اور کف بفتح و تشدید فاء دوختن جامہ بریکدیگر و باز ایستادن ہے منتخب سے
م و دیگر نوع خاص بود با واخر مصراعہا و آن دو گونہ بود یکے آنکہ ساکن سبب را اسقاط
کنند و متحرکش را ساکن کنند و رکن را بعد ازین تغیر مقصور خوانند دوم آنکہ سبب را بیفگنند
و رکن را محذوف خوانند ت اور دوسرا جو تغیر سبب خفیف مین پڑتا ہے خاص ہے
با واخر مصاریع اور وہ دو طرح ہے ایک وہ ہے کہ ساکن سبب کو گرا کر اُسکے متحرک کو
بھی ساکن کرین اُس رکن کو بعد اس تغیر کے مقصور کہتے ہین جیسے فعولن سے فعول اور
مفاعیلن سے مفاعیل بسکون لام ہوتا ہے اور قصر بمعنی کوتاہ کردن ہے منتخب سے
اور دوسری صورت یہ ہے کہ سارا سبب گر جائے اُس رکن کو بعد اس تغیر کے محذوف
کہتے ہین جیسا فعولن سے فعل اور مفاعیلن سے فعولن ہوتا ہے اور حذف بمعنی انداختن
و دور کردن ہے منتخب سے م و اما آنچہ در سبب ثقیل افتد یک نوع بود و از تغیرات عام
بود و آن تسکین متحرک دوم سبب باشد پس اگر متحرک دوم سبب حرف دوم رکن بود رکن را
بعد از تغیر مضمر خوانند و اگر حرف پنجم بود رکن را معصوب خوانند و غیر این دو موضع نیفتد
ت و اما جو تغیر سبب ثقیل مین پڑتا ہے وہ ایک ہی قسم ہے اور تغیر عام ہے اور وہ ساکن
کرنا متحرک دوم سبب ثقیل کا ہے پس اگر وہ متحرک دوم حرف دوم رکن ہو اُس رکن کو بعد
اس تغیر کے مضمر کہتے ہین جیسے متفاعلن سے مستفعلن ہو جاتا ہے اور اضمار لاغر کرنا اور
دل مین رکھنا اور ضمیر کلام مین لانا منتخب سے اور اگر حرف پنجم ہو اس رکن کو بعد اس تغیر کے
معصوب کہتے ہین جیسے مفاعلتن سے مفاعیلن ہو جاتا ہے اور عصب خوب لپیٹنا اور داغ
کرنا اور مضبوط باندھنا منتخب سے اور یہ تغیرات دو جگہون کے سوا اور کہین نہین آتا کسواسطے
کہ سوا مفاعلتن متفاعلن کے اور کسی رکن افاعیل مین سبب ثقیل نہین ہے اور عام سے
مراد یہ کہ ابتدا اور صدر اور حشو اور عروض اور ضرب سب جگہ آتا ہے م و اما آنچہ در وتد مجموع
افتد خاص بود یا با وایل مصراعہا یا با واخر و درین نوع تغیر عام نباشد اما آنچہ با وایل خاص بود
اسقاط متحرک اول باشد از وتد آنرا اخرم خوانند و تو عش یا در فعولن بود و رکن را اثلم خوانند

یا در مفاعیلن بود و رکن را اخرم خوانند یا در مفاعلتن بود و رکن را اعضب خوانند و در غیر این
موضع نبودست و اما جو تغیر وتد مجموع مین پڑتا ہے خاص ہوتا ہے یا باوایل مصاریع یا باواخر
مصاریع اور یہ تغیر عام نہین ہوتا پس جو تغیر وتد مجموع مین خاص باوایل مصاریع ہے اسقاط متحرک
اول ہے اسکو خرم کہتے ہین اور خرم بمعنی شگافتن پرہ بینی اور بریدن مطلق ہے منتخب سے
پس وقوع اس تغیر کا یا فعولن مین ہوتا ہے جیسے فعولن سے فعلن ہوجاتا ہے اس رکن کو اثلم
کہتے ہین اور ثلم بمعنی رخنہ کردن اور کنارہ شکستن ہے منتخب سے یا وقوع اسکا مفاعیلن مین
ہوتا ہے کہ مفعولن ہوجاتا ہے اُس رکن کو اخرم کہتے ہین یا وقوع اس تغیر کا مفاعلتن مین
ہوتا ہے کہ مفتعلن ہوجاتا ہے اُس رکن کو اعضب کہتے ہین اور عضب بعین مہلہ مفتوحہ اور
ضاد معجمہ ساکنہ شکستہ کردن شاخ بز کا منتخب سے اور سوا ان تین جگہون کے یہ تغیر نہین آتا معلوم ہو
کہ فعولن اور مفاعیلن اور مفاعلتن تینون مین حرف اول کا گر جانا بعمل خرم ہے مگر مفاعیلن
مین اسکو خرم کہتے ہین اور فعولن مین ثلم اور مفاعلتن مین عضب کہ یہ خرم ہر جگہ ملقب بلقب
خاص ہے ھم و این تغیرات بیشتر در اول بیت بود خاصۃً در اول قصیدہ و وقوعش در مصراع دوم
نادر بود و بازای خرم رکنی را کہ در وخرم ممکن بود و از خرم بسلامت بود موفور خوانند ت
اور یہ تغیرات اکثر اول بیت مین ہوتے ہین خاصۃً اول قصیدہ مین اور وقوع انکا مصراع دوم
مین نادر اور کمیاب ہے معلوم ہو کہ اخفش کے نزدیک مصرع دوم مین بھی خرم آتا ہے بلکہ
اخفش نے یہ تغیر تمام اجزاے بیت مین جائز رکھا ہے اور بمقابلہ خرم جس رکن مین خرم
ممکن ہو اور وہ خرم سے سلامت رہے یعنی ایک جگہ ہو اور دوسری جگہ نہو پس رکن سالم
کو موفور کہتے ہین پس موفور ضد خرم ہے اور موفور بفتح میم تمام کردہ شدہ منتخب سے ھم و
اما آنچہ خاص باواخر مصراعہا بود دو نوع بود یکے آنکہ ساکن وتد را بیفگنند و متحرک ماقبل را ساکن
کنند و آن رکن را مقطوع خوانند و دوم آنکہ وتد را بیفگنند و این رکن را احذ خوانند ت اما
جو تغیر وتد مجموع کا خاص ہوتا ہے باواخر مصاریع اُسکی دو قسمین ہین ایک یہ کہ ساکن
وتد کو گرا دین اور متحرک ماقبل کو ساکن کرین اُس رکن کو مقطوع کہتے ہین جیسے مستفعلن بعد
حذف نون کے اور تسکین لام کے مفعولن ہوتا ہے اور دوسری قسم یہ ہے کہ وتد کو گرا دین

اُس رکن کو احذ کہتے ہین جیسے مستفعلن بعد حذف وتد کے فعلن بسکون عین ہوتا ہے مقطوع قطع سے اور قطع کاٹنا اور خفہ کرنا گلے کا منتخب سے اور احذ حذ سے اور حذ بفتح اور تشدید ذال بمعنی بسرعت جانا اور بعد گرے کاٹنا منتخب سے خواہ حذذ سے اور حذذ بفتحتین بمعنی کوتاہی اور سبکی دم شتر اور ایک نوع تصرفات عروضی سے ہے اور وہ گرا دینا وتد مجموع متفاعلن وغیرہ کا منتخب سے ہم و نوعے دیگر ہست کہ در وتد فاعلاتن افتد آنجا کہ این رکن آخر مصراع بود در بعضے بحر با تا با وزن مفعولن آید و آنرا مشعث خوانند و بعضے گفتہ اند این تغیر خرم است و متحرک اول بیفتادہ است و بعضے گفتہ اند قطع است و بعضے گفتہ اند متحرک دوم بیفتادہ است و زجاج گفتہ است این تغیر مرکب است اول خبن کردہ اند و بعد ازان تسکین حرف اول وتد کردہ و این بقیاس نزدیکتر است چہ خرم جز در وتدے نیفتد کہ حرف اول رکن بود از اول مصرع و قطع جز در رکن وتدے نیفتد کہ آخر رکن بود از آخر مصراع واما اسقاط متحرک دوم وتد مجموع در ہیچ صورت دیگر واقع نیست اور ایک تغیر وتد مجموع کا اور ہے فاعلاتن مین جب آخر مصراع مین پڑتا ہے بعضی بحر و نمین وہ ضرب وافی خفیف اور ضرب مجتث مجزو ہے کہ فاعلاتن مفعولن ہوجاتا ہے اُس رکن کو مشعث کہتے ہین پس تشعیث نقل فاعلاتن بہ مفعولن ہے اور تشعیث لغت مین بمعنی پراگندہ کردن ہے اور بعضون نے کہا ہے کہ یہ تغیر خرم کا ہے اور متحرک اول گرا ہے یعنی عین علا کا کہ وتد ہے گر کر فالاتن رہا منقول بہ مفعولن ہوا اور بعضون نے کہا ہے کہ یہ تغیر قطع کا ہے یعنی حذف الف علا اور تسکین لام سے فاعلتن رہا منقول بہ مفعولن ہوا اور بعضون نے کہا ہے کہ متحرک دوم گرا ہے یعنی لام علا کا گر کر فاعاتن رہا منقول بہ مفعولن ہوا اور زجاج نے کہا ہے کہ یہ تغیر مرکب ہے اول خبن کیا ہے بعد اُسکے حرف اول وتد کو ساکن کیا ہے یعنی فاعلاتن خبن سے اول فعلاتن ہوا بعد اُسکے عین کو بہ تسکین ساکن کیا ہے فعلاتن منقول بہ مفعولن ہوا اور یہ قریب القیاس ہے اسواسطے کہ خرم کہنے مین یہ قباحت ہے کہ خرم اُس وتد مین واقع ہوتا ہے جو اول رکن مین ہو اول مصراع مین اور یہ [illegible] رکن کے واقع ہوا ہے اور قطع کہنے مین یہ قباحت ہے کہ قطع اُس وتد مین آتا ہے [illegible] آخر مصرع مین آتا اور یہ علا درمیان رکن کے ہے اور اسقاط متحرک دوم وتد مجموع کہنے مین یہ قباحت [illegible]

کہ کہین اور ایسی صورت واقع نہین ہوئی نظیر نہین ہے پس بہتر قول رابع ٹھہرا جو قول زجاج ہے
کہ فاعلاتن مخبن وتسکین منقول بہ مفعولن ہوا م واما آنچہ در وتد مفروق افتد سہ نوع است و
ہر سہ خاص ہست با واخر مصراعہا اول آنکہ متحرک دوم ساکن شود تا دو ساکن جمع آید و آن رکن را
موقوف خوانند دوم آنکہ متحرک دوم ساقط شود و رکن را مکشوف خوانند سوم آنکہ وتد بیفتد و رکن را
اصلم خوانند ت واما جو تغیر کہ وتد مفروق مین ہوتا ہے اُسکی تین قسمین ہین اور تینون خاص
باواخر مصاریع ہین پہلی وہ کہ متحرک دوم وتد مفروق کا ساکن ہو جائے اور دو ساکن جمع ہون
جیسے مفعولات وقف سے منقول بہ مفعولان ہوتا ہے اور اس رکن کو موقوف کہتے ہین اور وقف
بمعنی ایستادن اور وا داشتن ہے منتخب سے اور یہ نقل مفعولات کی بہ مفعولان محض واسطے
فرق موقوف اور غیر موقوف کے بکتابت ہے ورنہ مفعولات بسکون تا بھی مانوس ہے دوسری
قسم یہ کہ متحرک دوم وتد مفروق کا ساقط ہو جائے جیسے مفعولات بحذف تا منقول بہ مفعولن ہوتا ہے
اور رکن کو مکشوف کہتے ہین اور کشف بمعنی برہنہ کردن ہے منتخب سے اور بعضون نے اسکو مکسوف
بسین مہملہ کہا ہے کسف سے بمعنی بریدن منتخب سے اور تیسری قسم یہ ہے کہ وتد گر جاے اس رکن کو
اصلم کہتے ہین جیسے مفعولات بحذف وتد مفروق منقول بہ فعلن بسکون عین ہوتا ہے اور صلم بمعنی گوش
از بن بریدن ہے منتخب سے م واما تغیر بزیادت کہ خاص بود باوایل مصراعہا آنرا خزم خوانند
و بیشینہ وقوعش در اول مصراع اول بود و زیادت از یکحرف نادر تر بود و غایتش کلمہ مرکب از چہار حرف
یافتہ اند چنانکہ بعد ازین مثالش ایراد کردہ شود و آن تغیر را با ارکان و اجزا ہیچ تعلق نباشد پس
اولے آنکہ این تغیر را از احوال ابیات شمرند نہ از احوال ارکان ت واما تغیر بزیادت کہ خاص ہے
باوایل مصاریع اُسکو خزم کہتے ہین اور خزم بفتح اور معجمتین لغت مین حلقہ در بینی شتر انداختن ہے
منتخب سے اور اکثر وقوع اس زیادت خزم کا اول مصرع مین ہوتا ہے بیک حرف اور زیادت ایک حرف
سے نادر تر ہے اور انتہا یہ ہے کہ کلمہ مرکب چار حرف سے ہے اول مصرع مین زیادہ پایا ہے
چنانچہ بعد اسکے فصل ہشتم مین مثال اُسکی لکھی جاوے گی اور اس تغیر کو ارکان اور اجزا سے
کچھ تعلق نہین ہے لہذا علاحدہ فصل ہشتم مین اسکو لکھا پس مطلب یہ ہے کہ اس تغیر کو احوال ابیات
سے جانین نہ احوال ارکان سے م واما تغیر بزیادت کہ خاص بود باواخر مصراعہا و آن دو نوع

بود اول آنکہ حرفے ساکن زیادت کنند پس اگر آخر رکن سببی خفیف بود رکن را مسبغ خوانند و اگر وتد
مجموع بود مذال ت واما تغیر بزیادت کہ خاص ہے با واخر مصاریع اُسکی دو قسمین ہین پہلی یہ
کہ ایک حرف ساکن زیادہ کرین پس اگر آخر رکن سبب خفیف ہو اُس رکن کو مسبغ کہین گے جیسے
مفاعیلن سے مفاعیلان اور فاعلاتن سے فاعلیان ہوجاتا ہے اور اسباغ بمعنی تمام کردن
اور زرہ فراخ پوشیدن ہے منتخب سے اور بعضون نے اس حاف کو اشباع بشین معجمہ اور
عین مہملہ لکھا ہے بمعنی سیر کردن منتخب سے اور اگر آخر رکن مین وتد مجموع ہو اُس رکن کو مذال
کہین گے جیسے مستفعلن سے مستفعلان اور متفاعلن سے متفاعلان ہوجاتا ہے اور اذالت
لغت مین بمعنی دامن دراز کردن ہے ھ دیگر آنکہ سببی خفیف زیادت کنند الا در آخر متفاعلن بقید خاص
بود بوزن مجزو یا آخر بیت در رکن اور امرفل خوانند و ہر رکن را کہ تغیر آن بزیادت در آخر رکن
ممکن بود واز ان خالی بود آنرا معرے خوانند ت اور ایک تغیر بزیادت اور بھی ہے وہ سبب
خفیف کا زیادہ کرنا ہے کہ آخر متفاعلن مین پڑتا ہے اور خاص ہوتا ہے بوزن مجزو آخر بیت مین اور
اُس رکن کو مرفل کہتے ہین جیسے متفاعلن سے متفاعلاتن ہوجاتا ہے اور ترفیل لغت مین بمعنی
بزرگ کردن اور دامن کشادن ہے اور جو رکن کہ تغیر اُس مین بزیادت آخر مین ممکن ہو اور اُس سے
خالی ہو یعنی یہ تغیر اُس مین نہ کرین ایک جگہ مرفل ہو ایک جگہ معریٰ اُس رکن کو معرے کہتے
ہین اور معرے تعریہ سے ہے بمعنی عریان کردن اور وجہ مناسبت ظاہر ہے ھ واما تغیرات
مرکب باشد کہ ثنائی بود و یا شد کہ ثلاثی بود و از آنجملہ بعضے را لقب خاص بود و بعضے را نبود و بحسب
ترکیب ازان عبارت کنند و ما در اثناے ذکر فروعا کہ ہر رکنے را مستعمل ہست ذکر القاب ایراد کنیم
انشاء اللہ تعالے ت واما تغیرات مرکب کبھی ثنائی ہوتے ہین اور کبھی ثلاثی یعنی دو تغیر ایک
رکن مین پڑتے ہین یا تین تغیر اُن سب مین کسی کا لقب خاص ہے اور کسی کا لقب خاص
نہین بحسب ترکیب اُس سے عبارت کرتے ہین مثلاً کہتے ہین مخبون مسکن اور ہم درمیان ذکر
فروع کے کہ ہر رکن سے وہ فروع نکل کر مستعمل ہین القاب ان تغیرات مرکب کے بیان کرینگے
ھ گوئیم فعولن را شش فرع مستعمل ہست افعول و آن مقبوض ست ب فعلن و آن اثلم ہست یعنی ثلم کنند
از فعولن عولن بماند پس عولن غیر مستعمل را بدل باین لفظ کروند کہ مستعمل ہست در لغت و در وزن

بایددانست کہ مجموعۂ میم و یا می باشد پس برین قیاس لقب آن بجاے اشتر اخرب بایستی گفت
تا خالی از کیفیت نبودی تم کلامہ سبحان اللہ ھم فاعلاتن مجموعی را یازدہ فرع ست ا فعلاتن و آن مخبون
است ب فاعلات و آن مکفوف است ج فعلاتُ و آن مخبون ست د ہم مکفوف و آنرا مشکول
خوانند و این ہر سہ در رمل و مدید و خفیف و مجتث افتد ہ فاعلان و آن مقصور ست در مدید و رمل افتد
و فعلان و آن مخبون و مقصور ست. و در رمل افتد ز فاعلن و آن محذوف ست ح فعلن و آن مخبون
و محذوف ست و ہر دو در رمل و مدید و خفیف افتد ح فعلن و آن ابتر ست و در مدید افتد ط فاعلیّان
و آن مسبغ است ی فعلیّان و آن مخبون مسبغ ست و ہر دو در رمل افتد یا مفعولن و آن مشعث است
و در خفیف و مجتث افتد ت فاعلاتن مجموعی کی گیارہ فرعین ہین پہلے فعلاتن مخبون دوسرے
فاعلات بضم تا مکفوف تیسرے فعلاتُ بضم تا مخبون مکفوف اسکو مشکول کہتے ہین اور شکل
پانون چار پاے کا رسّی سے باندھنا منتخب سے اور یہ تینون فرعین یعنی فعلاتن فاعلاتُ
فعلاتُ رمل اور مدید اور خفیف اور مجتث مین آتی ہین چوتھے فاعلان بحذف ساکن آخر سبب
و اسکان ماقبل مقام فاعلاتُ مقصور کے یہ فرع مدید اور رمل مین آتی ہے اور وجہ نقل
فاعلات کی بہ فاعلان یہ ہے تا التباس اسکا فاعلات مکفوف سے نہو پانچوین فعلان بتحریک
عین مخبون مقصور رمل مین آتی ہے چھٹے فاعلن محذوف ساتوین فعلن بتحریک عین مخبون
محذوف یہ دونون فرعین یعنی فاعلن اور فعلن رمل اور مدید اور خفیف مین آتی ہے آٹھوین
فعلن بسکون عین اجتماع حذف و قطع ابتر ہے اور ابتر بمعنی دم بریدہ منتخب سے اور یہ فرع مدید
مین آتی ہے اور جاننا چاہیے کہ یہ فعلن مسکون العین حقیقت مین مسکن ہے فعلن مخبون
محذوف کا کسواسطے کہ قطع درمیان رکن کے نہین آتا جیسا کہ سابق مین مصنف نے بیان
کیا ہے نوین فاعلیّان منقول فاعلاتان سے مسبغ دسوین فعلیّان مخبون مسبغ یہ دونون
فرعین یعنی فاعلیّان اور فعلیّان رمل مین آتی ہین گیارھوین مفعولن مشعث خفیف اور مجتث
مین آتی ہے اور مشعث کا حال سابق مین بیان ہو چکا ہے کہ مخبون مسکن سب سے بہتر ہے
یعنی پہلے فاعلاتن خبن سے فعلاتن ہو بعد اسکے فعلاتن بہ تسکین وسط منقول بہ مفعولن ہو جائے
ھم فاع لاتن مفروق را یک فرع ست افاع لات و آن مکفوف است و در مضارع افتد ت فاع لاتن

مفروقی کی ایک فرع ہے فاع لات بالضم وہ مکفوف ہے اور مضارع میں آتی ہے ہم مستفعلن مجموعی را نہ فرع است ا مفاعلن وآن مخبون است ب مفتعلن وآن مطوی است ج فعلتن وآن ہم مخبون است وہم مطوی وآنرا مخبول خوانند واین ہر سہ در بسیط و رجز و سریع و منسرح افتد د مفعولن وآن مقطوع است ہ فعولن وآن مخبون مقطوع است و این دو در بسیط و رجز افتد و مستفعلان وآن مذال است ز مفاعلان وآن مخبون مذال است ح مفتعلان وآن مطوی مذال است ط فعلتان وآن مخبول مذال است و این چہار در بسیط افتد و فرعی دیگر بطریق شذوذ آمدہ است کہ خلیل نیاوردہ وآن مخبون احذ است بروزن فعل ی ت مستفعلن مجموعی کی نو فرعین ہین پہلی مفاعلن مخبون بحذف سین دوسری مفتعلن مطوی بحذف فا تیسری فعلتن مخبون مطوی بحذف سین وفا اسکو مخبول کہتے ہین مخبول خبل سے اور خبل بالفتح ہاتھہ پانون کاٹنا اور گرجانا سین اور فے کا مستفعلن سے بحر بسیط مین کذا فی المنتخب اور یہ تینون فرعین یعنی مفاعلن مفتعلن فعلتن بسیط اور رجز اور سریع اور منسرح مین آتی ہین چوتھے مفعولن مقطوع حذف نون اور تسکین لام سے پانچوین فعولن مخبون مقطوع بحذف فا مفعولن مقطوع سے کہ معولن رہجاتا ہے بدل اسکی فعولن لاتے ہین اور یہ دونون فرعین یعنی مفعولن اور فعولن بسیط اور رجز مین آتی ہین چھٹے مستفعلان مذال بزیادت حرف ساکن آخر مین ساتوین مفاعلان مخبون مذال آٹھوین مفتعلان مطوی مذال نوین فعلتان مخبول مذال بزیادت الف فعلتن مین اور یہ چار فرعین یعنی مستفعلان مفاعلان مفتعلان فعلتان بسیط مین آتے ہین اور ایک فرع اور بھی ہے وہ دسوین ٹھہری کہ بطریق شاذ آئی ہے خلیل اسکو نہین لایا ہے وہ مخبون احذ ہے بروزن فعل بتحریک عین اسواسطے کہ مستفعلن احذ سے مستف ہوا اور خبن سے متف فعل عوض اسکے لاے ہم وس تفع لن مفروقی را چہار فرع است ا مفاعلن وآن مخبون است در خفیف و مجتث افتد ب فعولن وآن مخبون مقصور است در خفیف افتد ج مستفعل وآن مکفوف است د مفاعل وآن مشکول است واین ہر دو در خفیف افتدت اور مس تفع لن مفروقی کی چار فرعین ہین پہلی مفاعلن وہ مخبون ہے بحذف سین اور خفیف اور مجتث مین آتی ہے دوسری فعولن وہ مخبون مقصور ہے اسواسطے کہ مفاعلن قصر سے مفاعل بسکون لام رہتا ہے فعولن اسکے مقام پر لاتے ہین

اور یہ فرع خفیف میں آتی ہے تیسرے مستفعلن بضم لام وہ مکفوف ہے بحذف نون چوتھے
مفاعل بضم لام وہ مشکول ہے یعنی مخبون مکفوف یہ دونوں فرعین یعنی مستفعلن اور مفاعل
خفیف میں آتی ہیں هم ومفعولات را یازدہ فرع ست افعولات وآن مخبون ست ب فاعلات
وآن مطوی ست و ہر دو در منسرح و مقتضب افتد فعلات وآن مخبول ست د در منسرح افتد
ز مفعولان وآن موقوف ست د فعولان وآن مخبون موقوف ست و مفعولن وآن مکشوف ست ز
فعولن وآن مخبون مکشوف ست و این چہار در سریع و منسرح افتد فاعلان وآن مطوی موقوف ست
ط فاعلن وآن مطوی مکشوف ست ی فعلن وآن مخبول مکشوف ست یا فعلن وآن اصلم ست
واین چہار در سریع افتد ست اور مفعولات کی گیارہ فرعین ہیں پہلی فعولاتُ بضم تا مخبون ہے
بحذف فا اور بعض مفاعیل کہتے ہیں مگر اول بہتر ہے کہ التباس بمفاعیل مقصور ساکن اللام
کتابت میں ہو دوسری فاعلاتُ بضم تا مطوی بجاے مفعلات یہ دونوں فرعین یعنی فعولاتُ
اور فاعلاتُ منسرح اور مقتضب میں آتی ہیں تیسری فعلاتُ بتحریک عین و لام مخبول یعنی
مخبون مطوی یہ منسرح میں آتی ہے چوتھی مفعولان موقوف پانچویں فعولان مخبون موقوف چھٹی
مفعولن مکشوف یعنی متحرک دوم وتد مفروق سے کہ تا ہے ساقط ہو گئی مفعولا رہا اسکی جگہہ پہ
مفعولن آیا ساتویں فعولن مخبون مکشوف بجاے معولن اور یہ چار فرعین یعنی مفعولان فعولان مفعولن
فعولن سریع اور منسرح میں آتی ہیں آٹھویں فاعلان مطوی موقوف یعنی واو حذف ہونے کے واسطے
سے اور تا ساکن ہوئی وقف سے نویں فاعلن مطوی مکشوف بحذف واو و تا مفعول مفعلا سے
دسویں فعلن بتحریک عین مخبول مکشوف جب فعلاتُ مخبول سے تا ساقط ہوئی فعلا رہا فعلن
عوض اسکے آیا گیارہویں فعلن بسکون عین اصلم جب لات کہ وتد مفروق ہے گر گیا مفعو رہا
عوض اسکے فعلن آیا یہ چاروں فرعین یعنی فاعلان فاعلن فعلن فعلن سریع میں آتی ہیں
هم و مفاعلتن را ہشت فرع ست مفاعیلن وآن معصوب ست ب مفاعلن وآن معصوب ست
پس مقبوض وآنرا معقول خوانند ج مفاعیل وآن معصوب و مکفوف وآنرا منقوص خوانند
د فعولن وآن معصوب ست و محذوف وآنرا مقطوف خوانند ه مفتعلن واین اعصب ست و مفعولن
وآن اعصب ست و معصوب وآنرا اقصم خوانند ز فاعلن وآن اعقب و معقول ست وآنرا اجم خوانند

ح مفعول و آن اعضب و منقوص است و آنرا اعقص خوانند و این جملہ وافر خاص باشد ست اور
مفاعلتن کی آٹھ فرعین ہین پہلی مفاعیلن اور وہ معصوب ہے بہ تسکین لام دوسری مفاعلن
معصوب بعد اُسکے مقبوض اور اُسکو معقول کہتے ہین جب لام مفاعلتن کا عصب سے ساکن
ہوا اور قبض سے گر گیا مفاعلن رہا اور عقل پاے شتر بستن ہے منتخب سے تیسری مفاعیل
بضم لام معصوب مکفوف اُسکو منقوص کہتے ہین نقص با لفتح کم کرنا اور کم ہونا اور کمی منتخب سے
جب مفاعیلن معصوب سے حرف ہفتم بکف گر گیا مفاعیل رہا چوتھی فعولن معصوب محذوف اُسکو
مقطوف کہتے ہین قطف کاٹنا خوشہ انگور کا اور چُننا میوے کا منتخب سے جب مفاعیلن معصوب
سے لن بحذف گر گیا مفاعی رہا فعولن بعوض اُسکے آیا پانچوین مفتعلن اعضب یعنی اعضب کے
پہلے لکھے گئے پس یہ عمل خرم کا ہے جب میم مفاعلتن سے گر گیا فاعلتن رہا مفتعلن اُسکے
مقام پر آیا چھٹی مفعولن وہ اعضب معصوب ہے اور اُسکو اقصم کہتے ہین قصم با لفتح بمعنی شکستن
اور شکستگی دندان ہے منتخب سے پس فاعلتن اعضب ہین جب لام بسبب عصب کے ساکن
ہوا فاعلتن رہا مفعولن اُسکے مقام پر آیا ساتوین فاعلن وہ اعضب معقول ہے اُسکو اجم
کہتے ہین اور اجم بفتحتین و تشدید جیم گوسفند بے شاخ و مرد بے نیزہ سے ہے منتخب سے جب
مفاعلتن عصب اور قبض سے مفاعلن ہوا اور میم عضب سے گر گیا فاعلن رہا آٹھوین
مفعول بضم لام اعضب منقوص ہے اور اُسکو اعقص کہتے ہین عقص سے یعنی تافتن و پیچیدن
موے کلالہ منتخب سے جب مفاعیلُ کہ منقوص تھا خرم یعنی عضب سے فاعیل ہوا تو عوض
اُسکے مفعول آیا اور یہ سب تغیرات وافر مین خاص ہین اس لیے کہ یہ سب رکن مفاعلتن مین
آتے ہین اور مفاعلتن رکن وافر کا خاص ہے ھم و متفاعلن را پانزدہ فرع است مستفعلن
و آن مضمر است ب مفاعلن و آن مضمر است پس مخبون و آنرا موقوص خوانند ح مفتعلن و آن
مضمر و مطوی ست و آنرا مخزول خوانند ہ فعلاتن و آن مقطوع است ہ مفعولن و آن مضمر و مقطوع است
و فعلن و آن احذ ست ز فعلن و آن مضمر و احذ ست ح متفاعلان و آن مذال ست ط مستفعلان
و آن مضمر و مذال است ی مفاعلان و آن موقوص و مذال است یا مفتعلان و آن مخزول و مذال است
یب متفاعلاتن و آن مرفل ست یج مستفعلاتن و آن مضمر مرفل است ید مفاعلاتن و آن موقص

و مرفل است بمفتعلاتن و آن مخزول و مرفل است و این جملہ خاص بود بکامل ت اور متفاعلن کی پندرہ فرعین ہین پہلی مستفعلن مضمر باسکان تا دوسری مفاعلن مضمر مخبون اسکو موقوص کہتے ہین وقص بمعنی گردن شکستن ہے مشتق ہے جب مستفعلن مضمر سے سین لسبب خبن کے گر گیا متفعلن رہا مفاعلن اسکے عوض آیا تیسری مفتعلن مضمر مطوی اسکو مخزول کہتے ہین خزل بمعنی بریدن ہے غیاث سے جب مستفعلن مضمر سے حرف چہارم طے سے گر گیا مستعلن رہا مفتعلن اسکے مقام پر آیا چوتھی فعلاتن وہ مقطوع ہے جب متفاعلن مین نون حذف ہوا اور لام ساکن متفاعل رہا عوض اسکے فعلاتن آیا پانچوین مفعولن وہ مضمر مقطوع ہے جب فعلاتن مقطوع مین عین باضمار ساکن ہوا فعلاتن بسکون عین ہوا مفعولن اسکے مقام پر آیا چھٹی فعلن بتحریک عین وہ احذ ہے جب وتد آخر متفاعلن سے حذف ہوا متفا رہا فعلن اسکے مقام پر آیا ساتوین فعلن بسکون العین وہ مضمر احذ ہے جب متفاعلن مین تے ساکن ہوئی اور وتد حذو سے گر گیا متفا رہا اسکے عوض فعلن آیا آٹھوین متفاعلان وہ مذال ہے جب علن مین کہ وتد ہے حرف ساکن باذالت زیادہ ہوا متفاعلان ہوا نوین مستفعلان وہ مضمر مذال ہے جب مستفعلن مضمر مین حرف ساکن باذالت زیادہ ہوا مستفعلان ہوا دسوین مفاعلان وہ موقوص مضمر مذال ہے یعنی وقص سے مفاعلن اور اذالت سے مفاعلان ہوا گیارہوین مفتعلان وہ مخزول مذال ہے یعنی خزل مفتعلن اور اذالت سے مفتعلان ہوا بارہوین متفاعلاتن وہ مرفل ہے بزیادت سبب جب متفاعلن مین سبب بڑھا متفاعلن تن ہوا عوض اسکے متفاعلاتن آیا تیرہوین مستفعلاتن مضمر مرفل ہے بزیادت سبب چودہوین مفاعلاتن موقوص مرفل ہے بزیادت سبب پندرہوین مفتعلاتن مخزول مرفل ہے بزیادت سبب اور یہ سب فروع خاص ہین بحر کامل مین کس سبب کہ یہ سب زحاف متفاعلن مین آتے ہین اور متفاعلن خاص رکن بحر کامل کا ہے ھم پس جملہ این فروع ہفتاد و سہ ست و اوزان آن سی و ہشت و آن این ست ا فع ب فعل ج فعل د فعلن ہ فعول و فعول ز فعلن ح فعلان ط فعولن ی فاعلن یا مفعولن یب فعلاتن یج فعلتن ید مفاعل یہ فعولان یو فاعلان یز مفعول یح مفاعلن یط مفاعیلن ک فعلات کا مفتعلن کب فعولات کج فاعلات کد فعلتان کہ مستفعل کو مفعولان کز فعلتان کح مفاعلان

کط مفتعلان ل مفاعیل لا مستفعلن لب فاعلیان لج مستفعلان لد متفاعلان لہ مفاعلاتن لو مفتعلاتن
لز مستفعلاتن لح متفاعلاتن و از ہشت وزن اصول چہار درینجا داخل است و چہار خارج و آن فاعلاتن
و مفاعلتن و متفاعلن و مفعولات ست پس جملہ اوزان اصول و فروع چہل و دو باشد پس
یہ سب فرعین ستر اور تین تہتر ہوئین اس حساب سے کہ چھ فرعین فعولن کی اور دو فرعین فاعلن
کی اور چھ فرعین مفاعیلن کی اور گیارہ فرعین فاعلاتن متصل کی اور ایک فرع فاع لاتن منفصل کی
اور نو فرعین مستفعلن متصل کی اور چار فرعین مس تفع لن منفصل کی اور گیارہ فرعین مفعولات کی
اور آٹھ فرعین مفاعلتن کی اور پندرہ فرعین متفاعلن کی اور سابق مین لکھا تھا کہ اخفش نے
چار فرعین اور فرّا نے ایک فرع فاعلن کی اور لکھی ہے اور اخفش نے ایک فرع مفاعیلن
اور لکھی ہے اور مصنف علیہ الرحمہ نے ایک فرع مستفعلن کی بطریق شاذ اور لکھی ہے اگر ان
ساتون کو زیادہ کرین اسی فرعین ہون اور اوزان اُنکے اٹھتیس ہوتے ہین جیسے کہ لکھے
گئے اور اصول ہشتگانہ سے چار وزن اُنمین داخل ہین وہ کون فعولن اور فاعلن دو فرعین
مفاعیلن کی اور مفاعیلن فرع مفاعلتن کی اور مستفعلن فرع متفاعلن کی اور چار خارج وہ
فاعلاتن اور مفاعلتن اور متفاعلن اور مفعولات پس یہ چارون جو خارج ہین اُن اٹھتیس
سے ملکر چالیس اور دو یعنی بیالیس وزن ہوتے ہین م و القاب این ارکان کہ از جہت
تغیرات نہادہ اند انچہ مؤلف ست در لفظ سی و چہار ست بست تغیرات مفرد را و آن این ست
ا مخبون ب مطوی ج مقبوض د مکفوف ہ مضمر و معصوب ز موقوف ح مکشوف ط مقصور ی
مقطوع یا محذوف یب احذ یج اصلم ید مشعث یہ اثلم یو اخرم یز اعضب یح مسبغ یط مذال ک
مرفل و چہاردہ مرکب را و آن این ست ا مشکول ب مخبول ج معقول د منقوص ہ مقطوف
و موقوص ز مخزول ح ابتر ط اثرم ی اشتر یا اخرب یب اقصم یج اجم ید اعقص و در مشعث نظر ست
یا مفرد ست یا مرکب این جملہ تعلق بزبان تازی دارد ت اور القاب ان ارکان کے کہ بسبب
تغیرات کے رکھے ہین جو کچھ کہ مؤلف ہین لفظ مین یعنی واسطے ہر ایک کے اُنمین ایک نام
تالیف ہوا ہے مثلاً کہتے ہین مفاعلن مخبون اور مفتعلن مطوی چونتیس ہین بیس تغیرات مفرد
جیسے کہ مصنف علیہ الرحمہ نے لکھے اور چودہ تغیرات مرکب کہ وہ بھی مصنف علیہ الرحمہ نے لکھے اور

مشعث مین گفتگو ہے بعضے کہتے ہین کہ یہ تغیر مفرد ہے اور زجاج کہتا ہے کہ مرکب ہے خبن
اور تسکین سے اور قول زجاج کا بہتر ہے جیسا کہ سابق لکھا گیا اور یہ سب تغیرات تعلق لغت
تازی سے رکھتے ہین حاصل کلام یہ کہ اصول دہ گانہ سے جملہ فروعات تہتر نکلے مگر جب تکرار
انہین سے رفع کی اڑتیس وزن باقی رہے پس اوزان اصول ارکان کہ حقیقت مین آٹھ ہین
چار وزن اُنکے اِن فروعات مین داخل پائے اور چار خارج پس جب خوارج اربعہ کو انہین ملایا
جملہ اوزان اصول و فروع بیالیس ٹھہرے یہ حال اوزان کا لکھا اور ان تغیرات کی مولفات کی صورت
بیان کی کہ چونتیس القاب ان مولفات تغیرات کے ہین بتیس مفرد اور چودہ مرکب اور وہ مرکب کہ اثنائے
بیان فروعات مین سب لکھے گئے اور نام اُنکے علیحدہ عروضیون نے نہین رکھے ہین اُسنے کچھ کام
نہین اس جگہ صاحب شرح نے عجب شرح لکھی ہے ش منجملہ چہل و دو اوزان ہشت اصول جدا کردہ
باقی سی و چہار فروع را القاب انچہ مقرر بود این ہست کہ مذکور شد الی آخرہ پس اگر بیالیس سے آٹھ اوزان
اصول کے جدا ہو کر چونتیس فروع کے القاب بیان ہوتے مضمر اور معصوب اور اشتر اور محذوف اِن
چونتیس مین کیون ہوتے کہ مفاعیلن معصوب ہے مفاعلتن سے اور مستفعلن مضمر ہے متفاعلن سے
اور فاعلن اشتر اور فعولن محذوف ہے مفاعیلن سے م واما در فارسی تغیرات و القاب آن چنان مضبوط نیست
از جہت آنکہ در پارسی بسیار وزنہا ست کہ در پیشتر یران شعر گفتہ اند و نیز و یک متاخران متروک ہست
و بسیار وزنہا ست کہ متاخران بنوی استعمال کردہ اند و آنرا اصول و فروع بر وجہی دیگر ہست ت
واما فارسی مین تغیرات اور القاب اُنکے ایسے مضبوط نہین ہین اسواسطے کہ فارسی مین بہت سے
وزن ہین کہ سابقین نے زمانہ پیشین مین اُنہین شعر کہے ہین اور نزدیک متاخرون کے وہ متروک
ہین اور بہت سے وزن ہین کہ متاخرون نے ساختہ تازگی کے بطریق نو استعمال کیے ہین اور اُنکے
اصول اور فروع اور طرح پر ہین م و نیز تغیرات مرکب است کہ در پارسی مستعمل ہست و افراد آن مستعمل نیست
شلاً اخرب کہ عبارت از اخرم مکفوف ہست در فارسی مستعمل ہست و اخرم نیست ت اور دوسری بات
یہہ ہے کہ تغیرات مرکب فارسی مین مستعمل ہین اور افراد اُسکے مستعمل نہین ہین شلاً اخرب کہ
عبارت ہے اخرم مکفوف سے فارسی مین مستعمل ہے اور اخرم نہین ہے یعنی اخرم مستعمل نہین ہے
اور حال اسکا تفصیل اوزان بحور مین دریافت ہوگا م و نیز فارسیان بر ہمہ وزنہا ئ تازیان بہ تکلف

شعر گفتہ اند و اصول و تغیرات ایشان بکار داشتہ و بوزنہای دیگر از ایشان منفرد شدہ و ہر مصنفی
از ایشان تغیراتی را کہ یافتہ است غیر مستعمل تازیان لقبی نہادہ است کہ دیگران در ان متفق نیستند با آنکہ
ہمہ جماعت اقتدا العروض عرب کردہ اند چہ این لغت بلغت عرب آمیختگی تمام دارد و بے آن مستعمل
نمیتوانند بود پس باشال این اسباب جدا باز کردن تغیرات و فروع مستعمل در عروض فارسی تنہا از انچہ
در عروض تازی مستعمل است و تعین القاب انچہ خاص باشد بپارسی بر وجہ متفق علیہ متعذر است پس
اولے آنکہ بہمعنی را تعرض نرسانیم و برایراد تغیراتی کہ خاص باشد بعروض پارسی اقتصار کنیم
تا از الحاق آن بانچہ تقدیم یافت تمامی انچہ در عروض پارسی بآن احتیاج افتد حاصل آید ست
اور تیسری بات یہ ہے کہ اہل فارس نے اوزان عربیہ میں بہ تکلف شعر کہے ہیں اور اصول اور
تغیرات انھیں کے مستعمل کیے ہیں اور بعضے اوزان میں اُسنے منفرد ہوئے ہیں یعنی جدا ہوئے
ہیں اور ایجاد کیا ہے اور ہر مصنف اہل فارس نے جو تغیر کہ غیر مستعمل عرب پایا ہے اُسکا ایک نام
رکھا ہے کہ اور لوگ اُس میں متفق نہیں ہیں یعنی کسی نے کچھ نام رکھا ہے اور کسی نے کچھ
باوجودیکہ سب اہل فارس عروض میں مقلد عرب ہیں اسواسطے کہ زبان فارسی زبان عربی سے
بہت ملی ہوئی ہے اور بدون زبان عربی کے زبان فارسی مستعمل نہیں ہو سکتی پس باشال اس
اسباب کے یعنی بسبب اختلاف القاب کے فارسی میں علحدہ جدا کرنا تغیرات اور فروع مستعمل کا
عروض فارسی میں تنہا اُن تغیرات سے جو عروض تازی میں مستعمل ہیں اور مقرر کرنا القاب خاص
تغیرات فارسی کا بروجہ متفق علیہ کہ سب کا اتفاق ہو مشکل ہے پس بہتر یہ ہے کہ اس بات سے
تعرض نکریں ہم یعنی تقرر القاب کے درپے نہوں اور ایراد تغیرات خاص عروض فارسی پر اقتصار
کریں یعنی نفس تغیرات فارسی بیان کریں تا یہ تغیرات فارسی تغیرات عربی سے جو سابق بیان
کیئے گئے جب ملاویں تمام تغیرات فارسی جنکی احتیاج ہے حاصل ہو جاویں اور تکمیل اُنکی ہو جائے
متن و ما در القاب انچہ از تغیرات مفرد باشد و عبارت از ان ضروری بود و آنرا لقبی بما نرسیدہ است
آنرا لقبی نہیم و از مرکبات ہرچہ آنرا لقبی یافتہ باشیم ذکر کنیم و از باقی بحسب ترکیب عبارت کنیم تا القاب
بسیار نشود ت اور القاب تغیرات مفردہ کے جنکا بیان کرنا ضروری ہے اُنہیں جسکا نام ہم تک
نہیں پہونچا ہے اُسکا ایک نام رکھیں اور تغیرات مرکب میں جسکا نام پایا گیا ہے اُسکا ذکر

کرین اور باقی کو بحسب ترکیب بیان کرین یعنی اُسکے مفردات کو جمع کرین مثلاً کہین مجنون مسکن تا القاب تغیرات کے بہت نہو جائین هم گوئیم از جملہ تغیرات عام کہ بشعر فارسی خاص است یکے آنست کہ ہر کجا سہ حرف متحرک متوالی افتد تسکین اوسط روا دارند و در یک وزن متحرک و مسکن باہم بیامیزند و این حکم سطر دست الا انجا کہ مانعی افتد مثلاً باشد کہ بحر بسبب تسکین دربدل افتد چنانکہ درین وزن کہ فعلات فاعلاتن اگر عین فعلات مسکن کنند تا این وزن شود کہ مفعول فاعلاتن و ہر یک از بحری دیگر است پس تسکینے کہ مقتضی اشتباہ بود نشاید ت کہتے ہین هم کہ جملہ تغیرات عام سے کہ فارسی مین خاص ہین ایک یہ تغیر ہے کہ جس جگہ تین متحرک متوالی واقع ہوتے ہین تسکین اوسط روا رکھتے ہین اور ایک وزن مین محرک اور مسکن ملا دیتے ہین یعنی اگر ایک جگہ الفاظ بر وزن فعِلن اور فعِلاتن متحرک العین اور ایک جگہ الفاظ بر وزن فعلاتن اور فعلن بسکون العین واقع ہون تو خلط انکا روا ہے نہ یہ کہ شعر مین جہان تین متحرک پڑین ایک کو ساکن کرلین جیسے رمضان اور خفقان وغیرہ کہ اسمین تسکین اوسط بیجا ہے ہان جس جگہ کہ استعمال مین آگیا ہے مضائقہ نہین جیسے حیوان مین اور یہ حکم یعنی فعلن اور فعلاتن مین تسکین اوسط کر لینا سطر دہے یعنی بہت ہے مگر جس جگہ کوئی مانع ہو مثلاً تسکین اوسط سے بحر بدل جاسے جیسا اس وزن مین کہ فعِلات فاعلاتن فعلات فاعلاتن رمل مشکول قول شاعر

ؔ پس از انکہ من نمانم بچہ کار خواہی آمد * اگر اسمین عین کو ساکن کرین یہ وزن ہو جائے مفعول فاعلاتن مفعول فاعلاتن مضارع اخرب قول شاعر ؔ من خوب می شناسم پیران پارسا را * پس بحر بدل جائے اور ایسی تسکین اوسط کہ باعث اشتباہ ہو بیجا ہے هم و نیز باشد کہ شاعر حرکات و سکنات را نظامی التزام کند مثل قصیدہ کہ مبنی باشد بر تکرار این وزن کہ مفتعلن مفعولن و تسکین عین مفتعلن آن نظام را باطل گرداند پس درین موضع هم نشاید ت اور کبھی شاعر انتظام حرکات اور سکنات کا التزام کرتا ہے جیسے کوئی قصیدہ مبنی ہو اس وزن کی تکرار پر مفتعلن مفعولن مفتعلن مفعولن اس جگہ تسکین عین مفتعلن سے وہ انتظام کہ جسکا التزام کیا ہے باطل ہوتا ہے پس یہان بھی بیجا ہے هم و بر جملہ قاعدہ لغت پارسی آنست کہ بیشتر تغیرات مستعمل را در ہمہ ابیات کہ بر وزنی گویند بیک نسق استعمال کنند بخلاف عادت تازی گویان چہ این لغت احتمال اختلاف بسیار نکند و در محرک و مسکن چون مانعی نباشد این قاعدہ نگاہ ندارند ت اور فی الجملہ قاعدہ لغت فارسی کا یہ ہے کہ اکثر تغیرات مستعملہ کو سب بیتون مین ایک وزن پر کہتے ہین اور ایک طرح پر

پر استعمال کرتے ہین تغیر زحافات مین روا نہین رکھتے ہین بخلاف عادت اہل عرب کے اسواسطے کہ
یہ لغت فارسی زیادہ اختلاف کی متحمل نہین ہے بسبب خفت کے اور لغت تازی متحمل اختلافات کی
ہے بسبب رزانت کے ہان محرک اور مسکن کو جب کوئی مانع نہو یعنی اختلاف بحر مین نہ پڑے اور
اشتباہ واقع نہو جمع کرتے ہین م و چون در اصول اوزان فارسی سبب ثقیل و فاصلہ مستعمل نیست
توالی سہ متحرک اصلی نباشد بل بسبب تغیری سابق بود وآنچنان بود کہ ساکن سببی خفیف بیفتد و
متحرکش مجاور دو متحرک وتد مجموع افتد تا سہ حرکت متوالی شود و چون چنین بود تسکین وسط تسکین
حرف اول وتد باشد و ما این تغیر را تسکین نام نہادیم ت اور جو اصول اوزان فارسی یعنی فعولن مفاعیلن
فاعلاتن مستفعلن مفعولات مین کہ یہ لفظ مین پانچ ہین ور اصل مین سات سبب ثقیل ور فاصلہ مستعمل نہین ہے
توالی حرکات ثلثہ بھی اس مین اصلی نہین بلکہ یہ توالی حرکات بسبب تغیر سابق کے ہوتا ہے اسکی
صورت یہ ہے کہ ساکن سبب خفیف کا گر پڑتا ہے بسبب زحاف کے اور متحرک اسکا مجاور دو متحرک
وتد مجموع واقع ہوتا ہے پس تین متحرک متوالی جمع ہوئے ہین بسبب زحاف کے نہ اصلی جیسے فاعلن
مین جب الف ساقط ہوگا فاے متحرک مجاور عین ولام وتد مجموع واقع ہوگی اور تین متحرک بسبب زحاف کے
جمع ہونگے پس جب ایسا ہوگا تسکین اوسط تسکین حرف اول وتد ہوگا اور ہمنے اس تغیر کا نام تسکین رکھا
ح قولہ سبب ثقیل و فاصلہ مستعمل نیست این ادعای مصنف ست ورنہ در ماسبق تحریر یافتہ کہ سبب
ثقیل در فارسی موجود و نسبت فاصلہ بزبان فارسی و تازی ہر دو برابرست تم کلامہ ادعاے مصنف
کیسا یہ تو امر بدیہی ہے کہ اصول اوزان فارسی مین سبب ثقیل اور فاصلہ نہین اگر واقع ہوتا ہے
بسبب زحاف کے واقع ہوتا ہے اور نسبت فاصلہ زبان پارسی اور تازی مین برابر کیسے کہ اصول
اوزان فارسی مین فاصلہ نہین ہے اور اصول اوزان تازی یعنی مفاعلتن اور متفاعلن مین فاصلہ
موجود اور معتبر ہے اور تحریر ماسبق کا یہ حال ہے کہ جیسا یہان غلط سمجھے ویسا وہان غلط سمجھے
م و چون وتد در صدر رکن افتد چنانکہ در مفاعیلن بعضے متاخران این رکن را مخنق لقب دادہ اند
و قول زجاج چنان اقتضا میکند کہ چون وتد در میانہ افتد چنانکہ در فاعلاتن بعد از خبن تسکین عین
آنرا مشعث خوانند پس اگر در آخر رکن افتد چنانکہ در مستفعلن کہ مطوی شود شاید کہ کسی آنرا لقبے
دیگر نہد و ما چون عبارت از تغیرات بحسب ترکیب میکنیم آنرا لقبی ننہادیم ت اور جب وتد صدر رکن

مین پڑے جیسا کہ مفاعیلن مین اور ما قبل اُسکے حرف متحرک ہو کہ اُس سے ملے اور صدر و وتد کو
بسبب اجتماع متحرک ثلثہ کے ساکن کرین مثل مفعول مفاعیلن کے پس وزن اُسکا مفعولن مفعولن ہوگا
اور مفعولن آخر کو مخنق کہین گے بعضے متاخرون نے اس رکن کا نام مخنق رکھا ہے تخنیق سے بمعنی گلو باز کردن
اور بعضون نے بجاء مہملہ اور باے موحدہ کہا ہے تحبیق سے اور یہ تغیر غیر خرم ہے اسواسطے کہ خرم
اول رکن مین پڑتا ہے عربی مین اور بعد اُسکے مخنق بخلاف عجم کے کہ وہ خرم سب جگہ جائز رکھتے ہین
اور قول زجاج یون اقتضا کرتا ہے کہ جب وتد درمیان مین پڑے جیسا کہ فاعلاتن مین بعد خبن کے
اور تسکین عین کی اُسکو مشعث کہتے ہین یہان بھی تین حرکتین جمع ہوئین پس عین کہ اوسط تھا
ساکن ہوا پس اگر یہ صورت آخر رکن مین پڑے جیسا کہ مستفعلن مین جب مطوی ہو یعنی مفتعلن
بحذف فا اور مفتعلن کو بسبب توالی حرکات ثلثہ کے تسکین اوسط کرکے منقول بہ مفعولن کرین چاہیے کہ
اُسکا بھی کچھ نام رکھا جاے مثل مخنق اور مشعث کے مگر ہم بیان تغیرات کا بحسب ترکیب کرتے ہین
لہذا اسکا نام کچھ نہین رکھتے یعنی مطوی مسکن کہنا کافی ہے نام جداگانہ کی حاجت نہین ہم دیکھے دیگر کہ
ہمہ اواخر مصراعہای شعر فارسی را شامل ست آنست کہ وقوع یک ساکن و دو ساکن در اواخر ہمہ مصراعہا
وخلط ہر دو بایکدیگر در یک بیت روا دارند مگر آنجا کہ مانعی افتد و مانع وقوع دو ساکن آن بود کہ وزن و بیت
درازی بود کہ دران بحر ممکن باشد و مساوی دائرہ باشد یعنی تام بود چون مفاعیلن چہار بار پس
الحاق ساکنی دیگر باخر مصراع خروج از دائرہ باشد و روا نبود و آنچہ در شعر متاخران ازین جنس یافتہ شود
از قبیل عیوب بود ت اور ایک حکم اور جملہ اواخر مصاریع شعر فارسی کو شامل ہے وہ یہ ہے
کہ وقوع ایک ساکن اور دو ساکن کا اواخر جملہ مصاریع مین ہوتا ہے اور خلط ان دونون کا بایکدیگر
روا رکھتے ہین ایک بیت مین جیسے یہ دو شعر سلیم کے ب خاک از بسکہ رفتم از دل شد ٭
پنجہ ام ریشہ ریشہ چون جاروب ٭ دوستی نیست رحم برکاہل ٭ آتش مردہ زندہ گشت بچوب ٭
عروض دونون تینون کا بر وزن فعلن ہے اور آخر مین ایک ساکن ہے اور ضرب بر وزن فعلان ہے
اور آخر مین دو ساکن ہین مگر وہان کہ جہان کوئی مانع ہو پس مانع اول وقوع اُن دونون ساکنونکا
اُس وزن مین ہے جو نہایت درازی ہو کہ اُس بحر مین درازی اُس سے ممکن نہو اور مساوی دائرے
کے ہو یعنی تام ہو جیسے مفاعیلن چار بار پس الحاق دوسرے ساکن کا آخر مصرع مین خارج کرتا ہے

وزن کو وارے سے اور یہ روا نہین ہے اور اشعار متاخرین مین جو الحاق دوسرے ساکن کا آخر
مصراع مین اس وزن تام مین پایا جاتا ہے من قبیل عیوب ہے جیسا کہ یہ شعر سلیم کا ہے تماشا ہی تو تجویز
کردہ ہر کس را کہ می بینم پشت شستہ ہر کہ در بزم تو جا لیش بشیتر خالی ست * اور یہ کلام متاخرین مین
بکثرت ہے ھم و مانع خلط قافیہ بود مثلاً در مثنوی و اوایل قصاید کہ ابیات مصرع بود حروف قافیہ
متساوی باید پس در عروض و ضرب خلط نشاید و در قصاید ضرب با متساوی باید پس در ضرب تنہا خلط
نشاید ست اور دوسرا مانع خلط قافیہ ہے یعنی مطلعہاے غزل اور مطلعہاے قصاید مین
اور ابیات مثنوی مین کہ مصرع ہوتے ہین یعنی دونون مصرعون مین قافیے ہوتے ہین قافیہ برابر
چاہیے ایک جگہ سالم اور دوسری جگہ مسبغ خواہ مذال ممکن نہین اگر مصرع اول مین قافیہ اگر ہوگا
مصرع ثانی مین قافیہ دگر ہوگا نہ کار و بار اور ابیات قصاید اور غزل مین سوا مطلعون کے ضربون مین
خلط نہین ہوسکتا البتہ عروض مین خلط ہوگا ھم اما اگر قافیہ بگردد مانند آنچہ در خانہای ترجیع افتد
روا بود و چون معلوم ہست کہ یک قصیدۂ ترجیعی جز بر یک وزن نشاید معلوم شود کہ اختلاف اواخر مصراعہا
بعد حروف ساکن اقتضای اختلاف وزن نکند ست لیکن اگر قافیہ تبدیل ہوجائے جیسے خانہاے
ترجیع مین واقع ہوتا ہے درست ہے یعنی ترجیع بند مین چند غزلین ہوتی ہین اور درمیان اُن غزلون کے
ایک بیت مکرر بقافیہ مختلف پس اگر ایک غزل کے قافیہ مین ایک ساکن مثل اگر اور دگر کے اور
دوسری غزل کے قافیے مین دو ساکن مثل کار و بار کے واقع ہون مضائقہ نہین اور ترجیع یعنی
باز گردانیدن ہے غیاث سے اور یہ جو معلوم ہے کہ ایک قصیدۂ ترجیعی ایک ہی وزن مین چاہیے
پس معلوم ہو کہ اختلاف اواخر مصاریع بعد حروف ساکن کے اقتضاے اختلاف وزن نہین کرتا مثلاً
ایک بند مین ترجیع بند کے مثلاً قافیہ کار و بار ہوا جس مین بعد ساکن اول کے ایک ساکن ہے
اور دوسرے بند مین مثلاً قافیہ دوست اور پوست ہو اس مین بعد ساکن اول کے دو ساکن ہین
اس سے وزن مختلف نہین ہوتا اور شاید کہ بجاے لفظ بعد کے لفظ بعد ہو اور دال کتابت مین
رہگیا ہو معنی ظاہر ہین ھم و چون این قاعدہ ممہد شد گوئیم چون در اواخر مصراعہا دو حرف ساکن افتد
اگر جزو آخر از رکن آخر سالم بود ساکن دوم لا شک بر تسبیغ یا اذالہ حمل باید کرد ست اور جب یہ
قاعدہ مقرر ہوا اب کہتے ہین ہم کہ جب اواخر مصاریع دو ساکن واقع ہونگے اگر جزو اخیر رکن آخر سے

سالم ہوگا ساکن دوم بیشک تسبیغ خواہ اذالت پر حمل کیا جائے گا معلوم کیا چاہیئے کہ ارکان اصول
مین کوئی رکن ایسا نہین کہ جسکے آخر مین دو حرف ساکن ہون پس اگر دو حرف ساکن پائے جائین گے
ساکن دوم بسبب تسبیغ خواہ اذالت کے ہوگا اور جزو آخر رکن سے فروع بھی مثل فعلاتن و مستفعلن اور
مفاعلن کے اس حکم مین شامل ہوگئے مہمد بضم اول و فتح ثانی و بائے مشددہ مفتوحہ گسترده شده و نیکو کرده
شده منتخب اور غیاث سے ۱۲ اما اگر آخر رکن آخر را التغیری بہ نقصان کرده باشند تسبیغ و اذالت در وے
تصور نتوان کرد چہ در آخر یک رکن حکم بہ تغیر ہم بہ نقصان و ہم بزیادت شنیع بود پس ازین جہت با ثبات
تغیرات دیگر غیر آنچہ گفتہ آمد احتیاج افتدت اما اگر رکن عروض اور ضرب کی جزو اخیر مین تغیر نقصان
ہوا ہو تسبیغ اور اذالت اُس مین تصور نکیا چاہیے اسواسطے کہ اُس مین بعد تغیر بہ نقصان کے پھر
تغیر بزیادت شنیع اور یہی پس اس جہت سے سوا اُن تغیرات کے کہ کہے گئے اور تغیرات کی حاجت
ہوئی ۱۲ و علت اختصاص لغت فارسی باین تغیرات آن ہست کہ وقوع دو ساکن در لغت تازی در اواخر
مصراعہا در ہمہ جا جائز نیست و آنچہ موجود است علت آن معین و مبین شده اما چون در لغت پارسی
جائز ہست و در غیر آن مواضع کہ در تازی یافتہ اند واقع می شود بہ تغیرات دیگر احتیاج می افتدت
اور سبب اختصاص لغت پارسی کا ساتھ اُن تغیرات کے یہ ہے کہ وقوع دو ساکنون کا باواخر
مصاریع لغت تازی مین سب جگہ جائز نہین ہے اور جو کہین ہے علت اُسکی مقرر اور ظاہر ہوئی
یعنی حال اُسکے تغیر کا بیان کیا مگر لغت پارسی مین سب جگہ جائز ہے اور سوا اُن مقامون کے
کہ عربی مین پائے گئے ہین واقع ہوتا ہے پس اور تغیرات کی احتیاج پڑتی ہے ۱۲ مثلاً چون آخر رکن
وتدی مجموع بود چنانکہ در مستفعلن و در وی قطع افتد تا با وزن مفعولن آید بعد ازان اگر در آخر شعر
دو ساکن آید تا بر وزن مفعولان شود نتوان گفت کہ این رکن ہم مقطوع است و ہم مذال یا مسبغ بل
اولی یا آن باشد کہ ہمچنان قطع عبارت از مجموع حذف ساکن وتد مجموع و تسکین متحرک دوم ہست تغیرے
دیگر اثبات کنند کہ عبارت باشد از تسکین متحرک دوم و بس تا وتد با آن تغیر مشتمل بر متحرکی و دو ساکن شود
و با آن رکن را کہ وتد او چنین بود اعج نام نہادیم ۱۲ مثلاً جب آخر رکن وتد مجموع ہو جیسا کہ مستفعلن
مین اور اُس رکن مین قطع کرین تو بوزن مفعولن آئے بعد اُسکے اگر آخر شعر مین دو ساکن آئین
تو بوزن مفعولان ہو جائے نکہنا چاہیئے کہ یہ رکن مقطوع مذال ہے یا مقطوع مسبغ ہے مذال کہنا

اس جہت سے کہ حرف ساکن وتد مین لائے ہین کہ اصل مستفعلن ہے اور مسبغ کہنا اس جہت سے کہ بعد قطع کے سبب باقی رہا بلکہ بہتر یہ ہے کہ جیسا قطع کو کہتے ہین کہ عبارت مجموع حذف ساکن وتد مجموع اور تسکین متحرک دوم سے ہے اور اسیطرح ایک تغیر او ثابت کرین کہ وہ عبارت ہو تسکین متحرک دوم سے اور بس تا وتد بسبب اس تغیر کے مشتمل اوپر ایک متحرک اور دو ساکن کے ہو اور رہنے اُس رکن کا کہ جسمین وتد ایسا ہو اعرج نام رکھا اور اعرج بمعنی لنگ ہے منتخب او غیاث سے اور مناسبت ظاہر ہے ھم وہمچنین اگر مستفعلن احذ شود یعنی وتد مجموع از آخر او بیفتد یا وزن فعلن آید و بعد ازان در آخر مصراع ساکن دو شود تا بروزن فعلان شود نتوان گفت کہ این رکن ہم احذ ہست و ہم مسبغ بل اولی آن باشد کہ ساکن دوم از بقیہ وتد ہنند کہ اسقاط کردہ اند و گویند کہ از وتد دو حرکت و دو حرف بیفتادہ ہست و حرفی ساکن بماندہ و مارکنی را کہ وتد او چنین بود مطموس نام نہادیم ــــــت اور اسیطرح اگر مستفعلن احذ ہو یعنی وتد مجموع اُسکے آخر سے گرے کہ بروزن فعلن ہو اور بعد اُسکے آخر مصرع مین دو ساکن آئین کہ بروزن فعلان ہو جاے نچاہیے کہنا کہ یہ رکن احذ مسبغ ہے بلکہ بہتر یہ ہے کہ ساکن دوم کو بقیہ وتد سے بنا ئین جسکو گرا دیا ہے اور کہین کہ وتد سے دو حرکتین اور دو حرف گرے اور ایک حرف ساکن رہگیا یعنی عین اور لام اور دو نون حرکتین اُنکی علن سے گرین اور نون کہ حرف ساکن تھا باقی رہا یا آن تینون حرفون سے کوئی حرف ساکن باقی رہا اور رہنے اُس رکن کا کہ وتد اُس مین ایسا ہو مطموس نام رکھا اور مطموس بمعنی نابود اور طمس بالفتح ناپدید کرنا اور دور ہونا لطائف اور کشف اور منتخب اور غیاث سے اس مقام پر شرح مین عجب عبارت لکھی ہے ــشــ لفظ دوم بعد لفظ ساکن و عبارت از غلطی کاتب تم کلامہ ھم وہمچنین اگر از فاعلاتن در صورتی کہ خبن واجب بود فاع ماند نتوان گفت کہ این رکن محذوف مطموس ہست کہ آنگاہ مخبون نبودہ باشد بل اولی آن باشد کہ این دو ساکن را از بقیہ وتد ہنند و گویند دو حرکت و یک حرف از وتد افتادہ ہست و دو ساکن ماندہ و مارکنی را کہ چنین بود مدروس نام نہادیم ــــــت اور اسیطرح فاعلاتن مین جسوقت خبن واجب ہو فعلاتن بنا ئین اُس سے فاع سے نکہا چاہیے کہ یہ رکن محذوف مطموس ہے اسواسطے کہ وہ رکن مخبون نرہے گا جب فعلاتن مین تن حذف کیا فعلا رہا اور جب طمس سے دو حرکتین اور دو حرف گرے ایک متحرک ایک ساکن رہا فع ہوا بعدہ اسباغ سے فاع ہوا پس اسباغ اور خبن یعنی نقصان اور

زیادت جمع نہین ہو سکتی اور باوجود اسباغ کے خبن نہین کہہ سکتے اور خبن کو اُس مین شرط کیا ہے
پس کوئی بات نہ بنی لہذا بہتر یہ ہے کہ اِن دونون ساکنون کو جو فاع مین ہین بقیۂ وتد سے جانین
اور کہین کہ دو حرکتین اور ایک حرف وتد سے گرا اور دو ساکن رہگئے اور ہمنے اُس رکن کا کہ ایسا ہے
مدروس نام رکھا اور مدروس بسبب جملہ کہنہ شدہ او ناپدید شدہ اور بیرونق عیاث سے ھم وا گر
درشعر عربی مانند این حالہا افتادی لاشک ہچنین کردندی ت اور اگر شعر عربی مین ایسے حال واقع
ہوتے ایسا ہی کرتے ھم وچون این معنی مقرر شد فروعی کہ ارکان مذکور را درشعر فارسی افتد زائد برانچہ
عروضیان عرب آوردہ اند یاد کنیم و گوئیم ت اور جب یہ معانی مقرر ہوئے جو فروع کہ ارکان مذکورہ سے
فارسی مین واقع ہوتے ہین زیادہ اُسنے کہ عروضی عرب کے لائے ہین یاد کرینہم اور کہین ہم یعنی کہ
تغیرات عرب تبعاً فارسی مین مستعمل ہین اور سوا اُنکے جو فارسی مین خاص ہین انکا بیان ہوتا ہے
ھم فعولن را درشعر فارسی فرعی دیگر است و آن فعولان است کہ مسبغ باشد و در متقارب افتد ت
فعولن کی شعر فارسی مین ایک فرع اور ہے اور وہ فعولان ہے کہ مسبغ ہے اور متقارب مین آتی ہے
ساتھ زیادت ایک ساکن کے آخر مین ھم و فاعلن را چار فرع دیگر است فاعلان و این مذال ست
فعلان و این مخبون مذال است ج فعلن و این مخبون مسکن است و ہر چند در وزن ہمان است کہ
مقطوع اما علت تغیر غیر آنست و ہر چند این تغیر بحقیقت درشعر عربی ہم واقع است اما آنجا در شمار نیاوردیم
کہ اقتضای مخالفت این قوم میکرد فعلان و آن مخبون مسکن مذال است و این فرعہا در مدید و بسیط
کہ بتکلف گویند و در عرب ہم واقع باشد ت اور فاعلن کی چار فرعین اور ہین پہلی فاعلان
اور یہ مذال ہے یعنی حرف ساکن وتد مین زیادہ ہوا ہے دوسری فعلان بکسر عین اور یہ مخبون
مذال ہے تیسری فعلن بسکون عین اور یہ مخبون مسکن ہے ہر چند یہ وزن وہی ہے مقطوع لیکن
علت تغیر کی یہان سوا اُسکے ہے اسواسطے کہ قطع آخر مصراع مین آتا ہے اور یہ مخبون مسکن سب
جگہ اور ہر چند یہ تغیر بحقیقت شعر عربی مین بھی واقع ہے جیسے اس بیت مین ہ یا محبوبی
اَدرِک رُوحِی ٭ وَارحَم قَلبِی فَاجلِس عِندِی ٭ مگر اُس جگہ گنتی مین نہ لائے ہم کہ مقتضی مخالفت
اہل عروض تھا یعنی وہان بیان کیا کہ فروع فاعلن دو ہین مخبون اور مقطوع اور بطریق احتمال شکے
ذکر کیا کہ یہ فعلن مخبون مسکن فرع ثالث ہے اور بحر متدارک مین خاص ہے یعنی سب جگہ آتی ہے

بخلاف اور بحرونکے کہ وہان آخر مصراع مین آتی ہے اور اُسکو مقطوع کہتے ہین چوتھے فعلان
بسکون عین وہ مجنون مسکن مذال ہے اور یہ فرع مدید اور بسیط مین کہ تکلف کہتے ہین اور غریب
مین بھی واقع ہوتے ہین اور حدایق مین تین فرعین اور لکھی ہین فع احذ اور فعَل مخلّع
اور فاعلاتن مرفل غالب کہ یہ تینون فرعین مخترع متاخرین ہون هم و مفاعیلن را دوازدہ فرع دیگراست
ا مفاعیلان و این مسبغ ہست و در ہزج افتد ب فعولات و این مقصور ہست و در ہزج و مضارع افتد
ج فعول و این محذوف مقصور ہست و بعضے متاخران این را ازل نام نهاده اند د فعَل و این محذوف
مرتین است و بعضے متاخران این را مجبوب نام نهاده اند و این ہر دو در ہزج و مضارع افتد ہ مفعولان
مخنق مسبغ باشد میم مفاعیلان ہر کن ماقبل متصل شود تا اگر مکفوف باشد سالم نماید و باقی ہمین وزن
یاند ف اور مفاعیلن کی بارہ فرعین ہین پہلی مفاعیلان یہ مسبغ ہے اور ہزج مین آتی ہے
دوسری فعولات یہ مقصور ہے یعنی جب مفاعیلن سے نون گرا کر ماقبل کو اُسکے ساکن کیا مفاعیل
بسکون لام ہوا فعولات اُسکے مقام پر لائے تا التباس مفاعیل مکفوف سے نہو اور یہ فرع ہزج
اور مضارع مین آتی ہے تیسری فعول بسکون لام یہ محذوف مقصور ہے یعنی جب مفاعیلن سے
لن حذف کیا مفاعی رہا بعد اُسکے قصر کیا مفاع بسکون عین رہا فعول اُسکے مقام پر لائے اور بعضے
متاخرون نے اسکا ازل نام رکھا ہے اور یہ ازل نزل سے ہے اور زلل بفتحتین اور بزا معجمہ بے گوشت
ہونا ران کا غیاث اللغات سے اور بعضون نے اس فعول کو اہتم کہا ہے یعنی جمع ہونا حذف و قصر کا
ہتم ہے اور جمع ہونا حذف اور قصر اور خرم کا زلل ہیں فعول اہتم ہے اور فاع اثل اور ہتم بالفتح
جڑھ سے دانتونکا ٹوٹنا غیاث سے چوتھی فعَل بتحریک عین اور سکون لام اور یہ محذوف مرتین ہے
یعنی مفاعیلن سے ایک مرتبہ حذف سے لن گرا اور دوسری مرتبہ عی پس مفا رہا فعَل اُسکے مقام پر
آیا بعضے متاخرون نے اسکا نام مجبوب رکھا ہے اور مجبوب لغت مین بمعنی ہر دو خصیہ بریدہ ہے جب سے
اور جب بفتح جیم اور سکون موحدہ خصے کرنا غیاث سے وجہ تسمیہ ظاہر ہے کہ دونون سبب اس سے
گرتے ہین اور یہ دونون یعنی فعول فعَل ہزج اور مضارع مین آتی ہین اور بعضون نے کہا ہے
کہ فرع ازل طویل مین بھی آتی ہے کذا فی الحدایق پانچوین مفعولان مخنق مسبغ میم مفاعیلان کا
رکن ماقبل سے متصل ہوتا ہے پس وہ رکن ماقبل اگر مکفوف ہے سالم معلوم ہوتا ہے یعنی مشابہ

پسالم بروزن مفاعیلن اور باقی بروزن مفعولان رہجاتا ہے اور مخنق اسی کو کہتے ہین جاننا چاہیے کہ لام
مفاعیل کا جو میم مفاعیلان سے متصل ہوا یہ مشابہ پسالم ہوا نہ سالم اور یہ مفعولان جو باقی رہا میم اسی رکن
مین شامل رہا حقیقۃً اسی لحاظ سے محقق علیہ الرحمہ نے اس مفاعیلان مخنق مسبغ کو فروع مین بڑھایا
چنانچہ معلوم ہوگا اور نزدیک بعضون کے رکن اول سالم ہے اور رکن ثانی اخرم مسبغ وہ لوگ اس کے
مخنق کہنے کو تکلفات بیہودہ سے جانتے ہین ھم مفعولن مخنق وبس ز فاعلن مخنق مقبوض ح مفعول
مخنق مکفوف ط فعلان مخنق مقصور ستتا چھٹی فرع مفعولن یہ مخنق ہے اور ساتوین فاعلن یہ
مخنق مقبوض ہے آٹھوین مفعول یہ مخنق مکفوف ہے نوین فعلان یہ مخنق مقصور ہے پس مفاعیلن
سے جب صدر و ابتدا مین میم ساقط ہوگا اور بجاے فاعیلن مفعولن لائین گے اخرم کہین گے اور
جب حشو مین میم مفاعیلن کا رکن اول سے ملجائیگا ساقط ہوگا باقی رہے گا فاعیلن اسکے عوض
مفعولن لائین گے اسکو مخنق کہین گے اور جب مفاعیلن مین میم بسبب تخنیق کے رکن اول سے ملے گا
اور حرف یا بسبب قبض کے ساقط ہوجائے گا فاعلن رہے گا اسکو مخنق مقبوض کہین گے اور جب مفاعیلن
مین میم بسبب تخنیق کے رکن اول سے ملے گا اور نون بسبب کف کے ساقط ہوجائے گا فاعیل بضم لام
رہے گا اسکے مقام پر مفعول بضم لام لائین گے اسکو مخنق مکفوف کہین گے اور جب مفاعیلن مین میم
بسبب تخنیق کے رکن اول سے ملے گا اور نون مع حرکت ماقبل قصر سے گرجائیگا فاعیل بسکون لام رہے گا
اسکی جگہ پر فعلان لائین گے اسکو مخنق مقصور کہین گے اور یہی فاعلن فرع تازہ ہی مین اشتر یعنی اخرم
مقبوض اور یہی مفعول اخرب یعنی اخرم مکفوف تھا ھمی فعلن مخنق محذوف یا فاع مخنق ازل یب فع مخنق
مجبوب این جملہ در ہزج مکفوف مضارع و قریب یافتہ چنانکہ در بحر مخنق ستتا دسوین قسم فعلن یہ مخنق
محذوف ہے گیارہوین فاع یہ مخنق ازل ہے بارہوین فع یہ مخنق مجبوب ہے جب مفاعیلن مین
میم رکن اول سے ملا اور لن حذف سے ساقط ہوا فاعی رہا اسکی جگہ پر فعلن بسکون عین آیا اسکو
مخنق محذوف کہین گے اور جب مفاعیلن مین میم رکن اول سے ملا اور زلل سے یعنی اجتماع حذف
وقصر سے لن اور حرف یا مع حرکت ماقبل ساقط ہوئی فاع رہگیا اسکو مخنق ازل کہین گے اور جب مفاعیلن
مین میم رکن اول سے ملا اور جب سے یعنی حذف مرتین سے عیلن گرگیا فا رہا اسکی جگہ فع آیا اسکو
مخنق مجبوب کہین گے اور یہ فرعین یعنی پنجم سے دوازدہم تک جنمین تخنیق ہے ہزج مکفوف اور

مضارع اور قریب مین آتے ہین جیسے غیر مخنق یعنی تخنیق جنمین نہو وہ بھی ان تین بحرون مین آتی
ہین ح قولہ این جملہ یعنی از زحاف پنجم تا یازدہم دریں سہ بحر یافتہ شود تم کلامہ معلوم نہین کہ فرع دوازدہم
کس قصور پر اس شمار سے خارج ہوئی اور محقق علیہ الرحمہ نے ہزج کو بکفوف مقید کیا بخلاف مضارع
اور قریب کے اسواسطے کہ ہزج مکفوف اور غیر مکفوف مستعمل ہے اور مضارع اور قریب سوا مکفوف
کے مستعمل نہین ہم فاعلاتن مجموعی را ہفت فرع دیگر ہست امفعولان و این مخبون مسکن مسبغ است
و ظاہر آنست کہ مشعث مخبون مسکن ست چنانکہ گفتیم پس فرع مشعث مسبغ باشد و باین سبب مفعولن یا
کہ مخبون مسکن است اینجا نیاوردیم ت اور فاعلاتن مجموعی کی سات فرعین ہین پہلی مفعولان
اور یہ مخبون مسکن مسبغ ہے پس فاعلاتن مین جب خبن کیا فعلاتن بتحریک عین ہوا اور جب
مسکن کیا فعلاتن بسکون عین ہوا اور جب مسبغ کیا فعلاتان ہوا اُسکو منقول بہ مفعولان کیا اور
ظاہر ہے کہ یہ وہی مفعولن مشعث یعنی مخبون مسکن ہے جسکو سابق مین بہ تفصیل بیان کرچکے ہین
اور یہ مفعولان فرع اُس مفعولن مشعث کی ہے کسواسطے کہ جب مفعولن مین اسباغ کیا مفعولان ہوگیا
اور اسی سبب سے مفعولن کو اس جگہ نہ لائے ہم کسواسطے کہ اُسکو فروع تازی مین لکھ چکے ہین البتہ
مفعولان کو کہ مختص فارسی ہے اس جگہ لائے ہم ب فعلان و این مشعث مقصور است ت
دوسرے فعلان بسکون عین جب مفعولن مشعث کو مقصور کیا نون حذف ہوا اور لام ساکن مفعول ہا
منقول بہ فعلان ہوا م ج فعلن و این مشعث محذوف ہست و علت این غیر آنست کہ در ابتر گفتہ آمد
ہر چند در وزن ہمان ہست و این ہر سہ در رمل و خفیف و مجتث افتد ت تیسرے فعلن بسکون عین
اور یہ مشعث محذوف ہے جب مفعولن مشعث کو محذوف کیا لن کہ سبب تھا گر گیا مفعو منقول بہ فعلن
ہوا اور علت اسکی سوا اُسکے ہے کہ ابتر مین کہی گئی ہر چند وزن ایک ہے یعنی سابق مین فعلن کو
ابتر کہا تھا کہ بتر اجتماع حذف و قطع کو کہتے ہین جب فاعلاتن کو محذوف کیا فاعلا رہا بعد اُسکے فاعلا
قطع سے فاعل ہوکر منقول بہ فعلن ہوا پس وزن ایک ٹھہرا گر علتین دو اور یہ تینون فرعین یعنی
مفعولان اور فعلان اور فعلن رمل اور خفیف اور مجتث مین آتی ہین ھ فعول و این مخبون محذوف
اعرج است ت چوتھے فعولُ بسکون لام یہ مخبون محذوف اعرج ہے جب فاعلاتن مین خبن کیا فعلاتن ہوا
اور جب حذف کیا فعلا رہا اور جب اعرج کیا یعنی وتد کا متحرک دوم کہ لام ہے ساکن کیا فعلا مین دو متحرک

اور دو ساکن رہے وہ منقول بہ فعول ہوا اسم فعل و این مجبون محذوف مقطوع است **ث** پانچوین
فعل تحریک عین یہ مجبون محذوف مقطوع ہے جب فاعلاتن مین خبن کیا فعلاتن ہوا اور جب حذف
کیا فعلا ہوا اور جب قطع کیا فعل رہا بعضے اسکو مربوع کہتے ہین **ھ** دفاع واین محذوف مطموس
یا مجبون محذوف مدروس ہست **ث** چھٹے فاع اور یہ محذوف مطموس یا مجبون محذوف مدروس
ہے فاعلاتن کو جب محذوف کیا فاعلا رہا بعدہ طمس سے دو حرف اور دو حرکتین گرا ئین ساکن
آخر رہا فاع ہوا یا فاعلاتن کو جب مجبون محذوف کیا فعلا ہوا بعدہ درس سے ایک حرف اور دو حرکتین
گرائین فاع ہوا اسم نفع واین محذوف احذ یا مجبون محذوف مطموس واین چہار در رمل و مجتث
اقتدست **ث** ساتوین فع اور یہ محذوف احذ یا مجبون محذوف مطموس ہے یعنی فاعلاتن جب
محذوف ہوا فاعلا رہا بعدہ حذ سے وتد گر گیا بجاے فاقع لائے یا فاعلاتن خبن اور حذف سے
فعلا ہوا بعدہ طمس سے دو حرف اور دو حرکتین گرین ساکن آخر رہا فا کو ساتھ فع کے بدل کیا اور
چارون فرعین یعنی فعول اور فعل اور فاع اور فع رمل اور مجتث مین آتی ہین **ھ** وفاع لاتن مفروقی را
سہ فرع دیگر است افعلن واین محذوف مقصور است و بہ وزن فعلن است کہ ابتر است در فاعلاتن مجموعی
یا مجبون مسکن محذوف کہ ہم آنجا باشد اما اینجا علت دیگر است **ث** اور فاع لاتن مفروقی کی تین فرعین
اور ہین پہلی فعلن بسکون عین اور یہ محذوف مقصور ہے جب فاع لاتن کو محذوف کیا فاع لا رہا اور
جب قصر کیا یعنی الف کو دور کرکے لام کو ساکن کیا فاع ل رہا منقول بہ فعلن ہوا اور یہ فعلن مفروقی
بر وزن فعلن ابتر مجموعی ہے یا مجبون مسکن محذوف بطور فارسی کہ یہ علت بھی مجموعی مین ہوتی ہے
مگر یہان یعنی مفروقی مین علت اور ہے اسواسطے کہ خبن مفروقی مین نہین ہو سکتا بسبب وتد کے
خبن سبب مین ہوتا ہے اور بتر مفروقی مین نہین ہو سکتا کہ آخر رکن مین وتد نہین اور بتر اجتماع حذف اور
اور قطع ہے اور قطع وتد مین آتا ہے **ھ** ب فاع مجبوب موقوف است وہم بر وزن فاع است اما
اینجا علت دیگر است **ث** دوسرے فاع یہ مجبوب موقوف ہے یعنی جب سے دونون سبب
گرے اور وقف سے عین ساکن ہوا فاع رہا اور یہ بھی بر وزن فاع مجموعی مجبون محذوف مدروس ہے
لیکن یہان علت اور ہے کسواسطے کہ خبن اس جگہ اول رکن مین نہین ہو سکتا بسبب اسکے کہ وتد
ابتدا مین ہے اور درس آخر مین نہین ہو سکتا اسواسطے کہ درس وتد مین آتا ہے اور یہان وتد نہین ہے

هم ج فع و این مجبوب مکشوف است و هم بروزن فع است گفته آمد و این هر سه در مضارع افتاد
ست تیسرے فع یہ مجبوب مکشوف ہے جب فاع لاتن کو جب کیا دونوں سبب گر کے فاع رہا پھر
کشف سے فا ہوا کسواسطے کہ کشف گرانا متحرک دوم وتد مفروق کا ہے پس فا منقول بہ فع ہوا اور یہ
بھی بروزن فع مجموعی ہے کہ کہا گیا فع مجموعی مین محذوف احذ تھا یا مجبون محذوف سے طوس بطور
فارسی اور یہان مفروقی مین علت اور ہے کسواسطے کہ خبن مفروقی مین بسبب ہونے وتد کے
اول رکن مین نہین ہوسکتا اور احذ بھی نہین ہوسکتا کہ بعد حذف کے فاع لن رہتا ہے اور حذذ
وتد کو گراتا ہے اور یہان وتد آخر رکن مین نہین ہے اور یہ تینون فرعین یعنی فعلن اور فاع اور
فع مضارع مین آتی ہین هم و مستفعلن مجموعی را چہار فرع دیگر است مفعولان و این اعرج است
و در رجز آید و در بسیط هم بکار دارند ست اور مستفعلن مجموعی کی چار فرعین اور ہین پہلی مفعولان
اور یہ اعرج ہے عرج وتد کی متحرک دوم کو ساکن کرتا ہے پس مستفعلن بہ تسکین لام مفعولان ہوا یہ
فرع رجز مین آتی ہے اور بسیط مین بھی استعمال کرتے ہین هم ب مفعولان و این مطوی مسکن مذال است
و در وزن همان است اما در علت دیگر و در رجز و سریع و منسرح آید ست دوسرے مفعولان یہ
مطوی مسکن مذال ہے جب مستفعلن کو طے کیا مستعلن رہا بعدہ بہ تسکین عین مفعولن ہوا اور اذالت سے
مفعولان اور وزن مین وہی مفعولان اول ہے جسکو اعرج کہا مگر یہان علت اور ہے یعنی طے
اور تسکین اور اذالت اور یہ فرع رجز اور سریع اور منسرح مین آتی ہے جیسا کہ اوزان بحور مین معلوم
ہوگا هم ج فاع و این احذ مقصور است ست تیسرے فاع اور یہ احذ مقصور ہے جب مستفعلن مین
احذ سے علن گر گیا مستف رہا بعدہ قصر سے فے ساقط اور تے ساکن ہوئی مست منقول بہ فاع ہوا
هم د فع و این احذ محذوف است و هر دو در منسرح آید ست چوتھے فع اور یہ احذ محذوف ہے جیسا
مستف احذ مین حذف کیا تف گر کے مس رہ گیا منقول بہ فع ہوا اور یہ دونون فرعین یعنی
فاع اور فع منسرح مین آتی ہین هم و مس تفع لن مفروقی را فرعی دیگر نبود ست اور مس تفع لن مفروقی
کی کوئی فرع اور نہین ہے هم و مفعولات را چہار فرع دیگر است افعلان و این مخبول موقوف است
و در سریع افتد و ساکن این وزن هم انجا شاید و آن وزنی دیگر است اما عروضیان ذکرش نکردہ اند
ست اور مفعولات کی چار فرعین اور ہین پہلی فعلان بتحریک عین اور یہ مخبول موقوف ہے خبل اجتماع

خبن وطے کو کہتے ہین پس مفعولات سے جب فے گری اور واو گرا معلاتُ رہا بعدہ وقف سے تے
ساکن ہوئی معُلاتْ منقول بہ فعلان بتحریک عین ہوا اور یہ فرع سریع مین آتی ہے اور مسکن اس وزن کا
یعنی فعلان بسکون عین بھی سریع مین چاہیے اور یہ وزن اور ہے مگر عروضیون نے ذکر زیادہ نہین کیا
ہے یعنی فعلان متحرک العین سے زیادہ نہین کہا ہے فعلان مسکون العین نہین لائے ہین ہم فعلن
وا این مجنول مکشوف مسکن است و بر وزن اصلم ہست اما اینجا علت دیگر است و ہم در سریع افتد ست
دوسرے فعلن بسکون عین اور یہ مجنول مکشوف مسکن ہے یعنی خبل سے باسقاط فا و واو معُلات
اور کشف سے باسقاط تا معُلا اور تسکین سے بسکون عین معْلا ہوا فعلن اسکے مقام پہ آیا اور یہ فعلن
بر وزن اصلم ہے صلم وتد کو مفعولات سے گرانا ہے جب مفعو رہا فعْلن ہوا یہ وزن سابق عربی مین بیان
کیا اور فعلن مجنول مکشوف مسکن ہے اس جگہ فارسی مین پس اسکی علت اور ہوئی اور یہ فرع بھی
مثل فعلان کے سریع مین آتی ہے ہم ج فاع و این اصلم مقصور ست تیسرے فاع اور یہ اصلم
مقصور ہے صلم سے وتد گرا مفعو رہا بعد اسکے قصر سے واو گرا عین ساکن ہوا اسکے مقام پر فاع آیا ہم
رفع و این اصلم محذوف است و ہر دو در سریع و منسرح افتد ست چوتھے فع اور یہ اصلم محذوف ہے
صلم سے وتد اور حذف سے سبب گرا فع رہا اور یہ دونون فرعین یعنی فاع اور فع سریع اور منسرح
مین آتی ہین ہم این ہست فروع این اصول کہ جہت اعتبار عروض پارسی بر انچہ گفتہ آمد زیادت شود
و جملہ اینہا سی و پنج است ست یہ ہین فرعین اصول کی باعتبار عروض پارسی کے کہ زیادہ ہین
فروع تازی سے اور یہ سب فرعین عروض فارسی کی پینتیس ہین اس حساب سے کہ فعولن کی ایک
فرع اور فاعلن کی چار فرعین اور مفاعیلن کی بارہ فرعین اور فاعلاتن مجموعی کی سات فرعین اور
فاع لاتن مفروقی کی تین فرعین اور مستفعلن متصل کی چار فرعین اور مفعولات کی چار فرعین یہ سب
پینتیس ہوئین ہم و از اوزان دو وزن دیگر با انچہ آوردیم الحاق باید کرد یکے خماسی و آن فعلان ست
و دیگر ثمانی و آن مفاعیلان است ست اور اوزان سے دو وزن اور انہین ملحق کیا چاہیے ایک
خماسی و فعلان ہے یعنی فعلان مجنول موقوف مسکن فروع مفعولات سے کہ عروضیون نے اسکو
شمار نہین کیا ہے دوسرا ثمانی وہ مفاعیلان ہے یعنی مفاعیلان مخنق مسبغ فروع مفاعیلن ہے
کہ اتصال مفاعیل مکفوف سے میم اسکا ساکن ہوجاتا ہے اس جگہ صاحب حاشیہ نے یہ حاشیہ

لکھا ہے شرح قولہ وآن مفاعیلانست مخفی نماند کہ این فرع در فروع مفاعیلن سابقاً مذکور شدہ است
پس زیادت والحاقش بفروع سابقہ معنی ندارد تم کلامہ اس انتہی پر اسقدر بڑھایا کہ انھین کا ہیم
م والقاب تغیرات بسیطہ سہ در افزاید اعج و مطموس و مدروس و مرکب چہار درافزاید مسکن و مخنق و
ازل و مجبوب و مسکن را آن سبب در مرکبات شمردیم کہ تسکین اگرچہ بحقیقت تسکین متحرک اول از وتد است
و آن تغیر بسیط باشد اما وقوعش موقوفست بر تغیر سابق پس جملہ فروع صد و ہشت شود و جملہ اوزان
چہل و جملہ القاب تغیر مؤلف چہل و یک ست اور القاب تغیرات بسیطہ یعنی مفرد کے تین بڑھتے
ہین اعج اور مطموس اور مدروس اور مرکب چار بڑھتے ہین مسکن اور مخنق اور ازل اور مجبوب اور
مسکن کو اس سبب سے مرکبات مین شمار کیا کہ تسکین اگرچہ بحقیقت تسکین متحرک اول وتد ہے اور
وہ تغیر مفرد ہے مگر وقوع اُسکا موقوف ہے تغیر سابق پر اسواسطے کہ جب جزو اول سبب پڑے گا
اور ساکن سبب بخبن گر جاے گا اور متحرک باقی ماندہ سبب دو متحرکات وتد سے ملے گا اس صورت مین
تحریک اوسط ہوگی پس گویا یہ تغیر بھی مرکب ہوا پس جملہ فروع ایک سے آٹھ ہوے ہین یعنی فروع
تازی بہتر ۷۲ لکھے تھے اُنپر فروع فارسی پینتیس ۳۵ بڑھے جملہ ایک سو آٹھ ہوئے اور سب اوزان چالیس
ہوتے ہین اسلیے کہ اوزان فروع تازی اڑتیس ۳۸ لکھے تھے اُنپر اوزان فارسی دو بڑھے ایک فاع دوسرا
مفاعیلان کہ یہی دو زائد اوزان تازی سے ہین پس جملہ اوزان چالیس ہوئے اور تیسرا وزن فعلان
سکون العین بھی فارسی مین ہے مگر وہ تابع فعلان متحرک العین ہے جو تازی مین آیا ہے اور اسیواسطے
ہر متحرک العین مین سکون عین جائز رکھا ہے پس یہ وزن سوم گویا مغایر اوزان فروع تازی نہین ہے
لہذا اُسکو شمار نہین کیا اور جملہ القاب غیر مؤلف اکتالیس ہوئے ہین اسواسطے کہ تفریع چونتیس ۳۴
لقب کی تازی مین کی تھی فارسی مین سات بڑھے اعج مطموس مدروس مسکن مخنق ازل مجبوب جملہ اکتالیس ۴۱
ہوئے ہم و باشد کہ بعضے تغیرات را بسبب مشارکت با تغیری دیگر لقبی دیگر باشد چنانچہ دو سبب خفیف
متوالی اقتد از یک رکن یا دو رکن حال دو ساکن آن دو سبب کہ میان ایشان یک متحرک بیش نباشد
خالی نبود در بنا ازانکہ باسقوط ہر دو ہم جائز نبود یا جائز بود و قسم دوم را حکمی نبود اما قسم اول خالی نبود
ازانکہ ثبوت ہر دو ساکن ہم جائز بود یا نبود و اگر جائز بود و لامحالہ سقوط یک ساکن از ہر دو تا لابد ہم
جائز بود پس گویند میان این دو ساکن معاقبہ ہست اور کبھی بعضے تغیرات کا بسبب شرکت تغیر ثانی

کے ایک لقب ورہوتا ہے جیسا کہ جب دو سبب خفیف متوالی واقع ہون ایک رکن مین مثل مستفعلن
اور مفاعیلن کے یا دو رکن مین مثل فاعلاتن فاعلاتن اور فاعلاتن فاعلن کے حال آن دو ساکنون کا
اُن دو سببون مین کہ درمیان اُنکے ایک متحرک سے زیادہ نہین ہے مثلاً مستفعلن مین تے متحرک ہے
درمیان سین اور فے کے اور فاعلاتن فاعلاتن مین نے متحرک ہے درمیان نون اور الف کے خالی نہ ہوگا
دو صورتون سے یا یہ ہین یعنی اصل رکن مین ایک صورت یہ کہ سقوط اُن دو ساکنون کا جائز نہو
صورت یہ کہ جائز ہو پس دوسری صورت کے واسطے کوئی حکم نہین ہے مگر وہ صورت
جس مین سقوط دونون ساکنون کا جائز ہو اُس مین بھی دو صورتین ہین ایک یہ کہ ثبوت دونون ساکنون کا
بہم جائز ہو دوسری صورت یہ کہ ثبوت دونون ساکنون کا بہم جائز نہو پس اگر جائز ہو لامحالہ سقوط ایک
ساکن کا دونون سے لابعینہ بھی جائز ہوگا لابعینہ کے یہ معنی ہین کہ خواہ اول ساقط ہو خواہ ثانی
ایک ذات پر یہ حکم نہین ہے بلکہ مشترک اور شامل دو ذاتون کے ہے پس کہین گے کہ درمیان ان دونون
ساکنون کے معاقبہ ہے یعنی دونون کا سلامت رکھنا بھی جائز ہے اور انمین سے ایک کا گرانا بھی
جائز ہے اور معنی معاقبے کے لغت مین پیچھے ایک دوسرے کے آنا ہے کذا فی المنتخب اور مثلاً دو شخص
ایک مرکوب رکھتے ہون کبھی ایک سوار ہو کبھی دوسرا عرب مین کہتے ہین کہ درمیان ان دونون کے
معاقبہ ہے اور معاقبہ نو بحرون مین آتا ہے منسرح اور رمل اور وافر اور ہزج اور خفیف اور مجتث اور طویل
اور کامل اور مدید کذا فی البحر زخیرہ اور وافر اور کامل مین معاقبہ باضمار و عصب ہوگا ہم سقوط یکی البتہ
مخبون بود یا مکفوف اگر مخبون بود سقوط دیگر یا مطوی بود اگر ہر دو ساکن در یک رکن افتند یا مکفوف بود اگر در
دو رکن افتند و اگر مکفوف بود سقوط دیگر یا مقبوض بود اگر در یک رکن افتند یا مخبون چنانکہ گفتہ آمد در کنی را
کہ بمعاقبہ مخبون شود صدر خوانند و رکنی را کہ در معاقبہ مکفوف شود عجز خوانند و رکنی را کہ مشکول شود طرفین
خوانند و رکنی را کہ در معاقبہ سالم ماند بری خوانند و اگر ثبوت ہر دو ساکن بہم جائز نبود لامحالہ سقوط یکے
لابعینہ واجب بود پس گویند میان این دو ساکن مراقبہ است اور اُن دونون ساکنون مین سقوط
ایک کا البتہ مخبون ہوگا یا مکفوف اگر مخبون ہوگا سقوط دوسرے ساکن کا مطوی ہوگا اگر دونون ساکن
ایک رکن مین ہین مثل مستفعلن کے کہ اگر سین گریگا مفاعلن ہوگا اور اگر فے گرے گی مستعلن ہوگا یا
ہوگا اگر دونون ساکن دو رکن مین ہین مثل فاعلاتن فاعلاتن کے پس سقوط ثانی کا اگر مخبون ہوگا فاعلاتن

فعلاتن ہوگا اور اگر سقوط اول کا بکف ہوگا فاعلات فاعلاتن ہوگا اور اگر سقوط ایک ساکن کا بکف
ہوگا سقوط دوسرے کا یا بقبض ہوگا اگر ایک رکن میں پڑیں مثل مفاعیلن کے کہ کف سے
مفاعیل ہوگا اور قبض سے مفاعلن یا نجیں جیسا کہ کہا گیا یعنی دو رکن میں مثل فاعلاتن فاعلاتن
کے کہ بیان انکا ہوچکا اور جو رکن کہ ساتھ معاقبے کے مخبون ہوگا مثل فاعلاتن فعلاتن کے
اسکو صدر کہیں گے اسواسطے کہ یہ سقوط صدر رکن میں واقع ہوا ہے اور جو رکن کہ معاقبے سے
مکفوف ہوگا مثل فاعلات فاعلاتن کے اسکو عجز کہیں گے اسواسطے کہ یہ سقوط آخر رکن میں واقع ہوا
اور جو رکن کہ معاقبے سے مشکول ہوگا یعنی ایک جانب مخبون اور ایک جانب مکفوف مثل فاعلاتن
فعلات فاعلاتن کے اسکو طرفین کہیں گے اسواسطے کہ حذف حرف سبب کا دونوں طرفوں رکن میں
واقع ہوا ہے اور جو رکن معاقبے سے سالم رہے گا کسواسطے کہ ثابت رکھنا بھی دونوں کا جائز ہے
اسکو بری کہیں گے اسواسطے کہ بری بفتح اول وکسر را وتشدید یا بھی پاک ہے کذا فی الغیاث اور اگر
ثبوت دونوں ساکنوں کا بہم جائز نہو اور لا محالہ سقوط ایک کا لا بعینہ واجب ہو پس کہیں گے کہ درمیان
ان دونوں ساکنوں کے مراقبہ ہے اور مراقبہ آٹھ بحروں میں آتا ہے اول بحر مضارع اور مقتضب
میں کہ ایک ان دو سببوں سے ثابت رہتا ہے وجوبا اور ایک حذف ہوتا ہے وجوبا پس مفاعیلن
جب اول بحر مضارع میں پڑے کف یا خرب واجب ہے اور مفعولات جب اول بحر مقتضب میں
پڑے طے واجب ہے چنانچہ بحر مضارع دائرے سے مکفوف نکلی ہے اور بحر مقتضب دائرے
سے مطوی نکلی ہے اور بحر مشاکل اور قریب اور جدید میں مراقبہ لازم ہے اور بحر سریع اور منسرح میں
غالب اور بحر خفیف میں جائز شرح خزرجیہ سے اور معنی مراقبہ لغت میں بایکدیگر نگہبانی کردن ہیں
پس فرق معاقبے اور مراقبے میں یہ ہوا کہ معاقبے میں ثابت رکھنا دونوں ساکنوں کا بھی جائز ہے اور گرانا
ایک کا بھی جائز ہے اور مراقبے میں ثابت رکھنا دونوں ساکنوں کا جائز نہیں اور سقوط ایک کا
واجب ہے اور محقق علیہ الرحمہ نے فرمایا کہ قسم دوم را حکمی نبود یعنی جہاں سقوط دونوں کا معا جائز ہو جیسے فاعلاتن فعلات
فاعلاتن میں اسمیں کچھ حکم نہیں یعنی حکم علیحدہ کی حاجت نہیں مگر عبد اللہ خزرجی نے اسکو متکانفہ لکھا ہے
پس متکانفہ عبارت ہے جواز حذف ہر دو ساکن مجاور دو سبب سے معا یا باقی رکھنا دونوں کا معا یا حذف
ایک کا لا بعینہ اندر مدید و سریع اور منسرح اور بسیط اور ... میں مستعمل ...

از هر بحری چون از تقریر مقدمات فراغت حاصل شد بعد ازین به تفصیل بحرها و وزنها که در هر بحر استعمال کرده اند
مشغول شویم و عدد عروض ها و ضربها چنانکه عادت عروضیان هر لغتی هست ایراد کنیم و آنچه ما را در عروض
پارسیان و عدد اوزان ایشان به تحقیق نزدیکتر آید در هر موضع شرح دهیم ت فصل ساتوین تفصیل
اوزان مستعمل هر بحر مین جو تقریر مقدمات سے فراغت حاصل ہوئی بعد اسکے تفصیل بحور اور اوزان
مستعملہ ہر بحر مین مشغول ہوتے ہین ہم اور عدد عروض اور ضرب کے جیسا کہ عادت عروضیان ہر لغت
کی ہے لکھتے ہین ہم اور جو کچھ کہ ہمکو عروض اہل فارس اور عدد اوزان اہل فارس مین تحقیق ہوا ہے
ہر جگہ بیان کرتے ہین ہم ﻫ و عادت عروضیان چنان است که هر وزنی را بیتی بمثال آرند و ابیات
عروض عرب همیشه همان ابیات آورند که خلیل احمد آورده است چه دران عروض تصرفی نرفته است پس
ما نیز همان ابیات بعینها بیاوردیم و شواهد مزاحفات که او آورده است ما تخفیف کردیم اما در عروض پارسیان
هر کسی بیتی دیگر آورده است ما هم رعایت ابیات معین نکردیم و آنچه اتفاق افتاد بیاوردیم و چون بسیار
وزنهاست که به تحقیق راجع بایک وزن است و ایراد امثله بازای همه اقتضای تطویل بیفائده میکند و بعضی
امثله که استغنا ازان حاصل باشد نیاوردیم و ابتدا بطویل کردیم چنانکه خلیل احمد کرده است و دیگران هم
اقتدا کرده ست اور عادت عروضیون کی یہ ہے کہ واسطے ہر وزن کے ایک بیت مثال کی لاتے ہین
اور بیتین عروض عرب کی ہمیشہ وہی بیتین لاتے ہین کہ خلیل احمد لایا ہے اسواسطے کہ اُس مین کوئی
تصرف نہین ہوا ہے پس ہم بھی وہی بیتین بعینہ لاوین گے اور ابیات شواہد مزاحفات کہ خلیل احمد
لایا ہے ہم نے اُنکی تخفیف کی مگر عروض فارسی مین ہر شخص ایک بیت جداگانہ لایا ہے لہذا ہم نے
بھی رعایت ابیات معین کی نہین کی جیسا اتفاق پڑا ویسا لکھا اور بہت سے وزن ہین کہ حسب تحقیق
کے ایک وزن ٹھہرتا ہے اُنکی مثالین لانا تطویل بیفائدہ ہے بعضی مثالین کہ اُنکی احتیاج نہ جانی
نہین لائے ہم کہ اوزان مکرر کی مثالین ضرور نہ تھین اور ابتدا طویل سے کی ہم نے جیسے خلیل احمد نے
ابتدا اُس سے کی ہے اور اوروں نے پیروی خلیل احمد کی ہے ﻫ طویل از بحرهای است که بتازی گویان
خاص هست و شعر پارسی برین بحر به تکلف باشد و اصلش در دایره فعولن مفاعیلن چهار بار باشد و
در بنا بتازی وافی بکار دارند و عروضش همیشه مقبوض و ضرب هم سالم و هم مقبوض هم محذوف بکار دارند
پس اوزان مستعمل سه باشد و شواهد این سه بیت است ت یہ بحر خاص ہے تازی مین شعر فارسی

اس مین تکلف سے خالی نہین اصل اُسکے دائرے مین فعولن مفاعیلن چار بار ہے اور بنا مین
یعنی استعمال تازی مین وافی لاتے ہین یعنی موافق سب ارکان دائرہ کے اگرچہ مزاحف ہو مستعمل
کرتے ہین اور عروض اُسکا یعنی آخر مصراع اول ہمیشہ مقبوض ہوتا ہے یعنی مفاعلن سواے مصرع کے
کہ اُس مین عروض تابع ضرب ہوگا اور ضرب یعنی آخر مصراع ثانی کبھی سالم یعنی مفاعیلن اور کبھی مطلع مقبوض
یعنی مفاعلن اور کبھی محذوف یعنی فعولن مستعمل کرتے ہین پس اوزان مستعمل تین ہین ایک عروض
مقبوض اور ضرب سالم دوسرا عروض مقبوض اور ضرب مقبوض تیسرا عروض مقبوض اور ضرب محذوف
اور مطلب تقریر عروض و ضرب سے یہ ہے کہ شاعر جب مصراع اول مین عروض واحد اور مصرع ثانی مین
ضرب واحد لاوے چاہیے کہ اُسی طرح تمام قصیدے مین کہے اور پھر اختلاف عروض و ضرب مین روا نرکھے
مگر قدما نے بحر کامل مین اختلاف عروض کیا ہے اُسکا نام اقعاد ہے اور اختلاف ضرب کو تجرید
کہتے ہین یہ دونون عیب مین داخل ہین کہ متاخرین نے اس سے احتراز لازم جانا ہے اور اُن
تین اوزان کے شواہد یہ تین شعر ہین ع شعر اَبَا مُنْذِرٍ کَانَتْ غُرُوْرًا صَحِیْفَتِیْ ٭ وَلَمْ اُعْطِکُمْ
فِی الطَّوْعِ مَالِیْ وَلَا عِرْضِیْ ٭ عروض مقبوض است و ضرب سالم و تقطیعش بدینگونہ ابامن فعولن
ذرنکانت مفاعیلن غرورن فعولن صحیفتی مفاعلن ولم اع فعولن طکم فططو مفاعیلن عمالی فعولن
ولا عرضی مفاعیلن و عادت عروضیان است کہ ہمہ شواہد را ہمبرین گونہ تقطیع ایراد کنند و ہر کہ
قواعد فہم کردہ باشد باین تطویل محتاج نباشد وانکہ فہم نکردہ باشد اورا صد چندین سود نکند پس
ما تخفیف را تقطیعات رانمی آریم و بر یک مثال تازی و یک مثال پارسی اقتصار کنیم ت پہلا
شعر جو متن مین لکھا ہے عروض اُسکا مقبوض ہے اور ضرب سالم ہے اور تقطیع اسکی خود محقق علیہ الرحمہ
نے لکھی ہے مگر ترجمہ شعر مذکور کا یہ ہے کہ اے ابا منذر فریب تھا خط میرا نہین دیا مین نے تمکو
مال اپنا اور عزت اپنی یعنی پہلا خط برضا مندی نہ لکھا تھا اور عادت عروضیون کی یہ ہے کہ جملہ
شواہد کی اسی طرح تقطیع کرتے ہین پس جو شخص کہ فہم قواعد رکھتا ہے اس تطویل کا محتاج نہین ہے
اور جسکو فہم قواعد نہین ہے اُسکو صد برابر اسکے مفید نہین پس ہم ہر جگہ تقطیع نہ لاوینگے
فقط ایک تقطیع شعر عربی اور ایک تقطیع شعر پارسی پر اکتفا کرینگے مگر ترجمے مین البتہ
تقطیعات لکھے جاوینگے ع ب سَتُبْدِیْ لَکَ الْاَیَّامُ مَا کُنْتَ جَاہِلًا ٭ وَیَاْتِیْکَ بِالْاَخْبَارِ مَنْ

لم تزودِ ٭ عروض و ضرب ہر دو مقبوض اند ت شعر دوسرا جو متن مین لکھا ہے عروض اور ضرب دونون
مقبوض ہین یعنی مفاعلن اور یہ شعر قصیدہ سبعیہ سے ہے جو طرفہ بن العبد نے نعت رسول صلی
اللہ علیہ و آلہ وسلم مین کہا ہے ترجمہ اسکا یہ ہے قریب ظاہر کرے گا زمانہ واسطے تیرے
وہ چیز کہ جس سے تھا تو جاہل اور لائے گا واسطے تیرے اخبار وہ شخص کہ نہین توشہ دیا ہے تو نے
اسکو یعنی مسائل شرعی بدون طمع اور اجرت بیان کریگا تقطیع یہ ہے ستبدی فعولن لکل ایا مفاعیلن ماکن
فعولن تجاہلا مفاعلن و یاتی فعولن کبلا خیا مفاعیلن ربمن فعولن تزودی مفاعلن م ج شعر
اَقِیمُوا بَنِی النُّعمَانِ عَنَّا صُدُورَکُم ٭ وَ اِلَّا تُقِیمُوا صَاغِرِینَ الرُّؤُسا ٭ عروض مقبوض و ضرب محذوف ست
ت عروض اس شعر کا مقبوض یعنی مفاعلن اور ضرب محذوف ہے یعنی فعولن معنی شعر کے یہ ہین
راست کرو اے بنی نعمان ہم سے سینے اپنے یعنی کینہ دور کرو نہین تو رہوگے ہمیشہ ذلیل کرنے والے
سرون کے یعنی سردارون کے یعنی ہمیشہ ذلیل رہوگے تقطیع یہ ہے اقیمو فعولن بنن نعما مفاعیلن
نعن نا فعولن صدورکم مفاعلن و اللا فعولن تقیمو صا مفاعیلن غری نر فعولن رؤوسا فعولن م و بیشتر
درین وزن فعولن را کہ بر ضرب مقدم بود مقبوض بکار دارند بر شیگونہ شعر وَفَارَقتُ حَتّٰی مَا اُبَالِی مَن
النَّوٰی ٭ وَاِن بَانَ جِیرَانٌ عَلَیَّ کِرَامُ ت اور اکثر ان وزن مین فعولن کو کہ مقدم ضرب سے
ہوتا ہے مقبوض استعمال کرتے ہین یعنی فعول جیسا اس شعر مین ہے جو محقق علیہ الرحمۃ نے لکھا معنی
یہ ہین کہ اور جدائی کی مین نے یہان تک کہ نہین ڈر رکھتا ہون نہین دشمنی سے اگرچہ ظاہر ہون مجھپر
ہمسائے بزرگ یعنی ہمسائے نزدیک میرے آئین اور اصرار کرین تو بھی یکجائی قبول نکرون اور انکی دشمنی
سے نہ ڈرون تقطیع یہ ہے و فارق فعولن تحتتا ما مفاعیلن ابالی فعولن منن نوا مفاعلن و ان با
فعولن جیران مفاعیلن علی ہی فعول کرامو فعولن نوا ر دشمنی کرنا منتخب سے اور کرام بالکسر جمع
کریم منتخب سے م و در ہمہ اوزان علی الاطلاق ہر کجا بیت مصرع آرند مانند ابیات اول قصاید عروض را
موافق ضرب کنند و ضرب برحال خود بگذارند ت اور سب اوزان مین مطلق جس جگہ بیت مصرع لاتے
ہین یعنی مطلع مانند ابیات اول قصاید کے عروض موافق ضرب کے لاتے ہین یعنی مطلع کے عروض
و ضرب مین فرق نہین ہوتا اور ضرب کو اپنے حال پر چھوڑتے ہین یعنی تمام ابیات قصائد مین
ضرب یکسان موافق ضرب مطلع کے لاتے ہین م و اما الطریق زحاف در طویل صدر مقبوض و اثلم

واثرم شاید وحشو مقبوض ومکفوف وابتدا مقبوض وگاہ اثلم واثرم اما سخت نادر بود ودر مفاعیلن کہ در حشو
افتد معاقبہ باشد سیان یا وزن ست وامّا التطریق زحاف طویل مین صدر مقبوض یعنی فعول اور اثلم
یعنی فعلن اور اثرم یعنی فعل لائق ہے اور حشو مقبوض یعنی فعول اور مفاعلن اور مکفوف یعنی مفاعیل اور
ابتدا یعنی رکن اول مصرع ثانی مقبوض یعنی فعول اور کبھی اثلم یعنی فعلن اور اثرم یعنی فعل لایق ہے مگر
ابتدا کا اثلم اور اثرم ہونا بہت نادر ہے مثال مقبوض **شعر** أَتَطْلُبُ مَنْ أُسُودُ بِيشَةٍ دُونَهُ ۞ أَبُو
مَطَرٍ وَعَامِرٌ وَأَبُو سَعِيدٍ ۞ معنی یہ کہ آیا طلب کرتا ہے تو اُنکو کہ شیران بیشہ کمتر اُنسے ہین ابو مطر اور
عامر ابو سعید تقطیع یہ ہے أَتَطْلُ فعول بُ مَنْ أُسُو مفاعلن دُ بِيشَ فعول تِنْ دُونَهُو مفاعلن أَبُو مَ فعول طَرِنْ
وَعَا مفاعلن مِرُنْ وَ فعول أَبُو سَعِيدٍ مفاعیلن مثال اثلم مکفوف **شعر** شَاقَتْكَ أَحْدَاجُ سُلَيْمَى بِعَاقِلٍ
فَعَيْنَاكَ لِلْبَيْنِ تَجُودَانِ بِالدَّمْعِ ۞ معنی یہ کہ شوق مین ڈالا تجھکو ہودجہاے معشوقہ سلیمی نے موضع
عاقل مین پس آنکھین تیری جدائی مین گراتی ہین آنسو تقطیع شاقت فعلن كَ أَحْدَا مفاعیل جُ سُلَيْمَى فعولن
بِعَاقِلٍ مفاعلن فَعَيْنَا فعولن كَ لِلْبَيْنِ مفاعیل تَجُودَا فعولن نِ بِالدَّمْعِ مفاعیلن مثال اثرم **شعر**
أَهَاجَكَ رَبْعٌ دَارِسُ الرَّسْمِ بِاللِّوَى ۞ لِأَسْمَاءَ عَفَّى آيَاتِهِ الْمُورُ وَالْقَطْرُ ۞ معنی یہ ہین ہیجان مین لایا
تجھکو مکان کہنہ نشان لوا مین اور لوا نام مقام کا ہے جو واسطے اسما کے تھا مٹائے نشان اُسکے
موج آب نے اور باران نے مور بالفتح ورا بعجلہ موج زدن اور بالضم باد با گرد و خاک ہے تقطیع
ہاج فعل كَ رَبْعُنْ دَا مفاعیلن رِسُرْرَسْ فعولن مِبِلْ لِوَا مفاعلن لِأَسْمَا فعولن ءَ عَفْفَا ايا مفاعیلن
تِهِلْ مو فعولن رُ وَلْقَطْرُ مفاعیلن صدر اثرم اور عروض مقبوض اور باقی ارکان سالم ہین اور درمیان
مفاعیلن کے جو حشو مین آتا ہے معاقبہ ہے یعنی اثبات دونون ساکن اسباب کا جائز ہے یا حذف
ایک کا یا مفاعلن آئے گا یا مفاعیل ہم واما در فارسی آنچہ بہ تکلف گفتہ اند بعضے ہم بر منوال عرب
گفتہ اند مثال وزن اول **شعر** ببردی دل وجانم بیک غمزہ ناگہان ۞ نبردی کہ من دادم تو خود بی گناہی
زان ۞ تقطیعش ببردی فعولن دل وجانم مفاعیلن بیک غم فعولن زہ ناگہا مفاعلن نبردی فعولن
کسن دادم مفاعیلن تخذ بی فعولن گناہی زا مفاعیلن ودر تقطیع فارسی ہمین بریک مثال اقتصار
خواہم کرد **ست** لیکن پارسی مین جو کچھ بہ تکلف کہا ہے بعضون نے بروضع عرب کہا ہے مثال
وزن اول کی جو محقق علیہ الرحمہ نے لکھی ہے اور تقطیع بھی اُسکی خود لکھی ہے اور اسی تقطیع پر اکتفا کی ہے

چنانچہ سابق مین بھی ہی کہا تھا قول ثانی تاکید ہے معنی شعر کے یہ مین لیگیا تو اے معشوق دل میرا اور جان میری
ایک غمزے مین ناگاہ مگر خود نہین لیگیا تو بلکہ مین نے دیا تحقیق کہ بیگناہ ہے تو اُس سے ھم و عادت
عروضیان پارسی آنست کہ ہر مثالی را مثالی مصرع ایراد کنند مثال مصرع این وزن بیت بر آمد زرخسار
نگارین من ماہے ✤ نگر یابم از نورش سوی وصل او راہے ✤ و بعد ازین در ایراد مصرعات ہم تخفیف
خواہم کرد ت اور عادت عروضیان فارسی کی یہ ہے کہ مثال مین بیت مصرع لاتے ہین یعنی مطلع کہ
اُس مین ایک وہی اور ایک وزن ہو اور بیت اول ہم قافیہ بھی مگر ہم وزن بھی مثال مصرع اس وزن
مذکور کی بارکان سالم جو متن مین لکھی ہے معنی اُسکے یہ ہین کہ چہرہ میرے معشوق کا چاند سا چمکا
شاید اُسکی روشنی مین راہ وصل کی مجھکو معلوم ہو اور تقطیع اُسکی یہ ہے بر آمد فعولن زرخساری مفاعیلن
نگاری فعولن من ماہی مفاعیلن نگر یا فعولن بم ز نورش مفاعیلن سوی وص فعولن لِ اُو راہی مفاعیلن اور بعد
اُسکے ایراد مصرعات مین بھی کمی کرینگے ہم کہ غرض بیان وزن سے ہے ھم و بعضے عروضیان ما از
اوزان عرب تجاوز کردہ اند و بر قیاس دیگر بحرہای پارسیان در وافی بر عروض مسبغ و معری با ضرب
مسبغ و عروض سالم با ضرب ہم سالم یا مقبوض مسبغ و معری و عروض مقبوض مسبغ و معری با ضرب مسبغ
و عروض مقبوض با ضرب مقبوض و مقصور و محذوف و ہر دو مقصور یا محذوف یا مخلط و در مسدس و مربع
ہم مثالہا آوردہ اند و از ہمہ بطبع نزدیکتر سالم بود خاصہ از یکدگر جدا جدا بدینگونہ بیت من از غم
گدازانم تو بی غم گدازانی ✤ من از عشق نالانم ✤ تو بی عشق نازانی ت اور بعضے عروضیان پارس نے
اوزان عرب سے تجاوز کیا ہے اور بر قیاس اور بحور فارسی کے وافی مین یہ اوزان لائے ہین عروض
مسبغ یعنی مفاعیلان اور معری یعنی خالی تسبیغ سے مفاعیلن ساتھ ضرب مسبغ کے یعنی مفاعیلان
اور عروض سالم یعنی مفاعیلن ساتھ ضرب سالم کے یعنی مفاعیلن یا مقبوض مسبغ کے یعنی مفاعلان
یا مقبوض معری کے یعنی مفاعلن اور عروض مقبوض مسبغ یعنی مفاعلان اور معری یعنی مفاعلن ساتھ ضرب مسبغ کے
یعنی مفاعیلان اور عروض مقبوض یعنی مفاعلن ساتھ ضرب مقبوض کے یعنی مفاعلن اور مقصور کے یعنی فعولان اور محذوف
یعنی فعولن اور دونون مقصور یعنی عروض اور ضرب دونون فعولان یا محذوف یعنی عروض اور ضرب دونون
فعولن یا مخلط یعنی عروض فعولن ضرب فعولان یا بالعکس اور مسدس اور مربع کی بھی مثالین لائے ہین یعنی
مجزو اور مشطور بھی کہا ہے اور سب سے موافق طبع کے بحر سالم ہے ح بل بر عروض مقبوض و ضرب محذوف

نیز گفتہ اند مثال ؎ نگاری کجا ہمتا بخوبی ندانمش + چگونی کرا باشد بعشقش صبوری + معلوم ہو کہ یہ
وزن بھی جسکا عروض مقبوض مفاعلن اور ضرب محذوف فعولن ہو تفصیل مرقومۂ مصنف مین داخل ہے
احتیاج اس حاشیہ کی نتھی اور سالم مین خالی جدا جدا اسطرح پر بیت جو متن مین لکھی ہے معنی اُسکے
یہ ہین یعنی مین غم سے گداز رکھتا ہون اور تو بے غم گداز رکھتا ہے مین عشق سے نالان ہون تو بے
عشق نازان ہے تقطیع یہ ہے منغم فعولن گدازم مفاعیلن تبی غم فعولن گدازی مفاعیلن منعش فعولن
قنالانم مفاعیلن تبی عش فعولن قنازانی مفاعیلن ھم و اگر مسمط باشد بہتر بود و دیگر ارکان غیر عروض و
ضرب در پارسی مزاحف بکار نتوان داشت چہ تکلف وزن و زحاف چون جمع شوند نفرت طبع زیادت
گردد ؔ اور اگر مسمط ہو بہتر ہے یعنے مطلع مین چارون جگہ قافیے اور ابیات مین تین قافیے
اول اور قافیۂ آخر موافق قافیہ مطلع کے یہ زیادہ خوشنما ہے اور اور ارکان سوا عروض اور ضرب کے
فارسی مین مزاحف لانا نہ چاہیے اسواسطے کہ یہ بحر فارسی نہین ہے جب تکلف وزن اور تکلف زحاف
دونون جمع ہونگے نفرت طبیعت کی زیادہ ہوگی معلوم ہو کہ مثالین فارسی کی موافق ان ارکان کے
کتب سے ڈھونڈھ کر لکھنا مشکل اور موزون کر کے لکھ دینا سہل مگر تطویل بیفائدہ کہ اہل فہم کو فقط لکھنا
ارکان کا کافی ہے اور یہ اوزان بھی نامطبوع ہین فقط ضرورت ہے تو اتنی کہ شاید کوئی شعر کسی استاد کا
ان زحافون مین نکل آئے تو تقطیع مشکل نہو م مدید بحر دیم از بحرہای تازیان است و اصلش در دائرہ فاعلاتن
فاعلن چہار بار بود و در بنا مجزو بکار دارند و او را سہ عروض و پنج ضرب باشد و بر شش وزن مستعمل است
و شواہد این شش بیت ست ؔ مدید بھی بحر تازیون کی ہے اور اصل اُسکی دایرے مین فاعلاتن
فاعلن چار بار ہے اور اُسکو مجزو استعمال کرتے ہین یعنے مسدس اور اُسکے تین عروض یعنی سالم
اور محذوف اور مخبون محذوف آور پانچ ضربین یعنی سالم اور مقصور اور محذوف اور ابتر اور مخبون محذوف
ہین اور چھہ وزن پر مستعمل ہے ہر چند احتمال عقلی مقتضی پندرہ اوزان کا ہے کہ تین کو جب پانچ مین
ضرب دیجیے پندرہ ہوتے ہین مگر مستعمل فقط چھہ ہین اُنکی بیتین یہ ہین م اشعر یا لبکر انشر وا
لی کلیبا + یا لبکر این این الفرار و × عروض و ضرب ہر دو سالم است ؔ پہلا شعر جو متن مین لکھا
ہے عروض اور ضرب اُسمین دونون سالم ہین یعنی فاعلاتن ترجمہ یہ ہے اے قبیلہ بکر میری فریاد کو
پہونچو اور بھیجو میری طرف کلیب کو اے قبیلہ بکر کہان ہے کہان ہے مفر کلیب با لضم و فتح لام تصغیر کلب

اور نام ایک مرد کا کہ اسکو کلیب بن وایل کہتے ہین منتخب سے تقطیع یہ ہے یا لبکرن فاعلاتن انشروا فاعلن لی کلیبن فاعلاتن یا لبکرن فاعلاتن این ای فاعلن تلفرار و فاعلاتن م ب شعر لا یغرن امرأ عیشہ ٭ کل عیش صائر للزوال ٭ عروض محذوف وضرب مقصور است ت دوسرا شعر یہ ہے جو متن مین لکھا ہے عروض اسکا محذوف ہے یعنے فاعلن اور ضرب اسکی مقصور ہے یعنے فاعلان معنی شعر کے یہ ہین چاہیے کہ فریب نہ دے آدمی کو زندگانی اسکی اسواسطے کہ ہر عیش نقل کرنے والا ہے طرف زوال کے صیر بالفتح گشتن ومیل دادن منتخب سے تقطیع یہ ہے لا یغررن فاعلاتن مرأن فاعلن عیشہو فاعلن کلل عیش فاعلاتن صایرن فاعلن لززوال فاعلان م ج شعر اعلموا انی لکم حافظ ٭ شاہدا ما کنت او غائبا ٭ ہر دو محذوف اندت تیسرا شعر جو محقق نے لکھا عروض اور ضرب اسکی دونون محذوف ہین یعنی فاعلن معنی یہ ہین جانو تم بتحقیق مین واسطے تمہارے نگہبان ہون حاضر ہون مین یا غائب تقطیع یہ ہے اعلموان فاعلاتن نے لکم فاعلن حافظن فاعلن شاہدن ما فاعلاتن کنت او فاعلن غایبن فاعلن م و شعر انما الزلفاء یاقوتتہ ٭ اخرجت من کیس دہقان ٭ عروض محذوف وضرب ابتر است ت چوتھا شعر جو متن مین لکھا ہے عروض اسکا محذوف ہے یعنے فاعلن اور ضرب اسکی ابتر ہے یعنے فعلن بسکون عین معنی اسکے یہ ہین نہین ہے زن زلفا مگر ایک یاقوت کہ نکلی ہے کیسہ رئیس قریہ سے یعنے غیر مستعمل ہے تقطیع اسکی یہ ہے اننم زل فاعلاتن فاء یا فاعلن قوتتن فاعلن اخرجت من فاعلاتن کیس د فاعلن قانی فعلن م ہ شعر للفتی عقل یعیش بہ ٭ حیث تہدی ساقہ قدمہ ٭ ہر دو مخبون محذوف اندت شعر پانچوان جو محقق علیہ الرحمہ نے لکھا ہے عروض اور ضرب دونون مخبون محذوف ہین یعنے فعلن بتحریک عین ترجمہ یہ ہے واسطے جوان کے عقل ہے کہ زندگی کرتا ہے ساتھ اسکے جسطرح رہبری کرتی ہے پنڈلی اسکی اسکے قدم کی یعنے اسکی عاقبت بینی کام آتی ہے اور ہدایت کرتی ہے عواقب امور کی مصرع مرد آخر بین مبارک بندہ ایست ٭ تقطیع اسکی یہ ہے للفتا عق فاعلاتن لن یعی فاعلن شبہی فعلن حیث تہدی فاعلاتن ساقہو فاعلن قدمہ فعلن م د شعر رب نار بت ارمقہا ٭ تقضم الہندی والغارا ٭ عروض مخبون محذوف ست وضرب ابترت چھٹا شعر جو متن مین لکھا ہے عروض مخبون محذوف ہے یعنے فعلن بتحریک عین اور ضرب ابتر یعنے فعلن بسکون

یعنی معنی یہ ہین اکثر آگ کو وقت رات کے دیکھتا تھا مین کہ توڑتی تھی عود ہندی کو اور غار کو یعنی تونگر تھا مین اور غار خوشبودار درخت ہے تقطیع یہ ہے رب بنار ن فاعلاتن بت تارفاعلن سقھا فعلن تقصل ہین فاعلاتن دی یول فاعلن غار فعلن هم وبعضی مشطور رو داشتہ اند اما خلیل نیاورده است ت اور بعضون نے یہ بحر مشطور روا رکھی ہے یعنی مربع اور خلیل نہین لایا ہے جیسے یہ بیت یا لبکر لاتنشرو ٭ لیس ذا حین دنی ٭ تقطیع یا لبکرن فاعلاتن لاتنشرو فاعلن لیس ذاحی فاعلاتن تن دنا فاعلن اور زجاج نے اسکو رمل مجزو محذوف الضرب والعروض قرار دیا ہے هم وبطریق زحاف خبن وکف و شکل درارکان دیگر بکار دارند ومیان نون فاعلاتن والف فاعلن معاقبہ باشد ت اور بطریق زحاف کے خبن یعنی فعلاتن اور فعلن اور کف یعنی فاعلات اور شکل یعنی فعلات آتا ہے صدر اور ابتدا اور حشو مین سوا عروض وضرب کے اور عروض وضرب کا بیان پہلے ہو چکا اور درمیان نون فاعلاتن کے اور الف فاعلن کے معاقبہ ہے یعنی یا دونون ثابت رہین گے یا ایک ان دونون مین گریگا مثلاً فاعلات فعلن اس بحر مین نہ آئیگا هم اما در پارسی بتکلف بر قیاس دیگر بحرهای ایشان در وافی عروض وضرب هر دو مذال یا هر دو سالم یا مختلط وعروض سالم وضرب مخبون یا مقطوع و هر دو مخبون یا هر دو مقطوع یا مختلط و در مجزو هر دو سالم وعروض سالم وضرب مقصور و هر دو مقصور یا محذوف یا مختلط وعروض محذوف یا مخبون محذوف وضرب مخبون محذوف یا ابتر بکار داشتہ اند و امثلہ آورده و مشطور هم بکار داشتہ اند واز همہ بطبع نزدیکتر وافی بود و هم سالم بر ینگونہ بیت باده برگیر ای صنم زود برداروبزن ٭ چند خواهی خورد غم دور کن از دل حزن ٭ ت وا فارسی مین بتکلف موافق اور بحور عرب کے وافی مین عروض اور ضرب دونون مذال یعنی فاعلان یا دونون سالم یعنی فاعلن یا مختلط یعنی ایک جگہ فاعلن اور ایک جگہ فاعلان اور عروض سالم یعنی فاعلن اور ضرب مخبون یعنی فعلن یا مقطوع یعنی فعلن اور دونون عروض وضرب مخبون یعنی فعلن یا دونون عروض وضرب مقطوع یعنی فعلن یا مختلط یعنی ایک جگہ فعلن اور ایک جگہ فعلن اور مجزو مین دونون سالم یعنی فاعلاتن اور عروض سالم یعنی فاعلاتن اور ضرب مقصور یعنی فاعلان اور دونون مقصور یعنی فاعلان یا دونون محذوف یعنی فاعلن یا مختلط یعنی ایک جگہ فاعلن اور ایک جگہ فاعلان اور عروض محذوف یعنی فاعلن یا مخبون محذوف یعنی

له جو زحاف کہ عروض مین واقع ہون وہ ضمن مین بھی ہوتی ہین ۱۲

فعلن بتحریک عین اور ضرب مخبون محذوف یعنے فَعِلن بتحریک عین یا ابتر یعنے فعلن بسکون عین
استعمال کیا ہے اور مثالین اُنکی لائے ہین اور مشطور یعنے مربع کا بھی استعمال کیا ہے اور سب
سے موافق طبع وافی ہے اور سالم بھی بیت اسکی مثال کی مرقومہ متن ہے بادہ زدن اُس مین بمعنی شراب
نوشیدن ہے اور حزن بفتحتین اور بالضم بمعنی اندوہ منتخب اور کشف اور غیاث سے تقطیع یہ ہے
باد برگی فاعلاتن ری صنم فاعلن زود بردا فاعلاتن رو بزن فاعلن چند خا ہے فاعلاتن خرد غم
فاعلن دور کن از فاعلاتن دل حزن فاعلن هم وہمہ ارکان مخبون نیز گفتہ اند وہم از دیگران بہتر بود
برنیگونہ بیت زلبانت پسرا بیکے بوسہ چرا ✿ نکنی شاد مرانہ بترسی زخدا ت اور سب ارکان
مخبون بھی کہے ہین اور یہ بھی اور وزنون سے بہتر ہے مثال متن مین ہے زلبانت یعنی از لبہاے
خود تقطیع یہ ہے زلبانت فعلاتن پسرا فعلن بیکے بو فعلاتن سہ چرا فعِلن نکنی شا فعلاتن د مرا
فعِلن بترسی فعلاتن زخدا فعِلن هم ومشطور این بحر از بہر آنکہ برمل نزدیکتر بود خوش آید برینگونہ
بیت یکرہ ای بید اد گر ✿ لطف کن در ما نگر ✿ ت اور مشطور اس بحر مین یعنی مربع بسبب اسکے
کہ رمل سے نزدیکتر ہے خوشنما ہے تقطیع بیت مثال مرقومہ متن کی یہ ہے یکرہ ای بی فاعلاتن
داد گر فاعلن لطف کن در فاعلاتن ما نگر فاعلن هم مقلوب طویل مفاعیلن فعولن چہار بار بود بہرامی
از فرالاوی شاعر نقل کردہ است کہ او درین بحر شعر گفتہ است و یک بیتش این است بیت
نگاری دلربائی ربود از من دل من ✿ من بیدل چگونہ از دو بوسہ ستانم ت مقلوب طویل مفاعیلن
فعولن چار بار ہے بہرامی نے فرالاوی شاعر سے نقل کی ہے کہ اُسنے اس بحر کے وافی مین شعر
کہے ہین ایک بیت اُسکی یہ ہے جو محقق علیہ الرحمہ نے لکھی تقطیع یہ ہے نگاری دل مفاعیلن
ربائی فعولن ربود ز من مفاعیلن دلی من فعولن منی بیدل مفاعیلن چگونہ فعولن از دو بوسہ مفاعیلن
ستانم فعولن سب ارکان سالم ہین هم و بر مجزو اخرب بیتی ہم از شعر اُو این است شعر یہ نور جہان سیہ
و تنگ است ✿ تا با شمن آن بت بجنگ است ت اور وزن مجزو اخرب مین بھی فرالاوی کی
بیت ہے جو متن مین لکھی ہے شمن بفتحتین بمعنی بت پرست برہان اور سراج اور غیاث سے اشارہ
طرف عاشق کے کہ معشوق پرست ہوتا ہے معنی بیت کے یہ ہین کہ جہان روشن میری آنکھون مین
سیاہ اور تنگ ہے جب سے مجھ عاشق سے وہ بُت یعنے معشوق لڑا ہے ش شمن بمعنی ہیچو من

تم کلامہ ظاہرا یہ معنی مصنوعی ہین تقطیع بیت کی یہ ہے پر نور مفعول جہاں فعول بہو تنگست مفاعیلان
تا باش مفعول مناہبت فعولن بجنگ است فعولان صدر اور ابتدا اخرب ہے اور عروض مسبغ اور ضرب
مقصور اور حشو مصراع اول مقبوض ہم وبرین قیاس در دوانی و مجزو مسبغ و معری و مختلط ذکر کردہ و در
مجزو محذوف و مقصور و مختلط و ہمچنین اخرب و مکفوف ست اور اسی قیاس پر دوانی مین یعنی مثمن
مین اور مجزو مین یعنی مسدس ہین مسبغ یعنی فعولان اور مفاعیلان اور معری یعنی فعولن اور مفاعیلن
اور مختلط یعنے کہین مسبغ اور کہین سالم کا ذکر کیا ہے اور مجزو مین یعنے مسدس مین محذوف یعنے
فعولن اور مقصور یعنے فعولان اور مختلط یعنے کہین فعولن اور کہین فعولان کا ذکر کیا ہے اور اسیطرح
اخرب یعنے مفعول اور مکفوف یعنے مفاعیل صدر اور ابتدا مین لایا ہے ہم اما در عرب و عجم از کسے دیگر
شعرے برین بحر معلوم نشدہ است ت محقق علیہ الرحمہ نے یہ عبارت بعد بیان مزاحفات
کے لکھی ہے مطلب یہ کہ عرب اور عجم مین اور کسی سے کوئی بیت مزاحفات مین اس بحر کی
نہین سنی گئی صاحب حاشیہ اس مطلب کو نہ سمجھا اور یہ حاشیہ لکھا ح قولہ اما در عرب و عجم آہ بیشتر
ازین اشعار امرء القیس برین بحر نقل کردہ شد پس حصر و تتبع مصنف علام ناتمام است تم کلامہ
پس دونون شعر کہ رسائل امرء القیس سے سابق لکھی گئی سالم ہین نہ مزاحف ہم بسیط ہم از بحر ہا ے
تازیان است و اصلش در دائرہ مستفعلن فاعلن چہار بار بود و او را سہ عروض و پنج ضرب است
و بر شش وزن مستعمل است دو وافی و چہار مجزو و ابیات این ست ت بسیط بھی بحر تازی ہے
اور اصل اُسکے دائرے مین مستفعلن فاعلن چہار بار ہے اور اُسکے تین عروض یعنی مخبون اور
سالم اور مقطوع اور پانچ ضربین یعنی مخبون اور مقطوع اور مذال اور سالم اور مقطوع ثانی یعنی وافی مین
مقطوع فاعلن سے فعلن ہے اور مجزو مین مقطوع مستفعلن سے مفعولن ہے پس یہ دو ضربین
ہوئین کہ دو وزن ہین اگرچہ علت ایک ہے صاحب حاشیہ اس مطلب کو بھی نہ سمجھا اور یہ حاشیہ
لکھا ح قولہ پنج ضرب یعنی مخبون و مقطوع و مذال و سالم و مخبول تم کلامہ پس مخبول اس بحر مین
کوئی ضرب نہین مگر ایجاد بندہ اور چھہ وزنون پر مستعمل ہے ہرچند از روی احتمالات عقلی کے
پندرہ وزن ہوتے ہین کہ تین کو جب پانچ مین ضرب دیجیے پندرہ ہون مگر چھہ استعمال
مین ہین دو وافی اور چار مجزو بیتین یہ ہین ہم اشعر یا حائر لا ارین منکم بدا ابیتہ ❊

لم یلقہا سوقۃ قبلی ولا ملک * عروض وضرب ہر دو مخبون ست ت پہلا شعر جو مرقومہ متن ہے
عروض اور ضرب دونون مخبون ہین یعنی فعلن بتحریک عین معنی شعر کے یہ ہین ای حارث چاہیے
کہ نڈالا جاؤن مین تم سے اُس بلا مین کہ نڈالا گیا ہو اُس مین کوئی بازاری قبل میرے اور نہ
نہ بادشاہ اور مراد بلا سے ہجو ہے یعنے تم باعث اسکے نہو کہ مین ہجو تمہاری کرون ایسی کہ کسی نے
کبھی نہ کی ہو تقطیع یہ ہے یا حار لا مستفعلن ارمین فاعلن منکم بہا مستفعلن بتین فعلن لم یلقہا مستفعلن سوقتن
فاعلن قبلی ولا مستفعلن ملکو فعلن ہم ب شعر قد اشہد الغارۃ الشعواء تحملنی * جرداء معروقۃ
اللحیین سرحوب * عروض مخبون ضرب مقطوع است واین ہر دو بیت از وافی است ت
دوسرا شعر جو مرقومہ متن ہے عروض اُسکا مخبون یعنی فعلن بتحریک عین اور ضرب مقطوع یعنے
فعلن بسکون عین ہے معنی یہ ہین کہ بتحقیق حاضر ہوتا ہون مین تاراجہاے متفرقہ مین درحالیکہ
اُٹھاتی ہے مجکو اسپ مادہ کم مو خشک کلہ اور دراز یہ تینون عرب مین صفات اسپ ہین تقطیع
یہ ہے قد اشہد ل مستفعلن غارتش فاعلن شعواء تح مستفعلن ملنی فعلن جرداء مع مستفعلن روقتن
فاعلن لحیین سر مستفعلن حوبو فعلن اور یہ دونون بیتین وافی ہین ہم ج شعر انا ذممنا علی ما خیلت
سعد بن زید و عمرا من تمیم * عروض سالم وضرب مذال است ت تیسرا شعر جو مرقومہ متن ہے
عروض اُسکا سالم یعنی مستفعلن اور ضرب مذال یعنی مستفعلان معنی یہ ہین بتحقیق کہ ہجو کی ہے ہمنے
اوپر اس بات کے کہ خیال کیا معشوقہ نے سعد ابن زید اور عمر کا کہ قبیلہ بنی تمیم سے ہے تقطیع
اُسکی یہ ہے اننا ذمم مستفعلن نا علا فاعلن ماخی لیت مستفعلن سعد بن زی مستفعلن دو عم فاعلن
رمن تمیم مستفعلان ہم د شعر ماذا وقوفی علی ربع عفا * مخلولق دارس مستعجم * عروض وضرب
سالم ندت ت چوتھا شعر جو مرقومہ متن ہے عروض اور ضرب دونون سالم ہین یعنی مستفعلن معنی
یہ ہین شاعر بتحسر کہتا ہے کیا ہی توقف میرا اُس مکان پر کہ خالی ہے معشوقہ سے اور کہنہ
اور خاموش حالات معشوقہ سے تقطیع یہ ہے ماذا وقو مستفعلن فی علی فاعلن ربعن عفا مستفعلن
مخلولقن مستفعلن دارسن فاعلن مستعجمی مستفعلن ہم ہ شعر سیروا معا انما میعادکم * یوم الثلثاء
بطن الوادی * عروض سالم اور ضرب مقطوع است ت پانچوان شعر جو مرقومہ متن ہے عروض
اُسکا سالم یعنے مستفعلن اور ضرب مقطوع یعنے مفعولن معنی یہ ہین سیر کرو تم یکجا ہو کر سوا اسکے

نہین ہے کہ وعدہ تمہارا روز سہ شنبہ کو ہے مقام خاص مین یا صحرا مین تقطیع یہ ہے سیر و معن مستفعلن
انتما فاعلن میعاد کم مستفعلن یو مثلا مستفعلن ثا ءبط فاعلن نلوادی مفعولن ھم وشعر ما ہیج
الشوق من اطلال + اصحت قفار اکوحی الواحی + عروض وضرب ہر دو مقطوع عند و این چہار
مجزو است و این بیت آخر را مخلع خوانند ف چھٹا شعر جو مرقوم متن ہے عروض اور ضرب دونون
مقطوع ہین یعنی مفعولن یعنی یہ ہین کونسی چیز ہیجان مین لائے میرے شوق کو دیکھنے سے آثار
خانہاے معاشیق کے کہ خالی ہوئے ہین مثل مکتوب کاتب کے دلالت ہین اوپر لکھنے والے کے
یا مثل حروف اور نقطہاے متفرقہ کے تقطیع یہ ہے ما ہی یجش مستفعلن شوق من فاعلن اطلالن
مفعولن اصحت قفا مستفعلن رن کوح فاعلن یلواحی مفعولن یہ چارون بیتین مجزو ہین اور اس
بیت آخر کو یعنی مقطوع العروض والضرب کو مخلع کہتے ہین وکذا فی المفتاح مراد یہ کہ اصطلاح
اہل عروض مین اس وزن کا بسیط مین مخلع نام ہے خواہ آخر مین مفعولن مقطوع ہو خواہ فعولن
مخبون مقطوع اور بعضے فعولن کو مستفعلن سے مخلع کہتے ہین ھم و در دیگر ارکان مخبون بکار دارند
و در مستفعلن مطوی مخبون بکار دارند و عروض و ضرب مقطوع را مخبون روا دارند تا بر وزن فعولن آید
ف اور سوا عروض وضرب کے مجنون استعمال کرتے ہین یعنے مفاعلن مثال مخبون شعر
لقد خلت حقب صروفہا عجب + فاحدثت غیرا و عقبت دولا + معنی یہ ہین کہ بتحقیق گذرے
زمانے کہ گردشین انکی جاے عجب ہین پس پیدا کیے تغیرات اور عقب مین چھوڑین دولتین
تقطیع یہ ہے لقد خلت مفاعلن حقبن فعلن صروفہا مفاعلن عجبو فعلن فاحدثت مفاعلن
غیرن فعلن وعقبت مفاعلن دولا فعلن سب ارکان مخبون ہین اور مستفعلن مطوی کو مخبون
کرکے استعمال کرتے ہین یعنی مفتعلن کو فعلتن کرکے استعمال مین لاتے ہین مثال مطوی مخبون
کی کہ اسکو مخبول کہتے ہین شعر وزعموا انہم لقیہم رجل + فاخذوا مالہ وضربوا عنقہ +
وزن اسکا فعلتن فاعلن فعلتن فعلن ہے صدر اور ابتدا اور حشو مخبول ہے اور عروض اور ضرب
مقطوع کو مخبون روا رکھتے ہین کہ مفعولن بروزن فعولن آتا ہے مثال مخبون مقطوع کی شعر
اصبحت والشیب قد علانی + یدعو حثیثا الی الخضاب + معنی یہ ہین صبح کی مین نے اور
پری مجھپر دوڑی درحالیکہ بلاتی ہے ازروے برانگیختگی کے طرف خضاب کے تقطیع یہ ہے

اَصبَحتُ وہُن مستفعلن شَیب قد فاعلن عَلاَنی فعولن یَدعُو حَتیَ مستفعلن تَنَ الَلّ فاعلن خِضَابِی فعولن هم و دیگر وزنی آمده از مجزو و در شواذ که خلیل نیاورده و آن این است که شعر اِنَّ شُوَاَرَّ وَنشوَة * خَبَبَ البَاذِلِ الاُمُونِ * عروض مخبون اخذ است وضرب مخبون مقطوع ست اور ایک وزن اور شاذ آیا ہے کہ خلیل اُسکو نہین لایا ہے شعر اُسکا مرقومۂ متن ہے عروض اُسکا مخبون اخذ ہے یعنے فَعَل اور ضرب مخبون مقطوع ہے یعنے فعولن معنی یہ ہین تحقیق کہ کباب اور نشہ اور دوڑنا شتر نہ سالہ اور ناقہ قوی خلقت کا اور خبر اسکی بیت آخر مین ہے تقطیع یہ ہے اِنَّ شُوَ مفتعلن ان وَنُش فاعلن وتن فَعَل وَخَبَبُ فَعِلَتُن بَاذِلِ فاعلن اموُنی فعولن اور وہ بیت آخر یہ ہے بیت مِنَ لَذّةِ العَیشِ وَالفَتیٰ * لِلدَّهرِ وَالدَّهرُ ذُو فُنُونِ * معنی ظاہر ہین هم و اما در پارسی بتکلف در وافی بر عروض مذال یا معری یا ضرب مذال و یا ضرب سالم و عروض سالم با ضرب مخبون مذال یا ضرب مذال و یا ضرب مخبون و با ضرب اعرج و یا ضرب مقطوع و عروض مخبون معری و مذال یا ضرب مخبون مذال و عروض مخبون با ضرب هم مخبون یا اعرج یا مقطوع و در مجزو بر عروض معری و مذال یا ضرب مذال و عروض سالم یا ضرب سالم و اعرج و مقطوع و عروض اعرج یا مقطوع با ضرب هم اعرج یا مقطوع امثله آورده اند و درین دو ضرب اخیر خبن هم بکار دارند تا با وزن فعولان یا فعولن آید ست اما فارسی مین بہ تکلف وافی مین شعر کہے ہین اسطرح پر کہ عروض مذال یعنے فاعلان یا معری یعنی فاعلن ساتھ ضرب مذال یعنے فاعلان یا ضرب سالم یعنے فاعلن کی اور عروض سالم یعنے فاعلن ساتھ ضرب مخبون مذال یعنی فعلان یا ضرب مذال یعنے فاعلان و یا ضرب مخبون یعنی فعلن یا ضرب اعرج یعنے فعلان یا ضرب مقطوع یعنی فعلن کے اور عروض مخبون معری یعنے بدون اذالت فعلن اور مذال یعنی فعلان بتحریک عین ساتھ ضرب مخبون مذال یعنے فعلان بتحریک عین کے اور عروض مخبون یعنے فعلن بتحریک عین ساتھ ضرب مخبون یعنے فعلن بتحریک عین یا اعرج یعنے فعلان بسکون عین یا مقطوع یعنے فعلن بسکون عین کے اور مجزو مین عروض معری بدون اذالہ یعنے مستفعلن اور مذال یعنی مستفعلان ساتھ ضرب مذال یعنے مستفعلان کے اور عروض سالم یعنی مستفعلن ساتھ ضرب سالم یعنی مستفعلن اور اعرج یعنے مفعولان اور مقطوع یعنے مفعولن کے اور عروض اعرج یعنے مفعولان یا مقطوع یعنی

مقطوع یعنی

مفعولن ساتھ ضرب اعرج یعنے مفعولان یا مقطوع یعنی مفعولن کی مثالین انکی لائے ہین اور ان
دونون ضربون اخیرین یعنی مفعولان اعرج اور مفعولن مقطوع مین خبن بھی استعمال کیا ہے کہ
بروزن فعولان یا فعولن لائے ہین هم و قومی پندارند که مخلع اسم فعولن است که فرع مستفعلن است
در بسیط مجزو و نه چنان است بل مخلّع اسم وزنی است از بسیط مجزو که عروض و ضربش مقطوع باشد
خواه مخبون خواه غیر مخبون ؁ اور ایک قوم گمان کرتی ہے کہ مخلع اسم فعولن کا ہے مستفعلن سے
بسیط مجزو مین اور ایسا نہین ہے بلکہ مخلّع نام وزن کا ہے بسیط مجزو سے کہ عروض اور ضرب اسمین
مقطوع ہو خواہ مخبون یعنے فعولن خواہ غیر مخبون یعنے مفعولن اور سکاکی نے بھی یہی کہا ہے مگر
بدون تعمیم پس ایسے وزن کا نام مخلع ہے بسیط مجزو مین هم و بپارسی شاید که همه ارکان مخبون
بکار دارند یا هر چه فاعلن بود مخبون بود و بس و شاید که هر دو مستفعلن مطوی بود و چنان بهتر که هر
زحافی که استعمال کنند در همه مواضع آن قصیده مطرّد بود مگر تسکین اوسط در مفتعلن و فعِلن که آن
هر جائی که خواهند شاید مثال وافی عروض و ضرب سالم شعر از عشق آن بیوفا افتاده ام در بلا ؛
هرگز نگوید مرا برخیز و یکدم بیا ؁ اور پارسی مین چاہیے کہ سب ارکان مخبون مستعمل کرین
یا کہ جہان فاعلن ہو مخبون ہو جاے اور بس یعنی فعِلن پس یہ وزن ہوگا مستفعلن فعِلن مستفعلن
فعِلن اور چاہیے کہ دونون مستفعلن مطوی ہون یعنی مفتعلن پس یہ وزن ہوگا مفتعلن فاعلن
مفتعلن فاعلن اور بہتر یہ ہے کہ جو زحاف استعمال کرین قصیدے مین ہر جگہ وہی لائین مگر
تسکین اوسط مفتعلن اور فعِلن مین جس جگہ کرین زیبا ہے مثال وافی عروض اور ضرب سالم
کی شعر جو مرقومۂ متن ہے تقطیع اسکی یہ ہے از عشق ا مستفعلن نبیوفا فاعلن افتادام مستفعلن
در بلا فاعلن هرگز نگو مستفعلن ید مرا فاعلن برخیز یک مستفعلن دم بیا فاعلن مطرّد بضم میم و تشدید
طا ء مفتوح و کسر را مستقیم و بریک و تیره شونده و عقب یکدیگر شونده منتخب در صراح اور غیاث سے
هم و اگر عروض و ضرب مخبون کنند آن بهتر که فاعلن همه جا مخبون بود بر نیگو نه شعر کردم زرد سے
صفا منزل بکوی وفا ؛ دیدم نگار مرا جای شگرف و چه جا ؁ اور اگر عروض اور ضرب کو مخبون
کرین بہتر یہ ہے کہ فاعلن سب جگہ مخبون ہو جیسا کہ شعر مرقومۂ متن مین ہے اور لفظ مرا اسمین
بمعنی خود را ہے تقطیع اسکی یہ ہے کردم زرو مستفعلن ی صفا فعِلن منزل بکو مستفعلن می وفا فعِلن

دیدم نگا مستفعلن رمرا فعلن جا ہی شکر مستفعلن ف چجا فعلن ہم مثال مجزو سالم شعر برستمند ی
کمن چندین ستم ٭ کو بر بنیا و رد و از عشق تو دم ٭ ت مثال مجزو سالم کی جو مرقومہ متن ہے اور معنی
اُس شعر کے یہ ہین ایسے عاشق غمگین پر ستم نکر کہ اُس نے تیرے عشق سے دم نہین مارا
یعنی اظہار عشق نہین کیا تقطیع اُسکی یہ ہے برستمن مستفعلن دی کمن فاعلن چندی ستم مستفعلن
کو بر بنیا مستفعلن و ردا ز فاعلن عشقی تدم مستفعلن بعضی نسخون مین بجای بر بنیا و بند بر نمی آرد ہی پس
دونون صحیح ہین مُستمند بالضم اندوہگین اور غمگین مجازاً بمعنی حاجتمند اور یہ مرکب ہے مُست
بالضم اور مند سے مُست بمعنی غم و اندوہ اور مند بمعنی صاحب اور خداوند کذا فی البرہان اور خیابان
مین لکھا ہے کہ مستمند بالضم حاجتمند اور مُست بمعنی حاجت ہے غیاث سے ہم مثال مخلع مخبون
شعر گشتم بدرد از تو من نگارا ٭ آن بہ کہ یکرہ کنی مدارا ت مثال مخلع مخبون کی جو مرقومہ متن ہے
مخلع بسیط مجزو مین وزن مقطوع الضرب والعروض ہے یعنے مفعولن جیسا کہ کہا گیا اور جب
مفعولن مقطوع کو مخبون کرین فعولن ہوا اور لفظ یکرہ شعر مذکور مین بمعنی یکبار ہے معنی شعر کے
یہ ہین غلطان ہوا مین بسبب درد کے یا ہوا مین صاحب درد تیرے عشق مین ای معشوق بہتر یہ
ہے کہ ایکبار کرے تو صلح اور مہربانی تقطیع یہ ہے گشتم بدر مستفعلن د از تمن فاعلن نگارا فعولن آن بہ کیک
مستفعلن رہ کنی فاعلن مدارا فعولن صاحب حاشیہ نے لفظ گشتم کو بکاف تازی مضموم پڑھا اور
یہ لکھا ح معنیش آنکہ کشتم خود را یا کشتہ شدم از درد بسبب تو ای نگار تم کلامہ اور صاحب شرح نے
اُس سے اعتراض بجا کیا مگر اپنے معنی اس تکلف سے لکھے جو سمجھ مین نہ آئین ش صاحب میزان الافکار
گوید معنیش اینکہ کشتم خود را یا کشتہ شدم از درد بسبب تو ای نگار تم کلامہ این معنی در بطن قائل
است و از الفاظ شعر ہرگز پیدا نیست اولاً معروف را مجہول شمار کردن معلوم نیست کہ از کجا
قانون پیدا گشتہ و اگر معروف گویند لفظ خود را از طرف خود بیا میزند تا معنی خیز گردد و حال آنکہ گشتم
بکاف فارسی فعل ناقص است کہ اسم و خبر میخواہد و ضمیر متکلم منفصل خواہ متصل اسم است و لفظ بدرد کہ
ظرف است متعلق بلفظ مبتلا شود و آن خبر گشتم باشد و حقیقت این است کہ از لطف معنی رو گرفتن
و در پی تکلف رفتن از خوبی فہم معنی آفرین است الحق کہ بر قائل آن صد آفرین است تم کلامہ
ہم مثال مخبون بیت چرا ہمی بت من ہمی نگردد ٭ بیک دو بوسہ ہمی غم از دلم نبرد ٭

ت مثال سب ارکان مخبون کی جیسا کہ بیت مرقومۂ متن ہے تقطیع یہ ہے چرا ہمی مفاعلن بتا
من فعلن بمن نمی مفاعلن نگرد فعلن بیک دبو مفاعلن سہمی فعلن غمزدلم مفاعلن نبرد فعلن ھم مثال
مطوی از مجزو شعر دور مدارای صنم لب زلبم ٭ تا بفزاید بدل درطربم ٭ ت مثال مطوی کی مجزو سے
شعر جیسا کہ مرقومۂ متن ہے تقطیع یہ ہے دور مدا مفتعلن رای صنم فاعلن لب ز لبم مفتعلن تا بفزا
مفتعلن ید بدل فاعلن درطربم مفتعلن ھم وبا امثلہ اوزان فارسی از انجہت بتمام نمی آریم کہ درین
بحرہا در پارسی شعر یافتہ نمے شود والا مثالہای کہ بتکلف گفتہ باشند این ست بحرہای دائرہ مختلفہ
ت اور سہم مثالین اوزان پارسی کی تمام وکمال اس جہت سے نہین لائے کہ ان وزنون مین
شعر پارسی پائے نہین جاتے والا یعنے اگر پائے جاتے ہین وہ ایسی مثالین ہین کہ بتکلف کہی ہین یہ
ہین بحرین دائرہ مختلفہ کی ھم وافر ہم از بحرہای تازیان است واصلش در دائرہ مفاعلتن باشد
شش بار دور بنا ادرا دو عروض وسہ ضرب باشد و برسہ وزن آید یکی وافی ودو مجزو ابیات این است
ت یہ بحر بھی بحور تازی سے ہے اور اصل اسکی دائرے مین مفاعلتن ہے چھ بار اور استعمال
مین اسکے دو عروض یعنے سالم اور مقطوف اور تین ضربین یعنے سالم اور مقطوف اور معصوب
ہین اور تین وزنون پر آتی ہے ایک وافی اور دو مجزو بیتین یہ ہین ھم ا شعر لَنَا غَنَمٌ نُسَوِّقُهَا
غِزَارٌ ٭ كَأَنَّ قُرُونَ جِلَّتِهَا الْعِصِيُّ ٭ عروض اور ضرب ہر دو مقطوف ست واین وافی است
ت پہلا شعر جو مرقومۂ متن ہے عروض اور ضرب دونون مقطوف ہین یعنی فعولن معنی یہ ہین
ہمارے پاس گوسفند ہین کہ روان کرتے ہین ہم انکو بہت سا دودھ رکھتے ہین گویا شاخین
پرانی انکی مانند عصا کے دراز ہین غزار جمع غزیرہ کی اور جلّہ بمعنی کلان اور عصی جمع عصا کی ہے
جِلّہ بکسر و تشدید لام بزرگان منتخب سے غزارہ بالفتح بسیاری اور بہت سا دودھ کا ہونا اور
ذوق سے دریافت کرنا شیرینی کا ممکن ہے مگر معرفت انواع شیرینی کی اور اُس کی ترکیب کی اور اُس کی صلاح اور فساد کی تحقیق ذوق سے ممکن نہین هم دوم آنکه شعرہاے کہ بروزن غیر مستعمل متداول باشد و تناسب آن از بداہت نظر دور صاحب ذوق از ادراک وزن آن عاجز شود تا بمعرفت ہنر و عیب آن چه رسد و صاحب صناعت را در حال بران وقوف افتد ست وجہ دوسری یہ ہے کہ وہ شعر کہ بروزن غیر متداول اور نامستعمل ہین اور تناسب اُن کا بداہت نظر سے دور ہے صاحب ذوق اس کے وزن کے ادراک سے عاجز ہوتا ہے عیب و ہنر کے جاننے کا ذکر کیا اور صاحب صناعت فی الفور اُس سے واقف ہو جاتا ہے هم سوم آنکه تمیز میان اوزان متقارب و اکثر احوال بر اصحاب ذوق ملتبس باشد و اگر ادراک کنند از بیان آن عاجز باشد و بر عروضی نه چنین بود مثال اوزان متقارب از فارسی این بیت ست بیت عاقل از عیش تلخ حازم گردد باشد ایمن ہر آنکه غافل گردد ✤ اگر لام عاقل را تحریک نه کنند و ہمزه اظہار کنند وزن ترانه باشد از ہزج و اگر تحریک کنند با اظہار ہمزه منسرح باشد و اگر ہمزه در لفظ نیارند خفیف باشد و ہمچنین قیاس در مصراع دوم ست وجہ تیسری یہ ہے کہ تمیز اوزان متقارب کی یعنے جو بحرین کہ قریب اُن کے وزن ہین اکثر صاحب ذوق پر ملتبس ہوتی ہے اور اگر دریافت کرتا ہے اُس کے بیان سے عاجز ہوتا ہے اور عروضی کے نزدیک کچھ مشکل نہین ہے مثال اوزان متقارب کی فارسی مین جو مرقوم متن ہے اُس مین حازم بہ معنے ہوشیار ہے حزم سے پس اگر لام عاقل کو تحریک نکرین اور ہمزه کو اظہار کرین وزن ترانے کا ہو ہزج سے یعنے بروزن مفعولن فاعلن مفاعیلن فع اور اگر لام عاقل کو تحریک کرین ساتھ اظہار ہمزه کے منسرح ہو یعنے بروزن مفتعلن فاعلات مفعولن فع اور اگر ہمزه کو تلفظ مین نلائین خفیف ہو یعنے بروزن فاعلاتن مفاعلن مفعولن اور یہی صورت ہے مصرع دوم کی هم مثال دیگر از تازی این است شعر قد کاد یقلبنی ان نزلت بسحره ✤ فوقاه من کان القلوب باسره ✤ مصرع اول محتمل است که از طویل باشد و اتلم بود و محتمل است که از کامل باشد چون بمصرع دوم آیند اگر وقاه مخفف گویند معلوم شود که کامل ہست و اگر مشدد گویند

معلوم شود کہ طویل است ت اور مثال دوسری تازی مین بیت ہے جیسا کہ شعر مرقومۂ متن
سے معنے اُس کے یہ ہین تحقیق کہ جسوقت لغزش کی میرے دل نے بسبب اُس کے جادو کے
پس نگاہ رکھا اُس کو اُس نے کہ قلوب سب کے اُس کے حکم مین ہین یعنے خدا تعالے
نے مصراع اول محتمل ہے طویل سے ہو اور اثلم ہو یعنے بروزن فعلن مفاعیلن فعول مفاعلن
اور محتمل ہے کہ کامل سے ہو یعنے بروزن مستفعلن مستفعلن متفاعلن اور جب مصرع دوم پر
آئین اگر وقاہ کو مخفف بدون تشدید کہین معلوم ہو کہ کامل ہے بروزن متفاعلن مستفعلن
متفاعلن اور اگر مشدد کہین معلوم ہو کہ طویل ہے بروزن فعولن مفاعیلن فعول مفاعلن م
ویکے از افاضل عالم کہ در علوم متبحر بود در اثنائے بیان مسئلہ چند از عروض خواستہ است کہ
این بیت را تقطیع کند شعر مَنْ رَاَی یَوْمَنَا وَیَوْمَ بَنِیْ التَّیْمِ ۞ اذا التَفَّ حَنِیْفُہٗ یَقْدِمُہٗ ۞ گفتہ
است از منسرح است و اصل منسرح مستفعلن فاعلاتن مستفعلن مسدس واو در مفاعلن
کہ از مستفعلن مخبون شدہ خرم کردہ فاعلن شد و این ناجائز و رکن اول کہ مستفعلن بودہ مخبون
مفاعلن شدہ و ازین غافل بودہ کہ اینجا اسقاط میم روا نبود چہ خرم در وتد بود و این میم جزوے از
سبب است و فاعلن بہیچ وجہ از فروع مستفعلن نتواند بود اگر اول بیت من راے بودے چنان
بودے کہ او گفت اما چون بدین وجہ است از بحر خفیف از وزن دوم است و آن فاضل بزرگتر
از انست کہ امثال اینمعنے بروے پوشیدہ ماند الا آنکہ اعتماد بر ذوق کردہ و در صناعت مہارتے تمام نداشتہ
سہوے چنین کردہ ت اور ایک شخص نے افاضل عالم سے کہ علوم مین متبحر تھا اثنائے بیان
مسائل عروض مین چاہا کہ اس بیت کی تقطیع کرے جو مرقومۂ متن ہے معنے اُسکے یہ ہین کس نے
دیکھا ہے روز جنگ میرا اور بنی تیم کا جسوقت کہ گرمی اُسدن کی پیش آئی اُسکو اور کہا کہ منسرح
سے ہے بروزن فاعلن فاعلات مفتعلن مفتعلن فاعلات مستفعلن اور رکن اول کہ مستفعلن تھا کہ خبن
مفاعلن ہوا اور بخرم فاعلن اور اس سے غافل تھا کہ اس جگہ اسقاط میم مفاعلن روا نہین
ہے اسواسطے کہ خرم وتد مین آتا ہے اور یہ میم ایک جزو سبب ہے اور فاعلن کسی وجہ سے فروع
مستفعلن سے نہین ہو سکتا اگر اول بیت مَن رَاٰی ہوتا بروزن مفاعلن ہوتا اُسکا کہنا ٹھیک ہوتا
اسواسطے کہ خبن اسجگہ البتہ جائز ہے لیکن چو اس وجہ پر ہے کہ اول بیت من راے بوزن

فاعلن ہے بحر خفیف سے وزن دوم ہے یعنے بروزن فاعلاتن مفاعلن فعلاتن مفاعلن
فاعلن کسواسطے کہ وزن دوم خفیف مین عروض سالم اور ضرب محذوف ہے اور خبن
اس مین سب جگہ جائز ہے ح یعنے فاعلاتن مفاعلن فعلاتن مفاعلن فعلاتن مفاعلن مفتعلن
فعالن اور وہ فاضل بزرگتر اُس سے ہے کہ ایسے معنے اُس پر پوشیدہ رہین مگر یہ کہ
اعتماد ذوق پر کیا اور صناعت یعنے فن عروض مین مہارت تمام نرکھتا تھا سہوا ایسا کیا
ہم و من یکے از ادبا را دیدم کہ قصیدہ دراز برا اول وزن طویل گفتہ بود و یک بیت درمیانہ
بروزن سوم افتادہ خواستم کہ اورا وقوف دہم چون در صناعت بصیرتے نداشت ادراک
نکرد تا بعد از مدتے کہ بذوق ادراک کرد اصلاح آن بیت بکرد و آن این ست شعر
تَحَمَّلَ جِیرَانِی فَمَا لِیَ جِیرَانُ * وَبَانَ رُقَادِی لایُعَرِّجُ اِذْ بَانُوا * مَتیٰ نَلْتَقِی اَمَّا مَنَازِلُ اَہْلِہَا
فَبِالْبَصْرَۃِ وَاَمَّا مَنْزِلِی فَعُمَانُ * و بعد ازان باضمار کرد — اور مین نے ایک
شخص کو ادیبون سے دیکھا کہ قصیدہ دراز وزن اول طویل مین کہا تھا عروض مقبوض
یعنے مفاعلن اور ضرب سالم یعنے مفاعیلن اور ایک درمیان کی بیت وزن سوم طویل مین
واقع ہوئی تھی عروض مقبوض اور ضرب محذوف یعنے فعولن چاہا مین نے کہ اُس کو آگاہ
کرون جو صناعت مین بصیرت نرکھتا تھا ادراک نکرتا تھا یہان تک کہ بعد ایک مدت کے
کہ بسبب ذوق کے دریافت کیا اُس بیت کی اصلاح کی بیتین مرقومہ متن مین معنے اُسکے
یہ ہین کہ محمل باندھا میرے ہمسایون نے بس نہین ہین ہمسایے میرے اور دور ہوا
خواب میرا کہ رجوع نہین کرتا ہے جسوقت سے جدا ہوئے ہین ہمسایے کب ملاقات کرونگا
مین اُنکی لیکن منازل اُن کے اہل کے بصرے مین ہین و اما منزل میری پس عمان ہے
مصرع اول بروزن فعول مفاعیلن فعول مفاعیلن ہے مصرع ثانی بروزن فعول مفاعیلن
فعول مفاعیلن ہے مصرع ثالث بروزن فعولن مفاعیلن فعول مفاعلن ہے مصرع
رابع بروزن فعولن مفاعیلن فعول فعولن ہے بعد اُس کے بجاے فعمان فبا ضمان
بنایا تا ضرب مصراع اخیر کی مفاعیلن ہوئی شبہہ نہو کہ عروض مین قبض لازم ہے اور
یہان عروض بیت اول مین سالم اسواسطے کہ لزوم قبض کا بیت غیر مصرع مین ہے

اور مصرع مین عروض تابع ضرب ہوتا ہے ۞ چہارم آنکہ عادم ذوق را طریق تحصیل تمیز
میان نظم ونثر جز عروض نبود واین فائدہ تمام ست باآنکہ اعتقاد من آنست کہ اگر کسے را
در مبدء فطرت ذوق نباشد ممکن باشد کہ بملکۂ عروض اورا اکتساب ذوقے حاصل شود و
این معنے در خویشتن مشاہدہ کردہ ام این ست تمامی سخن در عروض واللہ اعلم واللہ
ولی التوفیق ست وجہ چوتھی یہ ہے کہ ناواقف ذوق کو راہ حاصل کرنے تمیز کی درمیان
نظم اور نثر کے سوا عروض کے نہین ہے اور یہ فائدہ تمام ہے باوجودے کہ اعتقاد میرا
یہ ہے کہ اگر کسی کو ابتدائے فطرت مین ذوق نہو ممکن ہے کہ بسبب ملکہ عروض اسکو
ذوق حاصل ہوجاے اور ملکہ بہ معنے کیفیت راسخہ ہے اور یہ بات مین نے اپنی ذات
مین مشاہدہ کی ہے یہ ہے تمامی سخن کی عروض مین واللہ اعلم واللہ ولی التوفیق
۞ فن دوم در علم قافیہ وآن دہ فصل ست فصل اول در حد قافیہ واقسام آن
اسم قافیہ باشد کہ بر تتمہ قصیدہ یا بر تمامی یک بیت از قصیدہ اطلاق کنند وآن بطریق
توسع ومجاز باشد ست اسم قافیہ یعنے قافیہ جس کا نام ہے اُس کو کبھی اواخر ابیات
قصیدہ پر اطلاق کرتے ہین اور کہتے ہین کہ اس قصیدہ کے اواخر مین یہ قافیہ ہے
اور یہ کہنا بطریق توسع اور مجاز ہے اور من قبیل اطلاق جزو ہے کل پر جیسے اطلاق
کلمے کا مجموع اشہد ان لا الہ الا اللہ اشہد ان محمد رسول اللہ علیاً ولی اللہ پر یا تمامی
ایک بیت قصیدہ پر اطلاق کرتے ہین اور کہتے ہین کہ اس بیت مین یہ قافیہ ہے اور یہ
کہنا بھی بطریق توسع اور مجاز ہے کسواسطے کہ حقیقت مین قافیہ بدون دو بیتون کے
ظاہر نہین ہوتا اور قافیے کو قفو سے لیا ہے بمعنے پیروی یعنے قافیہ پیرو آخر بیت ہے
یا شاعر پیروی اُس کی کرتا ہے اور بنا نظم کی اُس پر ہے اور تتمہ آخر ہر چیز غایت ست
۞ و باشد کہ کلمات متشابہ را کہ در اواخر ابیات باشد قوافی خوانند وآن از جہت اشتمال آن
کلمات باشد بر قافیہ ست اور کبھی کلمات متشابہ کو جو آخر بیت مین واقع ہوتے ہین قافیہ
کہتے ہین کسواسطے کہ اُن کلمون مین حرف قافیہ شامل ہوتا ہے مثل گوہر اور اختر
کے کہ اُن مین را حرف روی شامل ہے پس لفظ گوہر اور اختر کا ہما اواخر ابیات مین

قافیہ ہین یہی ہے مذہب اخفش کا ہم و باشد کہ حرکت را کہ اصل قافیہ باشد وآن را حرف روے خوانند چنانکہ بعد ازین گفتہ شود قافیہ خوانند ست اور کبھی ایک حرف کو کہ اصل قافیہ ہے اور اُس کو روی کہتے ہین جیساکہ بعد اسکے کہا جائیگا قافیہ کہتے ہین یہ مذہب ابو علی قطرب اور ابو العباس کا ہے کذا فی المفتاح معلوم ہو کہ یہان تک باب قافیہ مین تین مذہب ہوئے ایک یہ کہ مثلاً دنیہ اور گو ہر مین حرف روی قافیہ ہے دوسرا یہ کہ مجموع لفظ اختر اور گوہر قافیہ بسبب شمول حرف روی کے ہے تیسرا یہ کہ مجموع یہ دونون قافیہ ہین اور آخر قصیدہ یا قصیدہ یا آخر بیت مین بطریق توسع اور مجاز اور قسم اول یہی ہے ہم و خلیل و قومے از علماے عرب کہ نظرے دقیق تر کردہ اند در تعریف قافیہ گفتہ اند قافیہ عبارت است از مجموع حرکات و حروفے کہ از حرف ساکن آخر بیت باشد تا حرفے ساکن کہ برو مقدم بود یا حرکتے کہ پیش از ساکن مقدم بود مثلاً در صاحبا و کاتبا مجموع دو الف و دو حرف کہ میان ایشان است و حرکت آن دو حرف و حرکت صاد یا کاف ست اور خلیل نے اور ایک قوم علماے عرب نے نظر دقیق تر کی ہے کہ قافیہ عبارت ہے مجموع حرکات اور حروف سے کہ حرف ساکن آخر بیت سے حرف ساکن تک کہ اُس ساکن آخر پر مقدم ہو ساتھ اُس حرکت کے کہ اُس ساکن اول پر مقدم ہو مثلاً صاحبا اور کاتبا مین دو الف ساکن اول و آخر اور دو حرف متحرک جو درمیان اِن دو الفون کے ہین اور حرکتین اُن کی اور حرکت صاد کی صاحبا مین یا حرکت کاف کی کاتبا مین مجموع قافیہ ہے ح یا حرکتے کہ پیش از ان آہ و این کلام صریح است درینمعنی کہ حرف ماقبل ساکن اول خارج از قافیہ نزد خلیل است اما از بیان سکاکی در مفتاح و صاحب خزرجیہ چنان معلوم میشود کہ آن حرف نیز داخل قافیہ است چہ عبارت سکاکی این است ہی عند الخلیل من آخر حرف فی البیت الی اول ساکن یلیہ مع المتحرک الذی قبل الساکن وقال الخزرجی من المتحرک قبل الساکنین الی انتہا تم کلامہ فلا ہر ہے کہ جب حرکت داخل ہوئی وہ حرف کہ جسپر یہ حرکت ہے خارج نہین [illegible] حرکت سے کہ دونون لازم اور ملزوم ہین بلکہ کلام خلیل مین مراد متحرک سے حرکت

اس کی ہے کہ حرکت بحرف نہیں ہوتی ہم و اگر در آخر بیت مثل کار دو ساکن بود قافیہ مجموع
آن دو ساکن و حرکت ماقبل ایشان باشد ست اور اگر آخر بیت دو ساکن ہون قافیہ
مجموع وہ دو ساکن اور حرکت ماقبل ان دو ساکنون کی ہے ہم بنا بر این تعریف قوافی را
قسمت کردہ اند بر پنج قسم و ہر یک را لقبے دادہ اند ازین وجہ کہ میان دو ساکن آخر خالی
نبود انکہ یا چہار متحرک بود یا سہ متحرک یا دو متحرک یا یک متحرک یا ہیچ متحرک نبود و پنج
قسم دیگر غیر ازین اقسام ممکن نباشد اول را متکاوس خوانند دوم را متراکب و سوم را
متدارک و چہارم را متواتر و پنجم را مترادف و لفظ سبکرف مشتمل بر حروف اواخر این القاب
است ست اور بحیثیت اس تعریف اخیرہ کے قوافی کو تقسیم کیا ہے پانچ قسمون پر اور ہر ایک کا
ایک لقب مقرر کیا ہے اسطرح کہ درمیان دو ساکن آخر کے یا چار متحرک ہونگے جیسے الاٰ
فجرین کہ بعد الف ساکن کے جو بعد لام کے ہے با اور فا اور جیم اور یا چارون متحرک ہین یا
تین متحرک ہونگے جیسے آلوحشی نزل ہین کہ بعد واو ساکن کے شا اور نون اور زاے معجمہ
تینون متحرک ہین یا دو متحرک ہونگے جیسے فیہا جزع ہین کہ بعد الف ساکن کے جیم اور زال
معجمہ دونون متحرک ہین یا ایک متحرک ہوگا جیسے سائل اور قائل ہین در صورت سکون
آخر بعد الف ساکن کے ایک متحرک ہے یا کوئی متحرک نہوگا جیسا کہ عال و قال ہین بسکون
آخر اول کو متکاوس کہتے ہین اور تکاوس بمعنے انبوہ کردن ہے منتخب سے ہے اور دوسرے
کو متراکب کہتے ہین اور تراکب بمعنے در ہم نشستن ہے منتخب سے اور تیسرے کو متدارک
کہتے ہین اور تدارک بمعنے دریافتن ہے منتخب سے اور چوتھے کو متواتر کہتے ہین اور تواتر بمعنے
پے در پے شدن ہے غیاث سے اور پانچوین کو مترادف کہتے ہین اور ترادف بمعنے در پس یکدیگر
نشستن ہے منتخب سے اور کوئی قسم سوا ان پانچ قسمون کے اور ممکن نہین ہے کسواسطے
کہ تازی مین چار متحرکون سے زیادہ جمع نہین ہوتے اور متحرک چہارم بطریق زحاف
کے آتا ہے جیسے فَعِلَتُن مین اصلی نہین ہوتا اور لفظ سبکرف مین حروف آخر ان القاب
کے شامل ہین یعنے سین متکاوس کا اور با متراکب کی اور کاف متدارک کا اور رے
متواتر کی اور فے مترادف کی ہم و بدانکہ درین تعریف و قسمت نظرے واجب ست چہ باشد کہ

متناول این تعریف کل شود برانچه در قافیه معتبر باشد مثلا درین بیت [illegible] قد جبر الدین
الاله فجبر که بموجب تعریف مذکور قافیه مجموع شش حرف و پنج حرکت باشد از آخر بیت
و نه چنان است چه درین جز حرف را و حرکت ماقبل او بیش معتبر نیست و همچنین درین
بیت که گفته اند شعر اذا کان یا الموت نازل قافیه بموجب تعریف مذکور مجموع پنج حرف و چهار
حرکت آخرین باشد و درین بیت شعر یا لیتنی فیها جذع مجموع چهار حرف و سه حرکت
آخرین باشد و چنان است چه در هر یک یک حرف و یک حرکت بیش معتبر نیست اور معلوم
ہو کہ اس تعریف اور تقسیم مین تکرار و تداخل واقع ہے اس واسطے کہ جو چیز کہ قافیے مین معتبر
نہین ہے وہ کبھی اس تعریف مین داخل ہو جاتی ہے مثلاً بیت اول مین جو مرقومہ متن
ہے معنے اس کے یہ ہین تحقیق کہ کامل کیا دین کو خدا نے پس کامل ہوا اور جبر لازمی اور متعدی
دونون طرح پر آیا ہے پس اس بیت مین قافیہ بموجب تعریف مذکور کے مجموع چھ حرف
یعنے الف ساکن کہ بعد لام الہ کے ہے اور ہا اور فا اور جیم اور با اور راے ساکن جو آخر مین ہے
اور پانچ حرکتین یعنے حرکت لام کی جو قبل الف الہ کے ہے اور حرکت ہا اور حرکت فا اور
حرکت جیم اور حرکت با ہین اور ایسا نہین ہے یعنے یہ مجموع چھ حرف اور پانچ حرکتین
اس جگہ قافیے مین معتبر نہین ہین بلکہ اس مقام مین فقط حرف را اور حرکت ماقبل قافیے
مین معتبر ہے اور بس کس واسطے کہ تشبیہ سے مین قافیہ فجبر کا نظیر ہوگا نہ لاہ فجبر و شاہ فطر
ح یعنے از حرکت ہمزہ الہ تا حرکت ہاے فجبر تمام کلمہ فاعل اور اسی طرح بیت ثانی جو
مرقومہ متن ہے معنے اس کے یہ ہین کہ نہین ہے تنگ موت سے کہ موت آنے والی ہے
پس اس بیت مین بھی قافیہ بموجب تعریف مذکور کے مجموع پانچ حرف یعنے واو اور تا
اور نون اور زا اور لام اور چار حرکتین یعنے حرکت میم کی جو قبل واو کے ہے اور حرکت تا اور
حرکت نون اور حرکت زا معجمہ ہے اور اسی طرح بیت ثالث مین جو مرقومہ متن ہے
معنے اسکے یہ ہین کاشکے ہوتا مین اسوقت مین جوان اور معنے تفصیلی اسکے رجز مین بیان ہوئے
پس اس بیت مین بھی قافیہ بموجب تعریف مذکور کے مجموع چار حرف یعنے الف جو فیہا مین
ہے اور جیم اور ذال معجمہ اور عین اور تین حرکتین یعنے حرکت ہا جو قبل الف فیہا کے ہے اور حرکت

جیم لی اور حرکت ذال معجمہ لی اور ایسا نہین ہے یعنے شعر ثانی مین پانچ حرف اور چار حرکتین
اور شعر ثالث مین چار حرف اور تین حرکتین معتبر نہین ہین بلکہ دونون شعرون مین ایک حرف
اور ایک حرکت فقط معتبر ہے اسواسطے کہ قافیہ نزل کا اجل ہوگا نہ موت نزل اور موت
تجمل اور قافیہ جذع کا ورع ہوگا نہ یا جذع دبا ورع هم واما قسمت مذکور اگر بہ طریق
منع خلو کنند یعنے قافیہ ازین اقسام خالی نباشد صحیح بود اما اگر بطریق منع جمع کنند صحیح
نبود چہ اگر شعر مثلاً بر بحر بسیط مجزو یا رجز باشد و رکن آخر در بیتے مخبول و در یک بیت
مطوی و در سوم سالم یا مخبون باشد قافیہ در یک قصیدہ ہم متکاوس و ہم متراکب و ہم
متدارک باشد و اگر بر بحر کامل باشد و رکن اخروی وقتے مخزول و وقتے سالم یا مضمر
یا موقوص قافیہ ہم متراکب و ہم متدارک باشد ست واما قسمت مذکورہ اگر بطریق منع خلو
کرین یعنے کوئی قافیہ ان پانچ قسمون سے خالی نہ ہوگا یہ تقسیم صحیح ہوگی لیکن اگر قسمت بطریق
منع جمع کرین یعنے یہ پانچون قسمین ایک قصیدے مین جمع نہ ہونگی تو یہ تقسیم صحیح نہوگی
اسواسطے کہ اگر شعر مثلاً ایک قصیدے مین بروزن بسیط مجزو ہو اور وزن بسیط مجزو
یہ ہے مستفعلن فاعلن مستفعلن یا بروزن رجز ہو اور وزن رجز یہ ہے مستفعلن مستفعلن
مستفعلن اور رکن آخر یعنے رکن عروض و ضرب ایک بیت مین مخبول باجتماع خبن و
طے یعنے فعلتن اور دوسری بیت مین مطوی یعنے مفتعلن اور تیسری بیت مین سالم یعنے
مستفعلن یا مخبون یعنے مفاعلن ہو قافیہ ایک قصیدے مین ہم متکاوس ہوگا بروزن فعلتن
اسی قبیل سا کن و ہم متراکب بروزن مفتعلن و ہم متدارک بروزن مستفعلن خواہ مفاعلن
اور اگر شعر مثلاً ایک قصیدے مین بروزن بحر کامل ہوگا اور وزن بحر کامل کا یہ ہے متفاعلن
متفاعلن اور رکن آخر بیت کا کبھی مخزول یعنے مفتعلن اور کبھی سالم یعنے متفاعلن یا مضمر
یعنے مستفعلن یا موقوص یعنے مفاعلن قافیہ ہم متراکب ہوگا بروزن مفتعلن و ہم متدارک
ہوگا بروزن متفاعلن خواہ مستفعلن خواہ مفاعلن ہم بعد ازین تقریر کنیم و گوئیم اگر کسے خواہد
کہ تعریف قافیہ کند بوجہے کہ بتحقیق نزدیک تر بود بدینوجہ باید گفت کہ قافیہ عبارت است
از مجموعے کہ مؤلف باشد از حرفے یا حروفے کہ واجب باشد کہ در کلمات متشابہ کہ در اواخر

ابیات یا مصراعہا بود مکرر یا در حکم مکرر باشد بسبب اصطلاح و اواخر [illegible]
میان آن حروف و از حرکات کہ تعلق بآن حرف یا بآن حروف داشتہ باشد بیت بو
اسکے تقریر کرین ہم اور کہین ہم کہ اگر کوئی چاہے کہ تعریف قافیے کی کرے اس طرح کہ
تحقیق سے نزدیکتر ہووین لکھنا چاہیئے کہ قافیہ عبارت ہے اُس مجموع سے جو مؤلف
ہو ایک حرف سے مثل روی کے جیسے لفظ قمر مین حرف را ہے کہ اس مین حرف را
مع حرکت ماقبل قافیہ ہے یا مؤلف ہو حروف سے اور مراد حروف سے تاسیس اور ردف
اور روی اور وصل اور خروج ہے کہ واجب ہو یہ بات کہ کلمات متشابہ مین جو اواخر
ابیات واقع ہون یا اواخر مصاریع واقع ہون مکرر آئین یا حکماً مکرر آئین بسبب اصطلاح قید اواخر
ابیات کی اس لیے ہے تا قصیدے اور غزلین اور قطعے سوا مطلعون کے شامل ہو جائین
اور قید اواخر مصاریع کی اس لیے ہے تا مطلع اور مثنویان اور رباعیان شامل ہو جائین اور
قید بحکم تکرار کی اسلیے ہے تا قوافی مستزاد اور فرد بھی شامل ہو جائین کہ مستزاد حکم مصرع
مین ہے اور فرد جب اس سے دوسری بیت مل جائیگی تکرار قافیہ ہو جاویگی اور
مؤلف ہو اُس حرف سے جو بمنزلہ شد واقع ہوتا ہے ان حرفون مین مثل دخیل
کے جیسے ہم اور قاف ہے کامل اور عاقل مین اور مؤلف ہو حرکات سے جو تعلق اُس
حرف روی سے یا اُن حرفون سے یعنے تاسیس اور ردف اور دخیل اور روی اور
وصل اور خروج سے رکھتے ہون ہم وفہم یعنے این تعریف بعد از معرفت حروف وحرکات
قافیہ صورت مے بندد چہ معرفت مرکب کل بے معرفت اجزاے او میسر نشود و تحقیق فرق درمیان
مذہب عرب و مذہب عجم در قافیہ ہم بعد از ان ممکن باشد و چون سبقت در علوم شعر عرب
راست ابتدا بہ بیان مذہب عرب کنیم درین فن واللہ اعلم ت اور سمجھنا اس تعریف
کا بعد سمجھنے حروف اور حرکات قافیہ کے ممکن ہے اسواسطے کہ فہم مرکب کا بدون فہم اجزا کے
میسر نہین ہوتا اور فرق مذہب عرب و عجم بھی بعد اسکے معلوم ہو سکتا ہے اور جو سبقت شعر
مین عرب کو ہے لہذا بیان مذہب عرب سے ابتدا کرتے ہین ہم واللہ اعلم فصل دوم در بیان
حروف و حرکاتیکہ اجزاے قافیہ باشد بر مذہب عرب حروف قافیہ نزدیک جمہور شش است

روی وسه حرف که بروے مقدم باشد وآن تاسیس ودخیل وردف است ودو حرف که
از روے متاخر باشد وآن وصل وخروج باشد ت فصل دوسری بیان حروف وحرکات
ہین کہ اجزاے قافیہ ہین نزدیک عرب کے حروف قافیہ کے نزدیک جمہور کے چھ
ہین اول روی اور تین حرف کہ روی پر مقدم ہوتے ہین وہ تاسیس اور دخیل اور ردف
اور دو حرف کہ روی سے موخر ہوتے ہین وہ وصل اور خروج ہے م اما حرف روی حرفے
است مکرر کہ بناے قافیہ بروے است وہر قصیدہ کہ بقافیہ منسوب باشد نسبتش بحرف روی
کنند مثلاً قصیدہ را کہ ضرب وسلب قافیہ باشد بائی خوانند وقصیدہ را کہ حل ورحل قافیہ باشد
لامی خوانند پس با ولام درین دو قافیہ روی باشد ت اما روی ایک حرف ہے
کہ مکرر آتا ہے اور بنا قافیے کی اُس پر ہوتی ہے اور جو قصیدہ کہ منسوب ہوتا ہے ساتھ
ایک قافیے کے نسبت اُس قصیدے کی ساتھ حرف روی کے کرتے ہین مثلاً قصیدہ
جس مین ضرب اور سلب قافیہ ہو اُسکو بائی کہتے ہین اور جسمین حل اور رحل قافیہ ہو اُس کو
لامی کہتے ہین پس ضرب وسلب مین بے روی ہے اور حل اور رحل مین لام روی
ہے اور ضرب بمعنے زدن اور سلب بمعنے ربودن اور بست کردن اور حل بفتح اول وسکون
ثانی بمعنے برداشتن اور رحل بالفتح بمعنے کوچ کردن چاروان لغت غیاث سے اور روی
بفتح اول اور کسر واو اور تشدید یا ہے اور فارسیون نے بہ تخفیف استعمال کیا ہے
بمعنے سیراب اور تازہ اور نام حرف اصلی قافیے کا ہے کہ مدار قافیے کا اُس پر ہے
لطائف اور منتخب سے اور رسالہ عطائی مین لکھا ہے کہ روی کو رواسے لیا ہے اور
روا لغت مین وہ رسن ہے جس سے بار شتر باندھتے ہین پس گویا اس حرف سے
ابیات برہم بستہ ہین اور کہہ سکتے ہین کہ روی لغت مین برہم تابندہ ہے پس جیسا کہ
بٹنے والا رسی کا رسی کو بٹتا ہے اور اُس کے اجزا کو جمع کرتا ہے یہ حرف بھی اجزاے
ابیات کو جمع کرتا ہے کذا فی الغیاث اور روی کو بیان مین اور حرفون پر مقدم کیا
اس واسطے کہ یہ حرف اصلی ہے قافیے مین اور قافیہ محض روی سے بدون اور حرفون
کے ہو سکتا ہے اور اور حرفون سے قافیہ بدون روی کے نہین ہو سکتا م و حرف مقدم

بروی اما تاسیس الفے باشد کہ میان ان وروی حرفے حرف بود چنانکہ الف در حامل و جاہل و اما دخیل آن حرف متحرک بود کہ میان تاسیس وروی باشد مانند میم و ہا در حامل و جاہل و اما ردف حرفے از حروف مد باشد کہ میان او وروی ہیچ حرف نبود مانند الف در ساروا و ناروا و واو اول در سوروا و نوروا و یا در سیروا و نیروا و واو و یا چون ساکن باشد و ماقبل ایشان متحرک مخالف قومے آن را ردف شمرند و قومے نشمرند ت

اور حروف جو مقدم روی پر ہوتے ہین اُن مین ایک تاسیس ہے اور تاسیس وہ الف ہے کہ درمیان اُس کے اور روی کے ایک حرف متحرک ہوتا ہے جیسے الف حامل اور جاہل مین اور دوسرا دخیل اور دخیل ایک حرف متحرک ہے کہ درمیان تاسیس اور روی کے ہوتا ہے جیسے میم اور ہے حامل اور جاہل مین تیسرا ردف اور ردف ایک حرف ہے حروف مد سے کہ درمیان اُس کے اور روی کے کوئی حرف نہین ہوتا جیسے الف ساروا اور ناروا مین اور واو اول سوروا اور نوروا مین اور یا سیروا اور نیروا مین اور واو اور یا جب ساکن ہون اور ماقبل اُن کے متحرک مخالف ایک قوم نے اُس کو ردف شمار کیا ہے اور ایک قوم نے اُسکو ردف نہین شمار کیا ہے جیسے قول اور قیل بالفتح پس تاسیس بمعنے استوار کردن و بنیاد نہادن منتخب اور غیاث سے وجہ تسمیہ ظاہر ہے کہ الف تاسیس سے بنیاد قافیہ استوار ہے اور دخیل جو شخص کہ کسی کے کاروبار مین دخل رکھتا ہو غیاث سے اور وجہ تسمیہ ظاہر ہے کہ یہ حرف درمیان تاسیس اور روی کے داخل ہے اور ردف بکسر اول اور سکون ثانی بمعنے پس رفتن اور بمعنے درپے ہم آمدن اور پس سوار نشیندہ اور حرف علت ساکن ماقبل اُس کے حرکت موافق کہ بیفاصلہ حرف ساکن قبل روی کے داخل ہوتا ہے غیاث سے اور وجہ تسمیہ ظاہر ہے کہ یہ حرف ردیف روی ہے اور ساروا یعنے سیر کردند ناروا یعنے نفرت کردند اور سورو اور نورو صیغہ ہاے مجہول موافق اُس لغت کے کہ قول اور بوع کو مجہول قال اور باع کا کہتے ہین اور سیرو اور نوروا دونون صیغے امر کے ہین اور حروف مد یعنے حرف علت ماقبل حرکت موافق واو ماقبل مضموم الخ

ما قبل مفتوح اور یہ ہے ما قبل مکسور اور از حرکت ما قبل مخالف ہو جیسے قول اور قیل
بالفتح اسمین اختلاف ہے اور قیل بالفتح پادشاہ اقیال جمع غیاث سے ہم و حروف متاخر
از روی اما وصل یا یکے از حروف مد باشد کہ بعد از روی متحرک آید چنانکہ الف در حملا و رحلا
و وا و در حملوا و رحلوا و یا در حملی و رحلی و یا حرف ہا و آن یا ساکن بود چنانکہ در حملہ و رحلہ باشد
و یا متحرک چنانکہ در حملہا و حملہوا و رحلہی و اما خروج یکے از حروف مد بود کہ بعد از
ہاے وصل متحرک باشد مانند الف در حملہا و واو در حملہو و یا در رحلہی ست اور جو حروف
کہ موخر روی سے ہوتے ہین ان مین ایک وصل ہے اور وصل یا ایک حرف
حروف مد سے ہوتا ہے کہ بعد روی متحرک کے آتا ہے جیسا کہ الف حملا اور رحلا مین
اور واو حملوا اور رحلوا مین اور یا حملی اور رحلی مین و یا وصل حرف ہا ہوتا ہے اور وہ حرف
ہا یا ساکن ہوتا ہے جیسے حملہ اور رحلہ مین و یا متحرک ہوتا ہے جیسے حملہا اور حملہوا اور
رحلہی مین اور دوسرا جو موخر روی سے ہوتا ہے خروج ہے اور خروج ایک حرف
حروف مد سے ہوتا ہے کہ بعد ہاے وصل متحرک کے آتا ہے جیسا الف حملہا مین
اور واو حملہوا مین اور یے رحلہی مین وصل پیوند و پیوستن ضد ہجر و پیوند کردن منتخب سے
اور وجہ تسمیہ ظاہر ہے کہ یہ حرف روی سے ملا ہوا ہے اور خروج بضمتین بمعنے بیرون
رفتن اور بغی شدن غیاث سے اور وجہ تسمیہ ظاہر ہے کہ بعد روی کے وصل اور بعد وصل
کے یہ حرف آتا ہے اور حملا اور رحلا دونون صیغہ تثنیہ اور حملوا اور رحلوا دونون صیغہ جمع اور
حملی اور رحلی دونون مصدر مضاف بیاے متکلم اور حملہ اور رحلہ دونون مصدر مضاف
بہاے ضمیر ہم و حروف اواخر این شش لقب درین لفظ جمع ست کہ یتسلفنج و وصل
را صلہ نیز خوانند و بعضے دخیل را از حروف قافیہ نشمرند ست اور حرف آخر ان القاب
کے اس لفظ مین جمع ہین یتسلفنج یا روی کی اور سین تاسیس کا اور لام دخیل کا
اور فا ردف کی اور پھر لام وصل کا اور جیم خروج کا اور معنے یتسلفنج کے یہ ہین کہ گذرتا
ہے دریا یا شمشیر اور وصل کو صلہ بھی کہتے ہین اور بعضے دخیل کو حروف قافیہ سے نہین
شمار کرتے بہ سبب اس کے کہ حرف غیر معین ہے ہم و بعضے دو حرف دیگر اثبات کنند

قافیہ را باعتبار این دو حرف غالی و متعدی خوانند و در مثال غالی این بیت آورند کہ
شعر و قَائِمِ الْاَعْمَاقِ خَاوِیِ الْمُخْتَرَقَنْ ✤ مُشْتَبِہِ الْاَعْلَامِ لَمَّاعِ الْخَفَقَنْ ✤ بروایتے کہ نون
ساکن در لفظ آورند بعد از قاف کہ روی است و ساکن است و باشد کہ تحریکش کنند اگرچہ وزن
بآن سبب مختل شود و آن نون را حرف غلو خوانند ت اور بعضون نے دو حرف
قافیے کے اور ثابت کیے ہین کہ قافیے کو باعتبار اُن دو نون حرفون کے غالی اور متعدی
کہتے ہین اور غالی کی مثال مین یہ بیت لاتے ہین شعر جو مرقوم متن ہے معنے اُس کے
یہ ہین یعنے بہت سے بیابان تاریک خالی چلنے والے سے مشتبہ العلامات درخشندہ
سراب قطع کیے ہین مین نے قائم سیاہ منتخب سے عمق بالفتح و بالضم و بضمتین تک جا
اور کنارہ بیابان کہ دیکھنے سے دور ہو منتخب سے مخترق چلنے والا اَعلام جمع علم بمعنے نشان
اور علامت لمع روشن ہونا اور چمکنا منتخب سے خفق ہلنا سراب کا منتخب سے پس
المخترق اور الخفق جو قافیے واقع ہوئے ہین اس بیت مین اسمین دو روایتین ہین ایک
روایت یہ ہے کہ نون ساکن تلفظ مین لاتے ہین بعد قاف کے کہ روی ہے اور ساکن
ہے اور دو نون کو ساکن پڑھتے ہین مثل دو ساکن کے آخر بیت مین اس صورت مین وزن
مختل نہین ہوتا اور دوسری روایت یہ ہے کہ فقط قاف کو آخر مین متحرک پڑھتے ہین
نون تلفظ مین نہین لاتے اس صورت مین وزن مختل ہوتا ہے کس واسطے کہ مصرع
اول بروزن مفاعلن مستفعلن مستفعلن ہے اور مصرع ثانی بروزن مفتعلن مستفعلن مستفعلن
پس جب نون کو تلفظ مین نہ لائے اور قاف کو مکسور پڑھا وزن مختل ہوا مگر یہ صورت استناد
سے خارج ہے صورت اول جسمین نون پڑھا جاتا ہے غرض اُس سے ہے اور اُس
نون کو حرف غلو کہتے ہین غالی حد سے گذرنے والا منتخب سے پس غالی نون تنوین ہے
کہ قوافی مقیدہ سے لاحق ہوتا ہے اور وہ عبارت ہے اُن قافیون سے کہ حرف روی
اُن مین ساکن غیر مدہ ہو پس غالی آخر مین مثل خرم کے ہے اول مین ہم و در مثال
متعدی این بیت آورند بیت لَمَّا رَأَیْتُ الدَّہْرَ جَمًّا خَبَلُہُو ✤ حرف صلہ ست و ساکن میباید
چون بعادت بعضے از عرب متحرک کنند و ادی تولد کنند آنرا التعدی خوانند و هر دو را

از حساب عیوب شعر شمرند که تعلق بقافیه دارد و فرق باشد میان خروج و تعدی چه آن حرف
را ایراد واجب بود و این حرف را خطا از جهت آنکه وزن مختل مے شود ت اور تعدی
کی مثال مین یہ بیت لاتے ہین جو مرقومہ متن ہے معنے اُس کے یہ ہین کہ جسوقت
دیکھا مین سے کہ زمانے نے گرم کیا فساد اپنا خطل بفتحتین سستی اور تباہ کہنا سخن کا اور گردن
پیچیدن منتخب سے پس حرف ہا صلہ بھی ساکن چاہیے مگر عادت بعض عرب کی یہ
ہے کہ اُس ہے کو متحرک کرتے ہین کہ اُس سے واو پیدا ہوتا ہے اُس کو حرف تعدی کہتے
ہین اور دونون کو یعنے غلو اور تعدی کو عیوب شعر سے شمار کرتے ہین اور یہ تعلق قافیے سے
رکھتا ہے اور فرق ہے خروج اور تعدی مین کہن واسطے کہ ایراد خروج کا واجب
ہوتا ہے کہ وہ داخل وزن ہوتا ہے اور ایراد تعدی کا خطا ہے اس جہت سے کہ وزن
مختل ہوتا ہے جیسے یہ شعر رجز مشطور بروزن مستفعلن مستفعلن مفتعلن ہے جب حرف
موصولہ متحرک اور واو پیدا ہوا وزن مختل ہوگیا م حرکات قافیه واما حرکات که
تعلق بقافیه دارد هم شش است اربعین و آن حرکت ماقبل الف تاسیس بود ب اشباع
و آن حرکت دخیل بود ج حذو و آن حرکت ماقبل ردف بود د توجیه و آن حرکت
ماقبل روی بوده مجرے و آن حرکت روی متحرک بود و نفاذ و آن حرکت ہاے وصل
متحرک بود و حرف اوایل این شش لقب درین لفظ جمع است که راحت من و قومے
رس را اعتبار نکرده اند و قومے اشباع را و درآنکه فتحت ماقبل واو و یا را که نه از حرف مد باشند
چون بجاے ردف افتد حذو خوانند یا نه خلاف است ت حرکتین قافیے کی وا ماحرکتین
کہ تعلق قافیے سے رکھتی ہین وہ بھی چھ ہین اول رس اور وہ حرکت ماقبل
الف تاسیس کی ہے جیسے حرکت حا اور جیم کی حاٰمل اور جاٰہل مین اور رس بالفتح
و تشدید السین بمعنے ابتدا ایک چیز کی منتخب سے اور یہ حرکت بھی ابتداے قافیه
مین آتی ہے دوم اشباع اور وہ حرکت دخیل کی ہے جیسے حرکت میم اور ہا کی حامل
اور جاہل مین اور اشباع بالکسر بمعنے پر خواندن و باصطلاح قافیه حرکت مابعد الف
تاسیس غیاث سے سوم حذو اور وہ حرکت ماقبل ردف کی ہے جیسے حرکت سین اور

نون کی سارو اور نورو مین اور حذو یا لفتح برابر کرنا دو چیزون کا آپس مین اور برابر کسی چیز کے ہونا منتخب سے اور چونکہ حرکت قدم بمقدم ردف کے ہے لہذا حذو نام رکھا چہارم توجیہ اور وہ حرکت ماقبل روی ساکن کی ہے جیسے حرکت فا اور شین کی فق اور شق مین اور توجیہ روگردانی اور خوب بیان کرنا منتخب سے اور نام حرکت ماقبل روی ساکن کا کذا فی الغیاث پنجم مجرے اور وہ حرکت روی متحرک کی ہے جیسے حرکت لام کی حلی اور حلہ مین رح مانند حرکت قاف در مخترقن و خفقن تم کلامہ فتامل اور مجرے جاے روان شدن اور راہ جاری جمع غیاث سے رح مسبب جریان تم کلامہ ششم نفاذ اور وہ حرکت ہاے وصل متحرک کی ہے جیسے حرکت ہا کی حلہما اور حلہی مین اور نفاذ بالفتح جاری شدن فرمان منتخب سے اور بعضون نے اسکو بدال مہملہ پڑھا ہے بمعنے تمام شدن اور حروف اوایل ان چھ القاب کے اس لفظ مین جمع ہین کہ راحت من پس را اشارہ رس کا اور الف اشارہ اشباع کا اور حا اشارہ حذو کا اور تا اشارہ توجیہ کا اور میم اشارہ مجرے کا اور نون اشارہ نفاذ کا ہے اور ایک قوم نے رس کو اعتبار نہین کیا ہے کہ وہ ہمیشہ فتحہ ہوتا ہے اور ایک قوم نے اشباع کو کہ ان کے نزدیک جیسے دخیل غیر معین ہے ویسی اُس کی حرکت بھی غیر معین ہے اور اس بات مین خلاف ہے کہ فتحہ ماقبل واو اور یا کا کہ حروف مد ہے نہون جب بمقام ردف کے واقع ہو اُس کو حذو کہین یا نہ کہین پس جو لوگ اُس حرف کو حرف مد جانتے ہین اُس حرکت کو حذو کہتے ہین اور جو لوگ حرف مد نہین جانتے اُس حرکت کو بھی حذو نہین کہتے م

فصل سوم

در احکام این حروف و حرکات ہیچ شعر مقفا از روی خالی نتواند بود شاید کہ از پنج حرف باقی خالی بود و روی اگر متحرک بود قافیہ را مطلق خوانند و اگر ساکن بود مقید خوانند و جمع تاسیس و ردف بہم ممکن نباشد اما خلو از ہر دو ممکن بود و آن قافیہ را کہ از ہر دو خالی بود مجرد خوانند پس قافیہ یا مردف بود یا موسس یا مجرد ت

فصل تیسری

احکام مین ان حرفون اور حرکتون کے کوئی شعر مقفا روی سے خالی نہین ہو سکتا ہے کہ پانچ حروف باقی یعنے تاسیس اور دخیل اور ردف اور وصل اور خروج سے خالی ہو اور روی اگر متحرک ہو

یعنے موصولہ ہو قافیے کو مطلق کہتے ہین بسبب اطلاق اور روانی کے اور اگر ساکن ہو یعنے موصولہ
نہو مقید کہتے ہین کہ آگے نہ چل سکے اور جمع ہونا تاسیس کا اور ردف کا باہم ممکن نہین
ہے کس واسطے کہ تاسیس کو فاصلہ ایک حرف کا روی سے لازم ہے اور ردف اور
روی مین کوئی حرف فاصل نہین ہوتا پس ماقبل روی یا دخیل ہوگا یا ردف جمعیت ممکن
نہین مگر خالی ہونا دونون سے یعنے تاسیس اور ردف سے ممکن ہے اور اُس قافیے کو جو
تاسیس اور ردف سے خالی ہو مجرد کہتے ہین یعنے تنہا ہے ردف و تاسیس کے ساتھ
نہین مثل قمر کے کہ را مع حرکت میم قافیہ ہے پس قافیہ یا مُردَف ہوتا ہے یا موسّس یا مجرد
ہم و بیشتر حروف کہ در یک قافیہ جمع شود پنج بود تاسیس و دخیل و روی و وصل و خروج چنانکہ در حاملہا
و امثال آن مجتمع اند و بیشتر حرکات کہ در یک قافیہ جمع شود چہار بود رس و اشباع و مجرے
و نفاذ کہ در ہمین مثال جمع اندست اور زیادہ حرف کہ قافیے مین جمع ہوتے ہین پانچ
ہین تاسیس اور دخیل اور روی اور وصل اور خروج جیسا کہ حاملہا مین اور اُس کی
امثال مین یعنے حاملوا و حاملی مین فراہم ہین پس حاملہا مین الف تاسیس کا اور
میم دخیل کا اور لام روی کا اور ہا وصل کی اور الف خروج کا اور زیادہ حرکتین کہ ایک
قافیے مین فراہم ہوتی ہین چار ہین رس اور اشباع اور مجرے اور نفاذ کہ اسی مثال مین
یعنے حاملہا مین جمع ہین پس رس حرکت ماقبل الف تاسیس ہے اور اشباع حرکت میم
دخیل ہے اور مجرے حرکت لام روی متحرک ہے اور نفاذ حرکت ہاے وصل متحرک ہے
ہم و کمتر حروف کہ در یک قافیہ افتد یکحرف بود و آن روی تنہا بود و کمتر حرکات یکحرکت بود
و آن توجیہ بود چنانکہ در قمر افتد مثلاً چون را روی ساکن بود یا مجرے چنانکہ در قمرُو افتد
ست اور کمتر حروف کہ قافیے مین ہوتے ہین ایک حرف ہوتا ہے اور وہ روی
تنہا ہے اور کمتر حرکتین کہ قافیے مین ہوتی ہین ایک حرکت ہے اور وہ توجیہ ہے
جیسا کہ لفظ قمر مین مثلاً جب رے روی ساکن ہو یا مجرے جیسا کہ لفظ قمرُو مین پس
توجیہ حرکت ماقبل روی ساکن اور مجرے حرکت روی متحرک ہے اور حاشیے مین نیچے
لفظ مجرے کے یہ لکھا ہے ح حرکت ماقبل روی متحرک ہم و اعتبار ہر یکے از تاسیس

و اردافِ و تجرید و اطلاق و تقیید در ہر قصیدہ و در ہر شعر کہ بہر یک قافیہ بود واجب باشد و تاسیس
چنانکہ گفتہ شد ہم جز الف نباشد و رس جز فتحہ نتواند بود و دخیل ہر حرفے کہ بود غیر حروف
مد شاید و اشباع نیز اصناف حرکات تواند بود و اختلاف دخیل پسندیدہ بود و اختلاف
اشباع ناپسندیدہ بود و ردف جز علت نبود و بنزدیک بیشتر اہل صنائع جز حروف
مد نشاید و اختلاف ردف ناپسندیدہ بود جز یک اختلاف و آن اختلاف بواو و یا
باشد بشرط آنکہ از حروف مد باشند و در آن صورت لا محالہ حذو مختلف باشد بضمہ
و کسرہ و در غیر آن صورت اختلاف حذو ہم ناپسندیدہ بود ست اور اعتبار کرنا
تاسیس اور ارداف اور تجرید اور اطلاق اور تقیید کا ہر قصیدے مین اور ہر شعر مین کہ
ایک قافیہ ہوے یعنے مطلع ہو واجب ہے یعنے تمام قصیدے مین قافیہ ایک طرح کا چاہیے
اور تاسیس جیسا کہ کہا ہے سوا الف کے نہین ہوتا اور رس یعنے حرکت ماقبل الف
تاسیس سوا فتحے کے ممکن نہین کہ ماقبل الف کے ہمیشہ فتحہ ہوتا ہے اور دخیل جو حرف
ہووے سوا حروف مد کے سزاوار ہے اور اشباع یعنے حرکت دخیل سب حرکتین ہوتی ہین
اور اختلاف دخیل کا ناپسندیدہ نہین ہے جیسے اختلاف میم اور ہا کا ہے حامل اور
ہاہل اور اختلاف اشباع کا یعنے حرکت دخیل کا ناپسندیدہ ہے جیسے اختلاف حرکت
ہا کا تجاہل اور جاہل مین اور ردف سوا حرف علت کے نہین ہوتا یعنے الف اور واو اور یا
اور نزدیک اکثر اہل فن کے ردف سوا حرف مد کے نہین ہے یعنے حرف مد مع حرکت
موافق مثل عماد اور عمید اور عمود کے اور بعضے قول اور قیل بالفتح کو بھی ردف جانتے ہین
اور اختلاف ردف کا ناپسندیدہ ہے سوا ایک اختلاف کے اور وہ اختلاف بواو و یا ہے
بشرطیکہ حروف مد سے ہون جیسے عمود اور عمید کہ قافیہ ان کا عربی مین درست ہے
اور اس صورت مین لا محالہ حذو یعنے حرکت ماقبل ردف مختلف ہوگی ایک جگہ ضمہ اور
ایک جگہ کسرہ اور سوا اس صورت کے اختلاف حذو کا بھی ناپسندیدہ ہے ہم و در وی
ہر حرف کہ باشد شاید الا چہار حرف کہ در یازدہ حالت نشاید و آن چہار حرف مد است و ہا
کہ حروف وصل اند و تفصیل حالتہا این است بیت اور روی جو حرف ہو سزاوار ہے

مگر چار حرف گیارہ حالتون مین ردی نہین ہوتے اور وہ چار حرف تین مدہ ہین اور ایک ہاکہ چارون حرف وصل ہین اور تفصیل گیارہ حالتون کی یہ ہو هم اما الف در پنج حالت نشاید کہ روی بود الفی کہ از اشباع حرکت حادث شود چنانکہ در لفظ الضربا و آن را الف اطلاق خوانند ب الفی کہ از جہت بیان حرکت در آخر کلمہ آید چنانکہ در لفظ انا و حیہلا ج الفی کہ بدل تنوین بود در حال وقف چنانکہ رایت زیدا، الفی کہ بدل نون تاکید خفیفہ باشد چنانکہ در اضربا کہ بدل اضربن بود ہ الف تثنیہ چنانکہ در ضربا باشدت اما الف پانچ حالتون مین نہ چاہیے کہ روی ہو اول وہ الف کہ اشباع حرکت سے پیدا ہوتا ہو جیساکہ لفظ الضربا مین ہو اور اُسکو الف اطلاق کہتے ہین دوم وہ الف کہ واسطے بیان حرکت کے آخر کلمہ مین آوے جیساکہ لفظ اَنا و حیہلا مین ہو آنا ضمیر متکلم ہو و حیہلا اسم فعل بمعنی بیا سوم وہ الف کہ بدل تنوین کے ہوتا ہو حالت وقف مین جیساکہ رایت زیدا یعنی دیکھا مین نے زید کو چہارم وہ الف کہ بدل نون خفیفہ کے ہوتا ہو جیساکہ اضربا بدل اضربن کے آتا ہو بمعنی ہر آئینہ بزن پنجم الف تثنیہ جیساکہ ضربا مین ہو هم اما یا در دو حالت نشاید کہ روی بود ا یائی کہ از اشباع حرکت حادث شود چنانکہ درین لفظ فحوملی و آن را یای اطلاق خوانند ب یای تانیث چنانکہ در قومی باشدت لیکن یا دو حالتون مین نہ چاہیے کہ روی ہو اول وہ یا کہ اشباع حرکت سے پیدا ہو جیساکہ اس لفظ مین فحوملی اور اُسکو یای اطلاق کہتے ہین حومل بالفتح اول ہر چیز اور ابر سیاہ جو بہت برسے اور سیل کہ پانی اُسکا صاف ہو اور نام ایک موضع کا ہو اور نام ایک عورت کا ہو کہ سگ مادہ کو دن بھر گرسنہ رکھتی تھی اور وہ سگ مادہ رات بھر اُسکی پاسبانی کرتی تھی یہانتک کہ اُس سگ مادہ نے مارے بھوک کے اپنی دُم کو چبا ڈالا اور کھا لیا اور یہ بات مثل ہوئی عرب کہتے ہین فلانٌ اَجوَعُ مِن کَلبَۃِ حَومَلَ منتخب سے دوم یای تانیث جیساکہ قومی مین ہو اور قومی صیغہ امر مونث کا ہو بمعنی برخیز هم واما واو در دو حالت نشاید کہ روی بود ا واوی کہ از اشباع حرکت حادث شود چنانکہ درین لفظ کہ فحوملو و آن را واو اطلاق خوانند ب واو جمع چنانکہ در ضربوا باشدت واما واو دو حالتون مین نہ چاہیے کہ روی ہو اول وہ

داو کہ اشباع حرکت سے پیدا ہو جیسا کہ اس لفظ مین کہ فخو ملو اور اُسکو واو اطلاق کہتے ہین جو کہ ملو حالت رفع مین ہی اور فا کلمہ علی احدہ دوم واو جمع کا جیسا کہ ضربوا مین ہی اور ضربوھم جمع مذکر غائب کا ہو ھم واما ہا در دو حالت نشاید اہای سکتہ چنانکہ در مالیہ و سلطانیہ باشد ب ہاے تانیث خاصتہ کہ ساکن بود چنانکہ در حمزہ و ضارہ باشد و اگر متحرک بود بعضے بکار داشتہ اند اما بغایت ناپسندیدہ باشد و تای تانیث در امثال ضربتَ و خرجتَ روا داشتہ اند کہ روی کنند اما ہم قبیح باشد و اگر متحرک کنند چنانکہ در ضربتی و خرجتی قبحش کمتر بود ت واما ہا دو حالتون مین نہ چاہیے کہ روی ہو اول ہاے سکتہ اور ہاے سکتہ وہ ہا ہی کہ آخر کلمہ مین بحالت وقف واسطے بیان حرکت اور باقی رہنے حرکت کے آتی ہی جیسا کہ مالیہ اور سلطانیہ مین دوم ہا تانیث کی علی الخصوص جسوقت کہ ساکن ہو یعنی حالت سکون مین بالاتفاق روی نہ ہوگی جیسے کہ حمزہ اور ضارہ مین اور حالت تحریک مین اختلاف ہی جیسا کہ کہتے ہین کہ اگر متحرک ہو جیسے حمزتی اور ضارتی مین بعضون نے استعمال کیا ہی لیکن نہایت ناپسندیدہ ہی اور تا تانیث امثال ضربت اور خرجت مین روا رکھی ہی کہ اُسکو روی کرین لیکن یہ بھی قبیح ہی اور اگر متحرک کرین جیسا کہ ضربتی اور خرجتی مین قبح اُسکا کم ہو جاے ھم و بدانکہ نون نیز در یک حالت نشاید کہ روی باشد و آن نون تنوین باشد و اہل صناعت ذکر آن نکردہ اند بآن سبب کہ در مقاطع سخنہا تنوین مستعمل نباشد ت اور معلوم کیا چاہیے کہ نون بھی ایک حالت مین نہ چاہیے کہ روی ہو اور وہ نون تنوین کا ہی اور اہل فن نے ذکر اُسکا نہین کیا ہی اس سبب سے کہ مقاطع سخن مین تنوین مستعمل نہین ہی بلکہ تنوین آخر شعر مین بمقام وقف حرف علت سے بدل جاتی ہی پس ذکر واو اور الف اور یا کا معنی اُس سے ہی ھم و ہر چہ غیر ازین حرفہاے مذکور باشد روا بود کہ روی باشد اما از الفات مانند الفی کہ بدل حرف اصلی بود چنانکہ در عصا و رحی و الف تانیث چنانکہ در حبلی بود و الف زائد ملحق بآخر کلمہ چنانکہ در جبارے باشد و از یاہا یای اصلی چنانکہ در یرمی و ندی باشد و یای اضافت چنانکہ در بیتے و یای نسبت چنانکہ در مکی باشد و ہمچنین واو اصلی چنانکہ در یغزو باشد و ہای اصلی چنانکہ در ہا

وعمہ باشد وہای ضمیر چنانکہ در بیتہ و بیتہا باشد واگرچہ ساکن بود ہرچند بعضے ازین از قبح
خالی نبود ست اور سوا ان حرفون کے سب حرف روا ہی کہ روی ہون لیکن الفون سے
مانند اُس الف کے جو بدل حرف اصلی کے ہوتا ہی جیسا کہ عصا اور رحی مین کہ الف بدل
یے کے آیا ہی اور عصا بمعنی چوبدستی اور رحی بمعنی سنگ آسیا کے ہی غیاث سے اور
الف تانیث کا جیسا کہ حُبلیٰ مین ہی اور حُبلیٰ بمعنی زن باردار ہی غیاث اور کنز سے اور
الف زائدہ جو ملحق ہوتا ہی آخر کلمہ سے جیسا کہ حبارٰی مین اور زائدہ ہونا اسکا باعتبار
حروف اصلیہ کے ہی اگرچہ نفس کلمہ مین داخل ہی باعتبار وضع کے حبارٰی بضم اول و
راے مہملہ والف مقصورہ بصورت یا نام ایک طائر کا ہی برابر مرغابی کے اور رنگ
اُسکا زرد اور سیاہ ہوتا ہی فارسی مین اُسکو چرز کہتے ہین شرح نصاب یوسفی اور صحاح
سے کذا فی الغیاث اور یاؤن سے یاے اصلی جیسا کہ یرمی اور ندی مین ہی یرمی رمی
سے بمعنی تیر انداختن اور ندی بمعنی انجمن اور مجلس ہی دونون لغت منتخب سے اور
یے اضافت کی جیسے لفظ بیتی مین ہی بمعنی خانہ من اور یاے نسبت جیسے مکّی مین ہی
یعنی منسوب بمکہ اور اسی طرح واو اصلی جیسا کہ یغزو مین ہی بمعنی جہاد می کند اور ہاے
اصلی بلہ اور عمہ مین بلہ بفتحتین نادان شدن منتخب سے اور عمہ بفتحتین بمعنی سرگشتگی اور
حیرانی راہ مین اور نہ جاننا حجت اور دلیل کا اور دور ہونا منتخب سے اور ہاے ضمیر جیسے
بیتہ اور بیتہا مین بیتہ یعنی گھر اُس مرد کا اور بیتہا یعنی گھر اُس عورت کا اور اگرچہ یہ ہاے
ضمیر ساکن ہو بیتہ مین تو بھی روی ہو سکتی ہی ہرچند بعضے حرف ان حرفون سے
قبح سے خالی نہین ہین یعنی انکے روی کرنے مین قباحت ہے اور وہ یاے نسبت ہی
اور یاے اضافت ہی کہ یہ مثل ضمائر اور مثل نون تثنیہ وجمع کے ہین روی کرنا انکا
قباحت سے خالی نہین اور ہاے ضمیر جو بیتہ اور بیتہا مین ہی کہ اسکا بھی روی کرنا مثل
ہاے تانیث کے نہ چاہیے سکاکی نے اسکو بتصریح لکھا ہی اور واو اصلی جیسے یغزو
مین ہی صاحب مفتاح نے لکھا ہی کہ بہت سے حروف اصلی مدات سے مثل یسری
یسرو و یسری کے اور ہاے اصلی مثل اشبہ اور اعمہ کے مانند حروف اشباعیہ کے

حرف وصل ہوتے ہین نہ روی اسکی گنجائش قصائد مین البتہ ہو م وضابطہ آن ست
کہ ہر حرف کہ بیک معنی در آخر کلمات مکرر شود مانند ضمائر و نون تثنیہ و جمع و غیر آن
اگر روی کنند از قبحی خالی نبود چہ بوجہی تکرار قافیہ باشد و در امثال آن مقید از مطلق و
مجرد از غیر مجرد قبیح تر باشد و بہترین حرفی کہ روی کنند حرف اصلی باشد کہ از جنس حرف
مد نبود ست اور قاعدہ یہ ہو کہ جو حرف بیک معنی آخر کلمات مین مکرر آتا ہو مثل
ضمائر اور نون تثنیہ اور جمع وغیرہ کے جیسے یاے نسبت ہو اگر اسکو روی کرین
قباحت سے خالی نہین کس واسطے کہ ایک وجہ سے تکرار قافیہ ہو اور ایطا اسی کو
کہتے ہین اور اس طرح کی تکرار مین مقید مطلق سے اور مجرد غیر مجرد سے قبیح تر ہو یعنے
اس ایطا کی مثالون مین ایطا روی ساکن کا ایطاے روی متحرک سے اور ایطا روی
مجرد کا ایطاے روی غیر مجرد سے یعنی مردف اور موسس سے بدتر ہو اور بہتر روی
کے واسطے حرف اصلی کلمے کا ہو کہ جنس حرف مد سے نہ ہو کس واسطے کہ حروف مد
وہی بیشتر حرف وصل ہوتے ہین اسکا بیان ہو چکا ہو م واختلاف حرف روی و
اختلاف مجری روا نبود و اختلاف توجیہ روا داشتہ اند اما از قبحی خالی نبود و بعضے
گفتہ اند اختلاف توجیہ بضم و کسر روا بود و قیاس بر ردف و حذو و غیر آن روا نبود ت
اور اختلاف حرف روی اور اختلاف مجری یعنی حرکت روی کا روا نہین ہو اور حال
اسکا عیوب مین مفصل لکھا جائیگا اور اختلاف توجیہ کا بحرکات ثلثہ روا رکھا ہو
لیکن قبح سے خالی نہین اور بعضون نے کہا ہو کہ اختلاف توجیہ کا بضم و کسر روا ہو مثلاً
قافیہ خُرم بضم ہا کا ساتھ خرم بکسر را کے کرینگے اور قیاس اسکا ہو اوپر ردف اور
حذو کے اور سوا اسکے جائز نہین یعنی جیسے قافیہ قولوا اور قیلوا کا درست ہو اور قافیہ
قولوا اور قالوا خواہ قیلوا اور قالوا کا درست نہین اسی طرح اختلاف توجیہ بھی بضم و
کسر درست ہو بضم و فتح اور بکسر اور فتح درست نہین م و حرف وصل جنکی از چہار
حرف مذکور نتوانند بود و جمع میان قافیہ موصول و غیر موصول و اختلاف حرف وصل
و اختلاف نفاذ روا نبود ست اور حرف وصل سوا ایک کے چار حرفون سے نہین

وہ تین حرف مد اسکے ساتھ یہ اور ایک یا وقف کی خواہ سکتے کی خواہ ضمیر کی جسکا بیان ہو چکا ہی اور قافیہ موصول اور غیر موصول جیسے اسبابہ اور ابواب جمع نہ ہوگا اور اختلاف حروف وصل جیسے عالموٗ و ظالمہٗ اور اختلاف نفاذ یعنی حرکت وصل جیسے عالمِہی اور ظالمہُو روا نہیں ہی ہم و حرف خروج جز یکی از حروف مد نتواند بود و اختلاف آن روا نبود و وصل و خروج نزدیک جمہور جز روی مطلق را نباشد اور حرف خروج سوا حروف مد کے نہین ہوتا اور اختلاف اُسکا مثل حَلّہا اور حَلّہُو کے روا نہین ہی اور وصل اور خروج نزدیک سب کے روی متحرک کے واسطے ہوتا ہی کس واسطے کہ جب روی ساکن ہوگی کیونکر حرف وصل سے ملیگی اور جب وصل سے نہ ملیگی خروج سے بھی نہ ملیگی کہ خروج بعد وصل کے ہوتا ہی ہم و اشتباہ میان این حروف ممکن نباشد جز میان روی و ردف یا وصل اما میان روی و ردف چنانکہ درین صورت کہ صلوٰۃ و زکوٰۃ در حرف الف چہ بوجہی الف اولی آن باشد کہ روی کنند ازان جہت کہ ہاے تانیث نشاید کہ روی باشد و بوجہی اولی آن باشد کہ ردف کنند چہ ہاے وصل بعد از روی مقید نباید ست اور شبہہ درمیان حروف قافیہ کے ممکن نہین ہی مگر درمیان حرف روی اور حرف ردف کے اور درمیان حرف روی اور حرف وصل کے آپس درمیان روی اور ردف کے جیسا کہ قوافی صلوٰۃ اور زکوٰۃ بیچ حرف الف ہی کس واسطے کہ اس الف کو ایک وجہ سے اولی یہ ہی کہ روی کرین اور ہے کو وصل کہین اس سبب سے کہ ہاے تانیث نہ چاہیے کہ روی ہو بخیال ایطا کے اور ایک وجہ سے بہتر یہ ہی کہ اس الف کو ردف کرین اور ہے کو روی کہین اس جہت سے کہ حرف وصل بعد روی ساکن کے نہین آتا اور یہان اگر الف کو روی کہین تو روی ساکن ہی ہم و درین صورت کہ عَلَاہٗ و جَاہٗ بوجہی الف اولی آن باشد کہ ردف کنند چہ درین صورت ہا ضمیر است و برای روی می باید و ضمیر نشاید کہ روی بود اما نشاید کہ ہا وصل بود از جہت سکون روی و بوجہی اولی آنکہ روی کنند چہ حرف اصلی ست و ہای ضمیر در حکم تکرار تا از قبح خالی بود چہ باتفاق امثال این قافیہ قبیح نباشد و اگر عَقَلَہٗ و عَلِمَہٗ قافیہ کنند قبیح باشد

ست اور اس صورت مین جیسے علاہ اور رجاہ ہو اور دونون مین ہاے ضمیر ہو اور ہاے
ضمیر کا حال محقق علیہ الرحمہ نے بیشتر لکھا ہو کہ بعضون نے قافیہ کیا ہو اور اسکو حکم تکرار
مین نہین جانا ہو اور پھر لکھا ہو کہ خالی از قبحی نبود یعنی بعضون کے نزدیک یہ تکرار قافیہ
ہو پس اس جگہ موافق دونون مذہبون کے لکھتے ہین کہ علاہ اور رجاہ مین ایک وجہ
سے اولی یہ ہو کہ الف کو ردف کہین اور ہے کو روی اسواسطے کہ ہے ضمیر کی ہو
اور سزاوار ہو کہ روی ہو موافق مذہب اُن لوگون کے جو اس مین تکرار نہین جانتے
اور نہ چاہیے کہ ہاے وصل ہو بسبب سکون روی کے یہ دوسری جہت ہوئی روی
قرار دینے حرف ہا کے آور ایک وجہ سے اولی یہ ہو کہ اس الف کو روی کہین
کس واسطے کہ یہ الف حرف اصلی ہو اور حرف اصلی کے ہوتے ہوے اور حرف کو
روی قرار دینا نہ چاہیے اور ہاے ضمیر حکم تکرار مین ہو موافق مذہب اُن لوگون کے
جو ہاے ضمیر کو حکم تکرار مین جانتے ہین یہ جہت دوسری ہوئی روی قرار نہ دینے حرف
ہا کے تاکہ قافیہ قبح سے خالی ہو اسواسطے کہ ایسے قافیے قبیح نہین ہین یعنی جب الف
حرف اصلی روی ہوا اور ہا وصل باتفاق اس مین قباحت لازم نہ آئی کس واسطے
کہ ہر جگہ حرف اصلی روی اور ہاے ضمیر وصل ہوتی ہو اس مین بھی وہی صورت قرار
دینا چاہیے اور اگر عقلہ اور علمہ کو قافیہ کرین قبیح ہو یعنی جن لوگون نے ہاے ضمیر کو
حکم تکرار مین نہین جانا ہو وہ قافیہ کرتے ہین مگر قباحت سے خالی نہین یعنی جن کے
نزدیک تکرار ہو وہ اسکو ایطا سمجھتے ہین صاحب حاشیہ کے ذہن مین یہ مطلب نہ آیا
لہذا یہ حاشیہ لکھا ح مخفی نماند کہ عبارت مصنف علام مشتمل بر حشو و تطویل می نماید چہ
قولہ و شاید کہ روی بود و قولہ بوجہی اولی آنکہ روی کنند مفید معنی واحد ست پس
عبارت مستحسن چنین بود کہ بوجہی الف را اولی آن باشد کہ ردف کنند چہ درین صورت
ہا ضمیر ست یعنی روی و بوجہی اولی آنکہ روی کنند چہ حرف اصلی است و ہاے ضمیر در حکم
تکرار وصل اما نشاید کہ ہا وصل بود از جہت سکون روی تم کلامہ فقاطل دوسرا حاشیہ
یہ ہو ح قولہ قبیح باشد چہ ہای ضمیر بعینہ مکرر ست و احتمال دیگر گنجائش ندارد ہچنانکہ

دریں علاہ و جباہ محتمل بود تم کلامہ محقق علیہ الرحمۃ تقبیح فرماتے ہین یعنی کسی کے نزدیک درست
اور کسی کے نزدیک نادرست نہ نادرست مطلق فتامل علا بالفتح بلندی اور نام ایک مرد کا
اور ایک موضع ہو مدینہ مین منتخب سے حجی بالکسر عقل اور زیرکی اور بالفتح کنارہ ایک
چیز کا منتخب سے م واما اشتباہ میان روی و وصل ہم دریں صورت ہا در حرف افتد
چہ بران تقدیر کہ الف ردف کنند ہا روی باشد و بران تقدیر کہ الف روی کنند ہا وصل
باشد ت واما شبہہ درمیان روی اور وصل کے بھی ان صورتون مین حرف ہا ہی صلوٰۃ
وزکوٰۃ اور حرف ہاے علاہ اور حجاہ مین پڑتا ہی اسواسطے کہ اگر الف کو ردف کہین
حرف ہا روی ہواور اگر الف کو روی کہین حرف ہا وصل ہو م وگفتہ اند ہاے وصل
جز ہاے ضمیر یا تانیث یا وقف تواند و وصل متحرک ازین جملہ جز ہاے ضمیر نباشد و
این حکم باکثر بحکم اغلب تواند بود والا اگر کسی قافیہ اسباہ و ابواہ کند و بعد از ان
نابہ بیارد کہ از نباہت مشتق باشد ہای اصلی وصل افتادہ باشد ونشاید کہ گویند کہ ہا روی
است و باد خیل والا روا باید داشت کہ اعلامہ مثلاً درین قافیہ افتد ت اور عروضیون
نے کہا ہی کہ ہاے وصل سوا ہاے ضمیر یا ہاے تانیث یا ہاے وقف کے نہین ہوتی
اور وصل متحرک ان سب سے فقط ہاے ضمیر ہوتی ہواور یہ حکم اکثر بحکم اغلب ہین والا
اگر کوئی قافیہ اسباہ اور ابواہ کا کرے اور بعد اسکے نابہ لائے کہ نباہت سے ہی
ہاے اصلی بمقام وصل ہواور نہ چاہیے کہ کہین کہ ہے روی ہواور بے دخیل ہی نابہ
ہین والا اگر ایسا ہو اعلامہ بھی اس قافیے مین آسکتا ہی کہ اختلاف دخیل کا جائز ہی
پس اس بات سے معلوم ہوا کہ وہ حکم عروضیون کے بحکم غالب ہین کلیتی نہین ہین
کس واسطے کہ نابہ مین یہان ہاے اصلی بمقام وصل پڑی ہی بناہت نام آوراور بزرگ
ہونا صراح سے اور مشہور ہونا منتخب سے کذا فی الغیاث م وبدانکہ ہر حرف یا حرکت
کہ در ہمہ قصیدہ مکرر شود غیر حروف و حرکات مذکورہ آن را بقافیہ تعلق نباشد و از
باب لزوم مالا یلزم بود کہ از قبیل صنعت ہا و ابداعہای سخن باشد و نسبت آن نظم و نثر
یکسان بود ت اور معلوم ہو کہ جو حرف یا حرکت تمام قصیدے مین مکرر ہو سوا حروف

اور حرکات مذکورہ کی اُسکو قافیے سے تعلق نہین ہی بلکہ قسم لزوم مالا یلزم سے ہو اُسکو
صنعت اور ابداع سخن یعنی ندرت سخن سے کہا چاہیے اور نسبت اُسکے نظم و نثر مین
ایک ہی قافیے سے تعلق نہین جیسے لازم کرنا حرکت دخیل کا درصورت روی متحرک کالی
اور راحلی مین کس واسطے کہ جب روی متحرک ہو تبدیل حرکت دخیل مین اختیار رہا اور اگر
کوئی لازم کرے صنعت ہی نثر ہو یا نظم **فصل چہارم** در انواع قوافی نزدیک عرب
قافیہ چنانکہ گفتیم باعتبار حال روی دو نوع بود مطلق یا مقید و باعتبار ما قبل روی
سہ نوع موسس یا مردف یا مجرد و باعتبار ما بعد روی سہ نوع موصول مخرج یا موصول
تنہا یا غیر موصول و غیر مخرج ہیں بحسب ترکیب ہیجدہ شود کہ از ضرب دو در سہ در سہ
حادث شود اما بعضی ازین مرکبات ممکن الوقوع نبود و بعضے مختلف فیہ باشد و اینچہ
متفق علیہ بود نہ نوع باشد **ت** فصل چوتھی اقسام قوافی مین جو نزدیک عرب کے
ہین قافیہ جیسا کہ کہا ہم نے باعتبار حال روی کے دو طرح پر ہی مطلق جس مین روی
متحرک ہو یا مقید جس مین روی ساکن ہو اور باعتبار ما قبل روی کے تین طرح پر ہی
موسس جس مین الف تاسیس ہو یا مردف بسکون را و تخفیف دال جس مین حرف
ردف ہو یعنی حرف علت مع حرکت ما قبل موافق یا مجرد جس مین تاسیس ردف کچھ
نہ ہو اور باعتبار ما بعد روی کے بھی تین طرح پر ہی موصول مخرج جس مین وصل اور
خروج دونون ہون یا موصول تنہا جس مین فقط وصل ہو غیر موصول اور غیر مخرج
جس مین وصل اور خروج کچھ نہ ہو اور احتمال مخرج تنہا کا ساقط ہی کہ خروج بے
وصل نہین ہوتا پس بحسب ترکیب کے اٹھارہ قسمین ہوتی ہین کہ ضرب دو سے
تین مین پھر تین مین ہوتی ہین یعنی مطلق اور مقید کو جب موسس اور مردف اور
مجرد مین ضرب دیجیے چھ ہون اور جب چھ کو موصول مخرج اور موصول تنہا اور
غیر موصول اور غیر مخرج مین ضرب دیجیے چھ تر ک اٹھارہ ہون لیکن بعض ان
مرکبات سے ممکن الوقوع نہین ہین اور بعضے مختلف فیہ ہین کہ مصنف نے
خود ان کا بیان آگے کیا ہی اور جتنے کہ متفق علیہ ہین اُن کی نو قسمین ہین ۔

نقشہ اقسام قوافی باعتبار اختلاف روی

مطلق ای متحرک	موسس مردف مجرد	موصول مخرج	موصول تنہا	غیر موصول وغیر مخرج
مقید ای ساکن	موسس مردف مجرد	موصول مخرج	موصول تنہا	غیر موصول وغیر مخرج

هم مطلق موسس موصول مخرج چنانچہ درین قافیہ کہ صاحبہا و کاتبہا ست اول مطلق موسس موصول مخرج جیسا کہ صاحبہا اور کاتبہا بین الف تاسیس اور حا اور با دونوں بین دخیل اور با روی اور ہا وصل اور الف آخر خروج ہے هم ب مطلق موسس موصول غیر مخرج چنانکہ صاحبا و کاتبا ست دوم مطلق موسس موصول غیر مخرج جیسا کہ صاحبا اور کاتبا بین الف تاسیس اور حا اور تا دونوں بین دخیل اور با روی اور الف آخر وصل ہے هم ج مطلق مردف موصول مخرج چنانکہ جمالہا و خیالہا ست سوم مطلق مردف موصول مخرج جیسا کہ جمالہا اور خیالہا بین الف اول ردف اور لام روی مطلق اور ہا وصل اور الف ثانی خروج ہے هم د مطلق مردف موصول غیر مخرج چنانکہ جمالا و خیالا ست چہارم مطلق مردف موصول غیر مخرج جیسے جمالا اور خیالا بین الف اول ردف اور لام روی مطلق اور الف دوسرا وصل ہے هم ہ مطلق مجرد موصول مخرج چنانکہ ضربہا و خطبہا ست پنجم مطلق مجرد موصول مخرج جیسا کہ ضربہا اور خطبہا بین با روی مطلق مجرد اور ہا وصل اور الف خروج ہے هم و مطلق مجرد موصول غیر مخرج چنانکہ ضربا و خطبا و این ششم نوع

مطلقات ست ت ششم مطلق مجرد موصول غیر مخرج جیساکہ ضربا اور خطبا ہین با روی مطلق مجرد اور الف وصل ہی اور یہ چھ قسمین روی مطلق کی ہین مم ز مقید مؤسّس چنانکہ قاضی وحامی ت ہفتم مقید مؤسس جیساکہ قاضی اور حامی ہین کہ الف تاسیس اور ضاد اور میم دونون ہین دخیل اور یار مثناۃ تحتانی روی مقید ہی مم ح مقید مردف چنانکہ جمال وخیال ت ہشتم مقید مردف جیساکہ جمال اور خیال ہین الف ردف اور لام روی مقید ہی مم ط مقید مجرد چنانکہ قہر وخطر واین سہ نوع مقیدات ست ت نہم مقید مجرد جیساکہ قہر اور خطر ہین را روی مقید ہی اور بس اور یہ تین قسمین روی مقید کی ہین مم وسہ نوع مطلق ممکن الوقوع نبود وآن مؤسس ومردف ومجرد باشند ہر سہ غیر موصول وغیر مخرج از جہت امتناع متحرک حرف آخر از شعرت اور تین قسمین روی متحرک کی غیر ممکن ہین اور وہ مؤسس اور مردف اور مجرد ہین تینون غیر موصول اور غیر مخرج یعنی مطلق مؤسس غیر موصول وغیر مخرج اور مطلق مردف غیر موصول اور غیر مخرج اور مطلق مجرد غیر موصول اور غیر مخرج کس واسطے کہ آخر شعر ساکن ہوتا ہی اور یہان روی متحرک بدون وصل اور خروج کے واقع ہوئی ہی پس وقوع اسکا غیر ممکن ہی مم وشش نوع مقید واقع نبود وآن مؤسس ومردف ومجرد بود ہر سہ یا موصول غیر مخرج یا موصول مخرج اما بنزدیک کسانی کہ وصل وخروج بعد از روی ساکن جائز ندارند از جہت این علت ت اور چھ قسمین روی ساکن واقع نہین ہوتین اور وہ مؤسس اور مردف اور مجرد تینون موصول غیر مخرج یا موصول مخرج لیکن نزدیک اُن لوگون کے جو وصل اور خروج بعد روی ساکن کے جائز نہین رکھتے واسطے اسی علت کے یعنی بسبب عدم جواز وصل وخروج بعد روی ساکن کے مم وامانزدیک کسانی کہ جائز دارند ازین شش دو نوع ممکن الوقوع نبود وآن مقید مردف موصول غیر مخرج بود از جہت توالی سہ حرف ساکن در روی یعنی ردف و روی ووصل ت وامانزدیک اُن لوگون کے کہ وقوع وصل وخروج کا بعد روی ساکن کے جائز رکھتے ہین ان چھ قسمون سے دو قسمین ناممکن ہین اور وہ اول مقید مردف موصول

غیر مخرج بسبب برابر آنے تین حرف ساکن کے ممتنع ہین اور وہ تین حرف ساکن یعنی ردف اور روی
اور وصل اسواسطے کہ جب روی مقید ہوئی ساکن ٹھہری اور ردف خود عبارت حرف ساکن سے
ہی اور وصل کہ آخر شعر مین ہو لامحالہ ساکن ہوگا پس وقوع اس صورت کا ناممکن ہی هم
ب مقید مردف موصول مخرج از جہت توالی دو ساکن در غیر مقطع شعر دآن ردف و روی
بود کہ بر وصل متحرک سابق باشند ت اور دوسری صورت ناممکن مقید مردف موصول
مخرج ہی بسبب برابر آنے دو ساکن کے غیر آخر شعر مین اور وہ ردف ساکن اور روی
ساکن ہو کہ وصل متحرک سے پہلے واقع ہونگے اور دو ساکن سوا آخر شعر کے درمیان مین
نہین آتے پس یہ صورت بھی ناممکن ٹھہری هم و چہار نوع باقی ممکن بود باین تفصیل اول مقید
موسس موصول مخرج چنانکہ لم تخاطبہا ولم تراقبہا و کسانی کہ انکار این نوع کنند تکرار
